ایمان تفصیلی ہی بجا ہی جو دمستقل ہے نہ مانند اون انبیاء علیہم السلام کی کہ جنکا کچھ ذکر
قرآن وحدیث مین نہین سوای اس قسم کی الفاظ کی مانند حتی نوح نبی مثل ما اوتی رسل اللہ
مجموعاً مجملاً مطابق مضمون آمنت باللہ ورسلہ کی مجموعاً مجملاً ذیل وجیل مین زمرہ جمیع انبیاء
کی بلا تفصیل ہو جانا جاہی کہ ایمان اجمالی عبارت ہی ایمان بالتفصیل سی بنسبت جمیع انبیاء
قطعی الثبوت کی نہ ظنی الثبوت کی تا کہ غیر نبی کو شامل ہو اور وہ غیر نبی داخل ہوا ور
کوئی رہ نہ جاوی حالانکہ یہ خواتم ستہ غیر قطعی الثبوت مین نزد زاعمین ہی بلکہ ظنی الثبوت ہین
چنانچہ عنقریب گذرا اور یہ کفایت ظن ایمان اجمالی مین نزدیک زاعمین جو بدرجہ یقین معتبر
ہی تو بنسبت فرد ظنی الثبوت کی متصور نہین ورنہ یہ ایمان اجمالی غیر نبی کو نبی کر سکتا ہی
اسلئے کہ اعتبار ایمان اجمالی محض واسطی رفع ایسی اشتباہ کی ہی کہ تفصیل مین خصوص تعداد تفصیلی
مین نام بنام لقب بلقب مانند خواتم ستہ کی ہو سکتا ہی کہ شاید غیر نبی نبی ہو جاوی یا عکس اسکا
لہذا کتب عقاید مین عدم تعداد انبیاء در بارہ ایمان کی اولی اور احوط کہا بلکہ واجب اور آکد
سمجھی گئے پس خواتم ستہ اگر انبیاء قطعیہ کی زمرہ مین داخل ہین تو ایمان اجمالی مین داخل ہین
ورنہ فلا پس ثابت ہوا کہ منشار اسکا افراد قطعیہ ہین نہ ظنیہ فافہم اور جانا جاہی کہ مراد منہم من
قصصنا علیک سی عام ہی اس سی کہ انبیاء مقصوص الاسم یا مقصوص اللقب ہون یا مذکور

وتفسیرہ والبیان الطویل ہو والبیان القصیر ہو ہائے حالانکہ ثبوت اس ایمان اجمالی کا نص قرآنی یقینی
قطعی الثبوت سے اور احادیث متواترات المعنی سے اور نیز مشاہیر سے بطور مزید موئدات ایسا
ہی ہے کہ جیسا ایمان تفصیلی بنسبت انبیاء منصوص — قطعی الثبوت الیقینی سے جو ثابت ہے
نص قرآنی وغیرہ سے اور اس امر مذکور کا اسمیں کچھ اثر نہیں ہے نہ کچھ دخل کیونکہ شہادت اس
امر مذکور کی بطور علم قطعی اور یقین مسلم طرفین سے ہے پس جب امر تحقیق کے معلوم ہوا کہ انبیاء
معلوم التسمیہ والالقاب معدود بالعدد المعلوم کہ جنکو خواتم ستہ کر تعبیر کیا جاتا ہے متعلق بایمان
تفصیلی ہونے چاہئیں نہ اجمالی موافق زعم زاعمین اسواسطے کہ زمرہ منصوص علیہ سے ہیں پس
استدلال صحیح نہیں تقریب تام نہیں ہے دعوی بے غلط رہا اور نیز خوب روشن ہو گیا کہ واسطے
ایمان اجمالی کے ہرگز دلیل ظنی کافی نہیں ہے جو ایسے افراد غیر قطعی الثبوت ہیں اگرچہ زمرہ
منصوص علیہ سے ہوں نہ کہ ساتھ وصف نبوت کی مانند حکمت اور احسان وغیرہ کی
قولہ تعالی ولقد آتینا لقمان الحکمۃ الایۃ سورہ مریم ابنت عمران التی احصنت فرجہا — وضرب اللہ
مثلا للذین آمنوا امرأۃ فرعون الایۃ — ویسئلونک عن ذی القرنین الایۃ الیتہ اونکی حق میں
واسطے ثبوت نبوت ظنی کے جو منشا اختلاف کا ہے کہ وہ مفید نہیں ہے اسی ظن کے کوئی
دلیل ظنی کافی ہو سکتی تھی مگر صحیح یہ ہی کہ ہرگاہ اقوال مشہورہ معتبرہ راجحہ رزینہ عدم نبوت
انکی نبوت میں قرار پاچکی وہ ہی مذہب قرار پاگیا گو نفس وجود انکا ساتھ اوصاف
دالہ ولایت اور کرامت کی بحیثیتہ کذائی نص قرآنی میں جو ہاں بلحاظ وصف نبوت کی
پایا گیا اسکا انکار کفر صریح ہی کہ یہ امر قطعی الثبوت ہی پس حال خواتم ستہ تو ایسا بھی نہیں
اور بالفرض اگر ایسا ہی ہو فہو المراد کہ بموجب قول صحیح غیر نبی ہوئی مگر ولی کامل ہادی جیسا کہ
سلف صالح کا قول ہی بشرط الطیبی بشرط وجود مکلفین طبقات سافلہ مگر باوجودیکہ عبارت
دافع الوسواس وغیرہ منتبین خواتم ستہ خود اعتراف عدم قطعیہ ثبوت نبوۃ اونکی کا کرتی ہے
وحکم دیتی ہی کہ نہ منکر اونکا کافر ہے نہ مکلف ہے عقیدہ کی نہ اسپر اجماع منعقد ہے ثبوت

لنصوص قرانی سی نہ روایات اخبار متواترات سی اور نہ دلیل ظنی کو جو خبر آحاد سی بطور مذکور
کافی سمجھتی ہے بلکہ صرف ظن کو اس باب میں کافی سمجھتی ہے جیسا کہ مذکور ہو چکا اور جو کچھ اوسکی حمایتی
ہی دیکھی پہر اس پر بہی بنا کر وصا ہے نہیں بلکہ دلیل اثبات نبوۃ کی ساتھہ قطعیت کی بلا دلیل
ہوتی ہی اسلئی کہ دلیل ہی اثبات نبوۃ بالاجمال کے جو نصوص قرآنی از قبیل امور مقطوع ہیں
دربارہ اون انبیاء کی جو واقعی النبوت ہیں جیسا کہ ہمنی عنقریب تحقیق عقیدہ اسلام کی کی ہے
پس کمال حیرت سی بالکل غفلت ع مثنوی مولانا روم ع دیدہ اسی کرہ خرد مند جانا چاہیے
کیا بلکہ پوچہا جاتی کہ ہرگاہ اعتبار ایمان اجمالی مذکور میں بشرط صالحیت افراد واسطی کفایت
قطعیہ کی معلوم ہوئی تو پہر دخل افراد غیر صالحہ للقطعیۃ یعنی خواتم شدہ مفروضہ مرتبہ ایمان اجمالی
میں محال ہوا اور نیز مستلزم ہوا دو حکم متغایر متباین کو یعنی من حیث الاجمال قطعی الثبوت کو اور
من حیث الانفراد غیر قطعی الثبوت کو باوصف اعتبار شرط صالحیت مذکورہ اور پہر وہ مفقود مثلاً
ترکیب رس باخیتہ میں جو اجزاء صالحہ غیر متنافرہ سی ہی بسبب امتزاج کی قوت قید کرنی
اسبغول وپیل کے یقینی ہی بخلاف کسی ایک جزء کی بالانفراد یا چند جزء کی بالاجتماع جو کمتر از نصاب
ترکیب و امتزاج ہوں یا بالاجتماع بالاجزاء المتنافرۃ بالتنافر فلذالک پس ظاہر ہوا کہ ہیئۃ تالیفی
کا اثر ہی مشروط ہی واسطی ایقاع حکم مطلوب کی ساتھہ صالحیت مذکورہ کی واسطی سارے اجزاء مذکورہ
کی ختیا و ہی اقدام پس بنا اس دعوی کا بطور قیاس شبہی کے یعنی معقول بر ایک محسوس کے
ظاہر ہو گیا مثلاً اجزاء کسی نسخہ مرکبہ کی تا وقتیکہ صالحیۃ تالف و توانس ہمدگر ہی محروم
ہونگی کیفیت مزاج مطلوب ہرگز حاصل نہوگی اور نسخہ مفید نہوگا قطعاً بلکہ اگر سم قاتل ہی
ہو جاوی تو کیا بعید ہی پس بلا وجود کسی منشاء قطعی الثبوت اور صالحیت کی کسطرح قوت
درجہ قطعیت باحسن فیہ یعنی بعد رتبہ اجمال مذکور حاصل ہو سکتی ہی ہاں البتہ ایمان اجمالی ضروری
ہی بعنوان کہ جو انبیاء علیہم السلام متحقق النبوۃ ہیں علم الہی جل شانہ میں ہمارا اونکی ساتھہ
ایمان قطعی ہے موافق مضمون آمنت باللہ ورسلہ کی کہ قطعی الوجود اور قطعی النبوۃ ہیں

برابر ہی کہ انبیاء معدودہ اور مقصوص علیک کی قبیل سے ہون جو بوقت ظہور علم الٰہی جل شانہ
کی بذریعہ وحی کی کہ نبوۃ اونکی بالتفصیل ہے ساتھ ذکر طویل کے یا ذکر قصیر کے اور امر مذکور
یہ ہی کہ مقصوص باسم ہون یا باللقب یا بالحکایات والقصص بفتح القاف اور بکسر ہا کے
انپر ایمان قراوی لازمی بھی قطعی ہی اگرچہ ذیل اجمال مین اونکے ساتھ ایمان قطعی حاصل
ہی یا اس قبیل مذکور سے نہون یعنی غیر مقصوص علیک ہون موافق اس آیہ کی فمنہم من
قصصنا علیک ومنہم من لم نقصص علیک پس بس یا لوحظ اجمالاً کالملائکۃ والکتب والرسل
یکفی الایمان بہ اجمالاً وما لوحظ تفصیلاً کجبرئیل وموسی والانجیل اشترط الایمان بہ تفصیلاً
فمن لم یصدق بمعین من ذالک فہو کافر فالتلقی لیس بکاف فی الایمان ۱۲ من کشاف
اصطلاحات الفنون للحاجی قاضی محمد اعلی المحقق التہانوی قدس سرہ نقلاً من العینی شرح البخاری
والفتح المبین شرح الاربعین وشرح المواقف ۱۲ اور جاننا چاہیے جو افراد غیر مقصوص
علیک ہین اگرچہ غیر مقصوص علیک ہین لیکن بموجب اس آیہ شریفہ مذکورہ کی اسقدر تو
معلوم ہی بمقابلہ مقصوص علیک کی کہ وہ متحقق النبوۃ تو ہین گو ہمکو تفصیل وتعیین مذکور
اونکی معلوم نہین یہ بھی فی الجملہ شبیہہ تفصیل وتمیز مین بوجہ اعلام الٰہی ساتھ تحقیق نبوۃ کے
جیسا کہ مفاد فقرہ کریمہ ومنہم من لم نقصص علیک ہی اور اعلام عام ہی کہ بالتفصیل ہو یا
بالاجمال کہ ظاہر ہی پس امر فاصل درمیان من لم نقصص علیک کی اور درمیان مزعوم
اور مظنون کی اعلام الٰہی جل شانہ سے معلوم ہوا کہ اجمال اس باب ایمان مین یعنی
رکھتا ہی عزل النظر ہوا س تقابل مذکور سے بھی یعنی بلالحاظ مقصوص علیک اور غیر مقصوص
علیک کی مضمون یہ کہ کل کو اسقدر امر کی طرف لحاظ ہو کہ افراد متحقق النبوۃ خواہ مقصوص
علیک ہون یا نہون پر اونکی ساتھ ہمارا ایمان قطعی ہی پس جو اس تقسیم سے اس قبیل سے ہرگز نہین
اور نہ اوس قبیل شبیہہ مذکور سے کیونکہ تحقق نبوت تو اونکا خود مظنون ہی نزدیک
مشتبہین اونکی کی ہی جیسا کہ عنقریب گذرا اور اوقسطاس مین بھی مذکور ہوا اور

عنوان بیان مثبتین مذکورین حاکی ہے مقصود حلیک ہوئی اوسکی ہے کہ نام ہباہم اثر
مذکورین مذکور ہی کہ جواز قبیل تفصیل ہے نہ از قبیل اجمال لیس دعوی اجمال بھی غلط
گیا اور تحقق الحق ان الظن لا یغنی من الحق شیئا ۔ ان بعض الظن اثم ولا تجسسوا علاوہ
بریں ہے کہ اور یہ جو اتمہ ستہ مانند حضرت خضر اور ذوالقرنین بھی تو نہیں اگرچہ یہ دونوں
بھی مقطوع النبوۃ نہیں مگر وجود اونکا ساتھ خصوصیت کرامت کی بالاتر مرتبہ خاتم منظر
سے تو قطعی الثبوت تو بھی کہ سورہ کہف میں ہے ۔ فوجدا عبدا من عبادنا اتیناہ من لدنا
علما ۔ حق خضر میں ۔ اور یسئلونک عن ذی القرنین الایۃ یہ مقام مدح میں بنا ہے اور ایسا مدح
الہی اولیا اور صاحب کرامات ستہا ہی بخلاف خواتم ستہ کی کہ افراد مقدرہ محتملہ
اور مظنونہ میں سی ہین یہ مطلب ہی عقیدہ اسلامیہ کا کہ ایمان بالانبیاء والرسل بالاجمال
ضروری ساتھ افراد متحقق النبوۃ متیقن النبوۃ کی نہ کہ ساتھ افراد مظنونہ محتملہ
مقدرہ مفروضہ مزعومہ کی مانند خواتم ستہ یا مشکوک النبوۃ مرجوح النبوۃ کی مانند
خضر و ذوالقرنین جو غیر راجح ہیں مثلا قول حضرت عاقل مکلف کا کل من کان عبدی فہو
حر واقع ہوگا اوپر اوسکی جو اوسکا غلام خالص ہوگا نہ کسی حر پر بلکہ نہ اوسکی کسی ناقص
الرق پر نہ غیر کی غلام پر پس معلوم ہوا کہ یہ عقیدہ متعلق ہے بانبیاء اور رسل حقہ محققہ
نہ مظنونہ محتملہ مخترعہ مفروضہ اور نہ مرجوحہ تاکہ تبادل صحیح اجمہ ربیہ کہ مراد ونسی بلا دی
غیر ہی ہیں ۔ قتل الخراصون الذین ہم فی غمرۃ ساہون فافہم کنہ المقام والمرام پس
غور ہوگیا قول ع بیارت دافع الوسواس کا جو صفحہ چہارم میں مذکور ہی کہ اگر دلائل ظنیہ
مطلقا مفید باب نبوۃ میں ہوتی علماء متقدمین کیوں آپکی ادعا پر دلائل ظنیہ پیش
رتی فقط اسواسطی کہ مذہب جمہور انکی نبوت پر ہی نہ لقمان اور ذوالقرنین اور خضر
غیرہ کی پھر گسپتی نہیں بلکہ صحیح یہ ہے کہ یہ غیر انبیاء ہیں کیونکہ ظن کافی نہیں ہے
ن الظن لا یغنی من الحق شیئا ۔ ان بعض الظن اثم ولا تجسسوا ۔ پس واضح ہوگیا

کہ ظن بہ باب اجمال ایمان بالانبیاء مین کافی ہے نہ باب تفصیل ایمان بالانبیاء مین کافی
ہی بلکہ یقین ہے کافی ہے بشرط مذکور کہ جسکا منکر کافر ہوجاوے اور نسبت ایمان
لانے کی اور نیز تکلیف شرعی ہوا مدلول ہے اطلاق لفظ انبیاء پر واقع ہوگا اونہین افراد
محققہ پر نہ افراد مظنونہ محتملہ مخترعہ پر خواہ ہمکو معلوم ہوں یا نہ ہوں بطریق اسباب علم کی
جو شارع کی طرف سی مقرر ہوئی مانند نصوص قرآنی اور احادیث متواترہ بالاتفاق
ورنہ علی القول احادیث مشاہیر تو ہوں جو سرحد یقین کو پہونچی ہیں بعد وعصمتہ کذب سی دور
ہوگئی ہین اور گونہ احتمال کی گنجایش رکہتی ہین کہ جس سے عین یقین کو نہین پہونچی ہین ورنہ
پہر تو متواتر ہی ہوجائینگی جیسا کہ اصول مین مقرر ہی خصوص بحث سنتہ تلویح مین ہے
نہ احاد کافی ہین ایسی باب مین اگرچہ باب تفاصیل حشر مین علماء نی احاد کو قبول کیا
ہی یہ بہی کتب اصول مین موجود ہی خصوص تلویح وغیرہ مین یہ امر آخر ہی مگر یا محض ظنیہ
مین اگر احاد فائدہ بخش بہی ہونگی تو سوای ظنیت کی نہونگی پس فائدہ کیا فائدہ کہ
پس بیفائدہ ہوگئی عبارت مذکور دافع الوسواس کی واللہ اعلم سے ظاہر اخلاصہ عبارت کا
دافع الوسواس یہ ہی کہ ہم نسبت ایمان اجمالی کی ساتہ جمیع انبیاء کی تو مکلف ہین اسلئی
کہ مفاد لفظ ضرور سوای تکلیف اور کچہہ نہین اور تکلیف بدون دلیل قطعی غیر متصور تو معلوم
ہوا کہ یقین ضرور ہی بخلاف نسبت ایمان تفصیلی کے ساتہہ اونکی یعنی جمیع انبیاء کی مکلف
نہین کیونکہ اوسمین یقین ضرور نہین تو دلیل قطعی بہی نہین پس مکلف بہی نہین پس یہ
جملہ اوسکا کہ اس باب مین ظن کافی ہی منافی اور مخالف ہی کیونکہ مراد کفایتہ ظن سے
یہی ہی کہ جو فائدہ یقین سے متصور ہو تا وہ اس ظن سے متصور ہو یعنی ظن قایم مقام
یقین ہے تو بمنزلہ دلیل قطعی ہی تو اوسمین یقین ضرور رہا پس معلوم ہوا کہ ایمان اجمالی
اور ایمان تفصیلی ہر دو نون مین یقین ضرور ہی اور قطعیت ضرور ہی پس منکر ہر دو قسم
کا یعنی انبیاء مجملین کا اور انبیاء مفصلین کا کافر قطعی ہے پس جو وانبیاء طبقات مجملہ

کا اجمالاً اور نیز مفصلاً قطعی الثبوت ہوا اور انکار اوسکا کفر ہوا پس صریح تخالف ظاہر ہوا
اور اثر مذکور کا کہ منکر اوسکا کافر نہیں اور کوئی مکلّف بالاعتقاد نہیں زائل ہو گیا
اور شہادت اوسکی منعکس ہو گئی واہ کیا خوب تحقیق ہے کہ نکص دلیل ہی اور کہاں
تک تفتیش عبارت مذکور اور من محہ وستجہ کیجاوی فقط اور دہوکا نہو کہ کبہی اطلاق ظن
اوپر یقین کے بہی ہوتا ہی جیسا کہ قولہ تعالیٰ یظنون انہم ملاقوا ربہم اور وارد بعض احادیث
شریفہ فما ظنک باثنین اللہ ثالثہما اور قول حضرت عمر رض کا ہذا الظن بک واسطی شک کی درباب شک کا تیمم
مردمان کوفہ ما احسن یصلی اور جواب اونکا کہ مین موافق سنت کی نماز پڑہاتا ہوں واقع
سنن ابی داؤد و بخاری شریف سو وہ مواضع اوہین واسطی کسی نکتہ کی مستعمل ہوتا ہی اور
حکم اوسکا قطعی الثبوت ہوتا ہی جو امر فارق ہی درمیان ہر دو ظن کی پس استعمال لفظ
ظن بجائی یقین اس آیۃ میمونہ مین واسطی احتمال سوء خاتمہ کی ہی نعوذ باللہ منہ کیونکہ ملاقات
معتبر ہی ساتہہ حسن خاتمہ کی اور واسطی غلبہ خوف کی بجائی الیقین ظن مستعمل ہوا علی ہذا القیاس اور
بہی توجیہات وجیہہ ہین پس معلوم ہوا کہ وہان یعنی آیۃ ملاقوا ربہم مین ظن کافی ہی قطعیہ کو دوا الا
دہ ہو سکین نہون یعنی درباب ایمان بالانبیاء ظن کافی نہین یقین ہے نہ اجمالاً نہ تفصیلاً
کیونکہ یہان کوئی نکتہ نہین بنا بر نکتہ مذکور کی اور اگر کفایۃ ظن با یمعنی نہین کہ مفید یقین ہو بلکہ
کفایۃ اوسکی بطور نفس معنی ظنیہ خالصہ ہی تو کچہہ مفید نہین چنانچہ خود اعتراف زاعمین ہے کہ منکر اوسکا
کافر نہین اور ظاہر یہی مراد اونکی ہی پس اس صورت مین تو یہی حکم سرایت کرتا ہی طرف جمیع انبیاء
علیہم السلام سے کہ حتی کہ طرف حضرت خاتم النبیین خاتم حقیقی کی ہی صاحم منتظر التسویہ بین سایر افراد
انبیاء علیہم السلام نفس نبوت مین یعنی منکر نبوت جمیع انبیاء علیہم السلام کا کافر نہو کیونکہ ثبوت نبوت
جمیع انبیاء بطور ظن خالص قرار دی گئی اور عزل النظر کر چکی ہی عبارت دافع الوسواس اس دلیل
اثر مذکور سی اور جہم گئی ہی اوپر دلیل مذکور کی یعنی اس دلیل پر کہ ہمکو ایمان اجمالی جمیع انبیاء
کی ساتہہ ضرور ہی تفصیل انبیاء مین یقین ضرور نہین اس باب مین ظن کافی ہی فقط

اور تحقیق اس فقرہ عبارت انواع وسواس کی تفصیل انبیا رمین الیقین ضرور نہین بمستتر اس ہی ما
قسطاس مین گذرچکی واللہ اعلم **قسطاس لسبت وششم** مین کہتا ہون کہ ظاہر یہ قول
امام نووی رح لیس من الجن رسول عند جماہیر العلماء مخالف ہی آیہ شریفہ یا معشر الجن والانس
الم یاتکم رسل منکم یقصون علیکم ایاتی الایۃ کی لیکن توجیہ اسکی یہ ہی کہ جب ضمیر مخاطب مجرور لفظ
منکم مین طرف مجموع معشر الجن والانس کے راجع ہی بلا تفصیل وتفریق ہر دو جماعت کی مجموعہ باعتبار
نفس مکلفین کے تو کفایت ہی تا کہ رسل کے کسی جماعت سی ہو واسطہ تبلیغ وتصدیق مطلب
آیہ شریفہ کی یعنی عدم ضرورت رسل جن کے چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا کہ نہوا کوئی رسول حقیقی جن
سی جیساکہ مذہب جمہور ہی مانند یخرج منہما اللؤلؤ والمرجان حالانکہ خروج مروارید ومرجان
ہی دریای شور سی نہ شیرین سی اور وجہ ترجیح وجود رسل انس کے اور عدم وجود رسل جن کے عنقریب
آتی ہے اور فائدہ قید رسول حقیقی کا یہی ہے واسطہ اخراج رسول غیر حقیقی کے اس جگہ استفہام
صورۃ منفی ہی یعنی الم یاتکم رسل منکم مین سے نسبت معشر جن کے جو کہ مراد ہی ہادی اور مقتدا
سی گروہ جن ہے اور بصورت دیگر یعنی وجود رسول حقیقی گروہ جن سی تو وہ محمول ہے اوپر
زمان قبل از بعثت ہماری رسول مقبول حضرت خاتم النبیین صلعم کی جیساکہ قول بعض متقدمین
ہی مانند ابن حزم کی لیکن توجیہ صحیح نہین ہسکتی کہ یہ تخصیص رسل جن ساتھ ہین بلکہ رسل انس ہی ساتھ
بعثت مذکورہ ختم ہوچکی پس قول جماہیر بدین توجیہ کو جو مبنی کی ہے جو واقعی ہے مرجح ہوا
مگر پھر بھی مین کہتا ہون کہ ظاہر آیہ موصوفہ یہ ہی کہ جیسی کہ رسل انس کی نسبت بعضہم مجموعہ
متعلق ہو ایسی ہی نسبت رسل جن کا بہی متعلق ہوتا پس وجود رسل جن ثابت ہوا لیکن وجہ مذکور رجوع ہوئے تو ان سے جو مخالف
خلف کو وہ بہی اولی ہے بلکہ واجب ولازم ہی جو منظر تحقیق مطالب آیہ شریفہ ہے
اور روایات معتبرہ صحیحہ سی تاکہ مخالفت نہو مفاد عموم نصوص آیات قرآنی اور اخبار
صحیحہ کو مانند قولہ تعالی ولقد کرمنا بنی آدم وحملناہم فی البر والبحر الایہ وغیرہا اور اکثر جا آیات
قرآنی مین واسطے بنی آدم کی تفریدہی ہمارے جانب سی حضرت حقتعالی شانہ کے

مثل یا بنی آدم قد انزلنا علیکم لباسا یواری سوآتکم وریشا اور یا ایہا الناس اتقوا ربکم الی
غیر ذالک بخلاف جنات کی کہ اونکو بتبعیت بنی آدم ندا مین شریک کیا ہے اسلئے اس ہی آیہ
یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذوا اسکے
اور مانند فبای الاء ربکما تکذبان اور کہین ندا نہین ہوئی کہ یا بنی الجان جیسا کہ عورتون کو
اکثر جا تابع کیا ہی مردون کے بہت احکام مین معنی و مرادا نہ لفظا و عبارۃ الا ما شاء
اللہ مانند قولہ تعالی یا ایہا الناس اعبدوا ربکم یا ایہا الناس انا خلقناکم من ذکر و انثی یا ایہا
الناس اتقوا ربکم ان زلزلۃ الساعۃ شئ عظیم اور نیز صراحۃ مانند یا نساء النبی لستن کاحد من
النساء ان اتقیتن فلا تخضعن بالقول الایۃ حالانکہ بعض جابین مانند اس قول حق تعالی کے ندا ز
ہی بنی آدم کی عورتون کو کیونکہ سبب ازواج مطہرات الشان تہین کوئی ہی جن نہتین
اور سورہ احقاف مین مذکور ہی و اذ صرفنا الیک نفرا من الجن یستمعون القرآن فلما
حضروہ قالوا انصتوا فلما قضی ولوا الی قومہم منذرین تا ایۃ و من لا یجب داعی اللہ فلیس بمعجز
فی الارض الایۃ اس سے صاف وصریح ہویدا ہی رسول ہونا جن کا اور نیز علی قدر القیاس
حاضر ہونا جنات کا خدمت میں حضرت رسالت پناہ صلعم کے مکہ معظمہ مین متصل محتسب کی مسجد
صلاۃ کی جو غلط العام مشہور ہی جنۃ المعلی مقبرہ اہل مکہ کا جو روایت ہی عبد اللہ بن مسعود صحابی رض
سی کہ آنحضرت صلعم نے ایک دایرہ خطی زمین پر کہینچ کر فرمایا کہ ابن مسعود اسکی باہر ہونا وہ کہتی
ہین کہ پہر میں بڑی جوان طویل القامت اوسکی پاس کو گذرتے تہی اونکو کچہ آسیب ہو سکتا
تہا چنانچہ ترمذی شریف مین روایۃ ہی کانہم الزط ایک جیل ہے ایک قوم حبش مین سے
یعنی ایک گروہ ہی اونکو زط کہتی ہین اور ایک روایۃ مین اون ہی عبد اللہ بن مسعود رض سے
کہتین دور سے اونکی آواز سنتا تہا خوب سمجہہ مین نہین آتی تہی اور بعض روایۃ سے جو نہونا
حضرت عبد اللہ ابن مسعود کا مفہوم ہوتا ہی تو وہ محمول ہے اوپر تعدد وقوع لیلۃ الجن
کے شاید اوس مین ابن مسعود رض نہون اور حاضر ہونا جنات نصیبین کا موضع بطن نخلہ

مین مابین طائف اور بطن نخلہ کے جسوقت کہ آنحضرت صلعم نماز صبح گذار رہی تہی اور جماعت
جنات مذکورہ وہی جاتی تہی او قرآن اور وہ ایمان لائی چنانچہ سورہ جن قل اوحی
الی انہ استمع من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یہدی الی الرشد فآمنا بہ الخ شاہد ہی
اس سورہ مین مذکور ہی کہ دو ایکونون علیہ لبدا کہ جنات مین سی نبی نہین ہوا مگر رسول
ہوی رسول اللہ کی طرف سی اپنی قوم کی طرف یعنی منذر اور ہادی ہوی غیر نبی کہ صریح
قول اللہ تعالی ہے ولوا الی قومہم منذرین نہ لفظ مرسلین اور نہ لفظ نبیین اور لفظ سمعنا کتابا
انزل من بعد موسی بہ صاف واضح ہے کہ سامع ایسی کتاب کی ہین جو نازل ہوئی اور غیر
اونکی کے اوصاف مفہوم ہی اونکا یہودی ہونا لفظ من بعد موسی سی اور صاف واضح
ہی اونکا قائل ہونا ساتھ منسوخیہ کتاب مابین یدیہ کی توراۃ وانجیل وغیرہ لفظ مصدقا
لما بین یدیہ سی اور نیز لا پرواہ ہونا اونکا سب کتابون منسبین سے من حیث التابعیۃ نہ صرف حیثیت
العقیدہ بالحقیۃ ساتھ لفظ یقومنا اجیبوا داعی اللہ کی و ایمان لانا اونکا ساتھ دین اسلام کے
اور ہدایت کرنا اونکا اور دنکو ساتھ ایمان لانے کے اوپر اس کتاب کی اور پہر کر جانا اونکو اپنی
قوم کیطرف منذر اور واعظ ہوکر اور ہادی غیر نبی ہوکر اور وعید کا سنانا اون اشخاص کو جو نہ
قبول کرین دعوت رسول کو بموجب اس لفظ کی ومن لم یجب داعی اللہ الآیۃ یعنی داعی
حقیقی خود حضرت محمد رسول اللہ صلعم اور مجازی یعنی ہادی اور منذر وہی جن مذکور پس کیا
عجب ہی کہ بصورت وجود مکلفین کے طبقات سافلہ ارض مین بطور ان رسولون جناب
نصیب کے ہادی غیر نبی ہون خواہ جن ہون خواہ انس ہون اور ہمنام بہی ہون
انبیاء طبقہ ارض علیا کی آدم و نوح و ابراہیم و عیسی و محمد جیسا کہ امام قسطلانی اور زرقانی
اور سیوطی وغیرہ علیہ الرحمۃ نی توجیہ وجیہ اور صحیح کی ہے پس قول دافع الوسواس کا جو صفحہ
نوزدہم مین ہے کہ تاویل بلا دلیل معتبر نہین لغو ہوگیا اور قباحت اور معنی اثر کی جو فہمیدہ
اونکی اور ہین واقعہ کی ہین ظاہر ہوگئی اور خود دافع الوسواس کا صفحہ بستم مین اقبال ہے

اور جن کے رسول ہونے میں جمہور سلف و خلف قائم ہیں مگر رسُل رسُل میں یا نند تحقیق امام
قسطلانی وغیرہ کی جیسا کہ مذکور ہو چکا پس معلوم ہوا کہ انکی جنات بھی تابع شریعت رسل
بنی آدم ہی ہوتی اور عکس اسکا کہیں قرآن حدیث سے ثابت نہیں ہوتا قولہ قبل الرسل
من الجن رسل الرسل الیہم فتولوا و لوا الی قومہم منذرین عنیادی ۱۲ و فی حاشیہ قولہ رسل الرسل
المراد بہ الرسل یا تکم رسل منکم رسل من الجن ارسلہم الرسل من البشر الیہم لینذروہم ویدعوہم الی
الایمان فقد اتی الجن رسل لکن لا من اللہ بل من الانبیاء پس معلوم ہوا کہ رسل لغوی مراد ہیں
یعنی ہادی نہ کہ نبی پس یہ جب ہی سے تحقیق ہوا اور اثر ابن عباس رض کا اور اگر یہ شبہہ کیا جاوے
کہ ممکن ہے بموجب اس کریمہ کی منہم من قصصنا علیک ومنہم من لم نقصص علیک کوئی نبی جنات
میں زمرہ غیر مقصوص علیک سے ہوا ہو تو یہ بطور دفع ہے کہ آخر کوئی تو مقصوص علیک میں سے
بھی ہوتا اور انحصار رسل بنی آدم کی یا کوئی اشارہ ہوتا بالاجمال پس یہ شبہہ بالکل وہم ہے کہ بخلاف
تاسیس علما اہلکی برخلاف ہی اور شرف بنی آدم اخبار و آثار میں اور آیات میں اور جنات
کی جو کچھ مذکور ہیں وہ مذکور ہی ہے از انجملہ یہ کہ مسکن و ملکا البضن الجنہ یعنی بہشت کا اور فنا رجنت ہی
کہ وارد اصادیث ہی اور وجہہ اسکی یہ ہے کہ میں کہتا ہوں عنایت خاصہ خداوندی سے
جنت میراث میں ہم بنی آدم کو جا ملی ہماری آدم علیہ السلام سے پہنچی۔ یا آدم اسکن
انت و زوجک الجنۃ وکلا منہا رغدا حیث شئتما اور و تلک الجنۃ التی اورثتموہا بما کنتم تعملون
تلک الجنۃ التی نورث من عبادنا من کان تقیا۔ ہر گاہ کہ اس آیت میں لفظ عبادنا عام ہے
شامل ہو سکتا ہے جنات وغیرہ کو بھی مگر بنظر مطلب صریح ان دونوں آیتوں کے اور
او بیز بالسوا انکی آیاتت دیگر بھی خصوصیت میراث ہم بنی آدم سے متعین الکرادہیں جوانہیں سے
اتقیا ہیں پس ان دونوں آیتوں سے مفہوم ہوا کہ یہ میراث سکونت اور انتفاع نعما جنت
سے مخصوص ہے اولاد و اتقیا کی ساتھ جو شائستہ ہیں ساتھ تقوی اور اعمال صالحہ کی کہ ادنی
مرتبہ اوس تقوی کا نفس ایمان ہے والا محروم الارث ہو گا نعوذ باللہ اور یہ استعداد فطری

بعنایت خداوندی لقب آدم اور اولاد اوسکی کی ہوئی بالاصالۃ بخلاف جان اور
اولاد اوسکی کے فافہم۔ اور جاننا چاہئے کہ جن ماخوذ ہی جنّا سی یعنی پوشیدگی قولہ لعتم
لیتما جن علیہ اللیل رای کوکبا۔ علی ہذا القیاس جنون اس ہی قبیل سے ہی کہ پوشیدہ کر دیتا ہی
عقل کو پس جنات بسبب پوشیدگی نظر سے شبیہ بنسوان و زنان مستورات ہیں لہذا منصب
نبوت اور رسالت سی جو مخصوص ہے ساتھہ مردون کے محروم رہی اور بعوض سکونت
جنت حضرت آدم علیہ السلام کی سکونت زمین میں برای چندی بطور جرمانہ لعبدو خطا خوردن
دانہ گندم سکونت زمین عنایت ہوئی نظر و لحاظ میراث جنت بطور میراث کی ساتھہ خلافت
کی جسکی صراحت قرآن مجید میں نازل ہوئی۔ انی جاعل فی الارض خلیفۃ اور نیز توارث
بہی اسکا ثابت ہوا آیۃ سورہ ص سے یا داود انا جعلناک خلیفۃ فی الارض فاحکم
بین الناس بالحق ولا تتبع الہوی الایۃ محتمل تہا کہ شاید خلافت بنی آدم زمین میں محض
سکونت بالکانہ ہو بدون حکومت شاہانہ سلطانانہ اوسکو رفع کیا ساتھہ لفظ فاحکم
بین الناس کے اور خطرہ نگذری کہ صرف حکومت بین الناس تہی جنات پر نہ تہی وہ
مدفوع ہوی کہ حضرت سلیمان اونکی فرزند کی آگی جنات لی کیا کیا کچہہ پانی نہ بہرا۔
وحشر لسلیمان جنودہ من الجن والانس والطیر فہم یوزعون۔ اور نیز حضرت داود علیہ السلام
کے آگی پہاڑون کا اور لوہی کا اور جانوران پرندہ کا کیا حال تہا تابعدار تہی اور لوہا
مانند موم اونکی ہاتہہ میں نرم تہا۔ یا جبال اوبی معہ والطیر والنا لہ الحدید ان اعمل سابغات
وقدر فی السرد واعملوا صالحا انی بما تعملون بصیر۔ اور جاننا چاہئی کہ علم لازمہ ہی خلافت کا
وہ لقب آدم علیہ السلام اور بنی آدم ہی ہوا جنات کی تو کیا اصل تہی یہان ملائکہ بہی
تہک رہی اور سپر ڈالنا گئے یہ کہہ کے سبحانک لا علم لنا وعلم آدم الاسماء کلہا الایۃ۔ وقال یا ایہا الناس علمنا منطق
الطیر و اوتینا من کل شئ اور فہم جو لازمہ سلطنت و حکومت اور علم ہے۔
ففہمناہا سلیمان خصوص عطا کی خلافت یہی کہ محتاج ترجمان بہی نہو جو اللہ تعالی نے ختم

سلیمان ع کو عطا فرمائی ہے سو جاننا چاہیئے ہمارے حضرت رسول اللہ خاتم النبیین صلعم کی استعداد
ذاتی فطری بلا واسطہ تعلیم متعارف اکتسابی بطور علم لدنی وہبی کے تھی باوجود امی ہونے
کی علم اولین و آخرین کا بر وجہ اتم حقتعالی شانہ علام الغیوب نے سب سے زیادہ عطا فرمایا
چنانچہ لقب امی اگرچہ بنسبت غیر اونکی کے سخت ناموزون ہے اور بمنزلہ ہجو کیا بلکہ کمال
ہجو ہے مگر اونکی نسبت فخر سے عنایت فرمایا۔ قولہ تعالی النبی الامی الآیۃ بقول شیخ سعدی
علیہ الرحمۃ ؎ یتیمی کہ ناکردہ قرآن درست ✿ کتب خانۂ چند ملت بشست ✿ اور معہذا کلام
اللہ اور کلام بشر بلکہ بغیر کسوت الفاظ اور کلام کے مطالب اور مقاصد اونکی فہم کر کے
حاجت روائی اونکی اور تسلیہ قلب خاطر خواہ کردی چنانکہ معجزات میں موجود ہے
زیادہ کہان تک کہون جسقدر رکہون گا وہ تہوڑا ہے ✿ قسطاس پنجم
مشتمل بر تحقیق معنی خاتمیہ نبوت مختصر بات یہ ہے کہ کوئی نبی خاتم حقیقی کا معاصر ہو باعتبار زمانہ
حیات کے اور متعاقب العصر ہو باعتبار زمانہ وفات کے ورنہ زمان خاتم روز بعثت اوسکی
سے زمان خاتم ہی ہے اور کسی کا زمان ہی نہین کیونکہ اوسکا کوئی ناسخ نہین اور وہ معاصر
مذکور اور متعاقب العصر مذکور بالاعتبار المذکور نہو صاحب شریعت ماموره منصوبہ غیر منسوخ
برابر ہے کہ وہ شخص شریعت مذکورہ مین مستقل ہو مانند حضرت موسی یا غیر مستقل ہو مانند
حضرت ہارون کے اور برابر ہے کہ وہ شریعت اور نبوت مذکورہ یعنی منصوبہ مستقلہ
قدیمہ ہو یا جدیدہ ہو کیونکہ درصورت ماموریۃ و منصوبیۃ استقلالاً یا اتباعاً و لحوقاً قدیم ہو
یا جدید شرکت فی النبوۃ و الشریعۃ الخاتمیہ یا قسمت اوسکی بہرحال لازم آتی ہے اور
یہہ شرکت اور قسمت مذکورہ شرعاً ہرگز ثابت نہین نہ حقیقۃ نہ اضافۃ ختم ہوئی معنی
خاتمیہ کی ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ بس بموجب اس تعریف کی حضرت آدم اور حضرت
نوح علیہما السلام باوجود ہونے منفرد الشریعۃ کی کہ بلحاظ وجود اور نبی کا اونکی عصر مین
حسب اتفاق بلا امتناع شرعی نقلی کے ثابت نہین ہوا خاتم نہین ہو سکتی بس یہہ

در حقیقت شرکت اور قسمت ہی ہے پہر تفرد عادتی صوری لیے اعتبار ہی اور قطع نظر
اس سے اولیت انبیاء بعد اونکی ہو اور نسبتہ تابع انکی شریعت کی آئی اور نہ حضرت عیسی علیہ السلام
خاتم ہوسکتی ہیں بوجہ نسخ شریعت اپنی کے مع بقاء النبوۃ القدیمہ اور پہر بعد از نزول از آسمان
بتبعیۃ شریعت محمدیہ ہوگی جو خاتم الشرائع ہے اسواسطے کہ متعاقب اونکی خاتم النبیین کے
کہ جسکی خاتمیت میں نہ دخل ہے حقیقۃ نہ اضافۃ اور نہ حضرت الیاس علی ہذا القیاس جیساکہ
مدلل ہوچکا یعنی اگرچہ منشاء اضافتہ عقلی ہو واسطے حضرت عیسی علیہ السلام کیا مگر منشاء نقلی یعنی
جو اذن شارع ہی وہ امر ابدی ہی سو وہ مفقود ہی جنانکہ اکثر قیاطیس میں مذکور ہی
اذ لابد للاطلاق الشرعی من الاذن الشرعی کما فی کتب الاصول کما مر مرارا اور
اگر کہا جاوی کہ واسطے آدمیت ثانیہ نوح کی بہی کوئی منشاء شرعی نہیں یعنی لقب آدم ثانی جو
بمعنی اول اضافی ہی یہ لقب اونکا بہی اسی قبیل سے ہی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ منشاء
اولیتہ اضافی اور آدمیت اضافی اونکی کا یہ توجیہ حدیث شریف اول الانبیاء نوح
وارد ابن ماجہ داخل صحاح ستہ ہی جو شراح اور محشیین نے کی ہی کہ اول المرسلین
نوح علیہ السلام فقط یعنی اول رسول من حیث التبلیغ والرسالۃ الکافیۃ العامۃ الشاملۃ
التامہ اولیتہ اضافیہ بلا امتناع الشرکت علی حسب الاتفاق الی کما وقع لآدم علیہ السلام
اولا فی الحقیقۃ یعنی آدمیت نوح علیہ السلام جو ماخوذ بوصف رسالیت مذکورہ تہی یعنی
تمام روی زمین پر تہی جیسی کہ واسطی حضرت آدم علیہ السلام کی تہی نہ کہ صرف
آدمیتہ یا صرف نبوۃ اور رسالت اسواسطی کہ بیشتر حضرت نوح علیہ السلام سے
اور آدمی اور غیر نبی گذری تہی اور نسبت حضرت آدم جد اعظم آدم اول کی نبوت
بہی ساتہہ اولیتہ حقیقی کی تہی جیسا کی آدمیتہ حقیقی تہی پس واسطی نوح علیہ السلام کی لقب
اولیتہ اضافی شرعی ثابت ہوگیا موافق حدیث مذکور کی یعنی نبی اول اضافی اور رسول
اول اضافی نوح علیہ السلام ہیں شرعا و عقلا بخلاف حضرت عیسی علیہ السلام کی جیسا

کہا اور خواتم ستہ اور قطع نظر اس سے کہ رتبہ عالی در باب رسالت و نبوت فیمابین
حضرت آدم و حضرت نوح علیہما السلام کسکو حاصل ہے اگرچہ واسطے لقب آدم
ثانی یعنی اول اضافی ہونی حضرت نوح علیہما السلام یہ توجیہ مشہور بین العلماء ہی بلا نکیر
بالاتفاق کہ اجماع حجیہ مسلمہ الکل ہے بعد طوفان جب تمام مخلوق غرقاب ہوئی اور یہ جو پہلاو
ہوا تو اونہوں ہی سے ہوا لہذا لقب آدم ثانی ہوا چنانکہ صاحب خلاصہ التفاسیر جدی
مولانا محمد کرم فاروقی تہالوی نے شاگرد حضرت شاہ ولی اللہ محدث قدس سرہ نے بحوالہ تفسیر
بحر مواج وغیرہ لکہا ہے انہ ابو البشر بعد آدم علیہ السلام فان جمیع الناس بعد الطوفان من
اولادہ علیہ السلام قطع نظر اختلاف سے دربارہ توجیہ اور بعض حدیث شریف ابن جحج
مذکور کی کہ ارجح قول یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام اول المرسلین ہیں یعنی اول رسل
اولو العزم میں سے ہیں یعنی بصورت مشہور رہ کو کچھہ خدشہ نہیں پیدا ہوتا معنی مذکور ہیں بعض
اضافتہ مذکورہ میں بخلاف صورت غیر مشہور کی اور وہ خدشہ یہ ہے کہ اولیتہ اضافی
اس صورت میں واسطے حضرت نوح کی نہیں ثابت ہو سکتی الا بصورت اولو العزمی حضرت آدم
علیہ السلام کی سوا اسمیں یعنی اولو العزمی حضرت آدم علیہ السلام میں بالضرور کلام ہے
اس باعتبار یہہ بہی معنی رہی کہ اولیتہ پہلاو مخلوق حضرت نوح علیہ السلام سے ہوئی یہ نسبتہ
اور انبیاء علیہم السلام کی ساتہہ وصف نبوت اونکی کے اور اور انبیاء کی کیونکہ یہہ جوہر
ذاتی ہے ذوات انبیاء علیہم السلام کا منفک نہیں ہے شامل ہے ہر فرد نبی کو بخلاف
رسالت اور اولو العزمی کے کہ اسمیں تفاوت افراد ہے اور یہہ وصف نفس نبوت در باب
پہلاو مخلوق کے بعد طوفان کیا اور قبل طوفان کیا بالضرور معتبر ہے آدمیتہ آدم اول
اور آدم ثانی میں کہ اصل منشاء برکت نشو نما ظاہری اور باطنی تہا بخلاف اضافت
خواتم ستہ خاتمیہم اور اس توجیہ پہلاو مذکور اس لقب میں الیا دخل ہے کہ بفرض محال تغیر
اگر صرف آدمیتہ آدم اول اور آدم ثانی ہی بغیر وصف نبوت ہوجاکہ وصف

اولوالعزمی تب بھی یہہ ہی لقب صادق آوے حقیقةً بہ نسبت حقیقی کے اور اضافةً بہ
نسبت اضافی کی حسنانہ وہما فرضنا بخلاف خواتم ثلثہ کی کہ ہنوز متحقق الوجود نہین
بلکہ مشکوک الوجود ہین اور ان دونون حضرت آدم ہیں مینشا شرعی او عقلی دونون موجود
ہین واسطے اثبات اضافیہ کی قابل ہے جاننا چاہیئی کہ نبوت حضرت عیسی علیہ السلام مین شرکت
تین انبیار کی ہوئی قولہ تعالی اذ ارسلنا الیہم اثنین فکذبوہما فعززنا بثالث فقالوا انا الیکم
مرسلون حضرت عیسی خاتم حقیقی مرتبہ اضافی پس لغو ہوگیا قول عبارت دافع الوسواس کا
ہم عقلاً بھی مانند شرعاً کے کہ بطفیل حضرت عیسی کی خاتم اضافی حضرت عیسی علیہ السلام مین خصوص
نسبت انبیار بنی اسرائیل کے — اور یہہ تغیر اسلوب عبارت مذکور علاوہ بریں ہی کہ ادعاء
خاتمیہ اضافی حضرت عیسی نسبت انبیا کی عموماً تہا یہہ نسبت انبیار بنی اسرائیل خصوصاً ہوا
خیر سلمنا یہہ تو خواتم اضافی نسبت انبیار بنی اسرائیل کے اشخاص اربعہ ہوئی پس مجموع عدد
خواتم نو ہوا وہو خلاف المفروض اور یہہ عذر کہ توابع تہی حضرت عیسی علیہ السلام کی سو
یہ عذر باطل ہے اسواسطی کہ تابعیت مانع نہین خاتمیہ کو درصورت جواز شرکت نبوت کی
جیساکہ نبوت مشترک تہی حرج نہین ورنہ اضافت در اضافت خاتمیت مین لازم آتی ہے
سو اسمین کوئی فائدہ مفید معتد بہا نہین اور یہہ اضافت جو بمعنی نیابت ہی کہ جب سے
فی الجملہ کچھہ کمی درجہ کی پائی جاوی بعد نبوت نفس نبوت کی تو کچھہ اصل مطلب فوت نہین ہوتا
پس اعتراض مذکور بدستور قایم رہا اور بصورت عدم تسلیم نبوت اشخاص ثلثہ مذکورہ ہمارا
مدعا بآسانی ہی کیونکہ یہہ غیر انبیار تہی صرف ہادی ہوئی اور نیز اطلاق مرسل مجازی لفظ
قرآنی سی ثابت ہوا پس اگر اثر مذکور مین علی ہذا القیاس اطلاق نبی اوپر غیر نبی کے
بوجہہ مناسبت ہدایت ہوا تو کیا تعجب ہی کیون سلف صالح پر مانند سیوطی و زرقانی
وغیرہ کی الزام تاویل اثر مذکور عاید ہو حالانکہ بر سر تحقیق یہ امر محقق ہی کہ ترجیح ہی نبوت
کو ان اشخاص ثلثہ کی جو صریح الوضاحت ہی قرآن شریف سی اسواسطی کہ دعوی

سالت ان مرسلون ثلثہ کا مقرون تحدی ہوئی اور حجت اور برہان اون معجزہ
ے ساتھ ہوئی جو خاص معجزہ حضرت عیسوی تہا ابرا اکمہ او ابرص جنانکہ علم تفسیر سے
روایات مشاہیر و معتبر باتفاق مفسرین ثابت ہی پس معلوم ہوا کہ رسالت لغوی نہین
ن بلکہ اصطلاح شرعی تہی مگر بصورت ہولی اونکی نبی پر سر تحقیق یہہ شبہہ کہ پہر اونکو نص عرانی
ن ساتھ لفظ مرسلون کے کیون تعبیر فرمایا بہ بطور سرطرف ہی بوجہ اجازت حضرت
ی علیہ السلام کی درباره دعوت یا حجت اور برہان کے نیابت ضلع دیگر مین ایک قسم
نقلال رسالت کی بروی صورت معلوم ہوتی تہی نہ بروی حقیقت اطلاق لفظ مرسلون
اسب ہوا مجازاً نبوت سی نہ صرف بادی غیر نبی سی فتدبر اور معہذا بدلیل اتحاد نوعی
نظم اسلوب مقتضی اس امر کو ہی کہ طبقات سافلہ ستہ مین بہی ہمراه وہان کے عیسی کے
یا ہی انخاص ثلثہ ہون تو کچہہ بعید نہین الحاصل خلاف مفروض عدد زائد از ستہ جہ
اعتراضات مذکوره لازم آیا و اللہ اعلم و علمہ احکم اور علاوه یہ جرح ہی کہ باوصف
رق تعریف خاتمیت بالاضافت کی ویہ جیاسی ستہ طبقات سافلہ ستہ کی لقب خواتم اضافی
یا جاوی مانند حضرت عیسی کے اور اگر دیا جاوی تو وه خواتم ستہ خواتم اضافی نہین
ں بلکہ حقیقی ہوی جاتی ہین نسبت اوس طبقہ کی بدلیل فقره اثر مذکور فیہ محمد کمحمد کم و عیسی
ا کم کی اسلئی کہ طبقات ستہ کی محمد مانند محمد طبقہ علیا کی صلعم ہولی جاہئین اور ایسی
عیاسی ہی ہولی جائیں یعنی خاتم حقیقی مانند خاتم حقیقی کے اور اضافی مانند اضافی
ر نہ سلسلہ اضافت در اضافت جاری ہونا چاہئی اور وه خلاف قرار داد ہے
لون امر ہی اور معہذا در صورت دینی لقب مذکور کی الزامات عدیده جو قسطاس
ا کیم مین بخوبی مفصل مذکور ہین دیکہنا چاہئی اور یہہ اختباط پیدا ہوتا ہی کہ عیاسی طبقات
ستہ خاتم اضافی نہین ہو سکتی مانند حضرت عیسی طبقہ ارض علیا کی جو اقتضا ہی
ہی عیسیاکم کا ہے اسلئی کہ خاتم اضافی کا درجہ بلا فصل ہونا چاہئی ساتہہ درجہ خاتم

حقیقی کی مانند طبقۂ ارض علیا کی اور یہ امر طبقات سافلہ میں نہیں پایا جاتا اسلئے کہ
وہاں کے خواتم اضافی غیر عیاسی ہیں بوجہ تفاوت درجات کی یعنی لقاط سلاسل طبقات
کی بالیل حاوی و محوی کیونکہ محوی بالضرور کوچک ہوتا ہی حاوی سی اور تقاضا
النظم طبعی سلسلہ ان قرار پایا جو مسلم ہو چکا کہ خاتم اضافی بلا فصل ہو خاتم حقیقی سے اور
وہ عیاسی ہے جمیع طبقات کی نہ کردہ افراد جو بالائیں بدرجہ عیاسی ہے پس اتحاد نوعی
میں جو فاصلہ رہی افراد نوعیہ کا تفاوت نا روا ہی وہ نازعوا یہاں پایا جاتا ہے
وہ باطل قطعا فافہم بالفہم السابع الثاقب اور دربارہ اتحاد ملتہ تو البتہ مانند اتحاد
ملتہ تحقیق مذکور جو عنقریب گذری وہ یہاں بدستور قائم ہی العذر العذر الجواب
الجواب واللہ اعلم بالصواب۔ اور سرگانہ کہ خاتمیت اضافی بطور ترتیب سلسلہ زمانی
ہوئی جو امر اجماعی کہ مسلم الطرفین ہی یعنی خلاف اسکا بسیاری قسطاس میں شکست کھا
چکا اور زمانہ خاتم حقیقی زمان حال اور زمان استقبال مذکور کو جو عبارت ہی زمان حیات
اور وفات سی بدلیل استمرار تا قیام قیامت شامل ہو امام ہو اگر یہ امر فرضی آنی نہیں
بلکہ بدیہی یقینی ہی پس خاتم اضافی ہرگز مجامع زمان حال اور زمان استقبال
نہیں ہو سکتا پس لغو ہوا یہ قول عبارت دافع الوسواس کا کہ جاری ہی خاتم اضافی
زمان خاتم حقیقی میں ہو بھی ہوں کیونکہ خاتمیت مذکور اگرچہ امر اضافی ہے کہ اوسمیں
لحاظ مفہوم خاتمیت حقیقی متصور ہی مگر وجود عینی خاتم تو حقیقت امر اضافی نہیں وہ منوط
اور مربوط ہی فی الحقیقۃ ساتھ ترتیب زمانی کی جو وہ ایک امر حقیقی ہی او محض فرضی
اعتباری ہی پس تجامعیت کہاں فافہم باقی رہا وجود خواتم کا زمان ماضی میں نسبت زمان
خاتم حقیقی کی البتہ یہ امر ممکن ہے کہ خاتم اضافی اسمیں ہو سکتا ہی بوجہ وجود خاتم
حقیقی کے مابعد اوسکی اور بوجہ وجود اوسکی کے قبل خاتم حقیقی کے اور مابعد اور
متسلسلین بسلسلہ نبوت کی انبیاء اسی طبقہ کی اور وجود عینی خاتم مذکور زمانی نہیں ہو سکتا

اسواسطی کہ منشا ر ما نعتیہ جو شرکت فی النبوۃ ہی وہ یہان لظاہر لازم ہنین آئی مگر
بنظر خفی لطور بعض دلایل مذکورہ بعض قسطاس ہین بہر قطع نظر وہ بھی اسجا ر شرعیہ مذکورہ دیگر
قسطاس از قبیل الزام ما لا یلزم قبل ورود شرع وجہ ثانی لازم آتی ہی ایز
قسطاس بسبتا و شتیتھم مگر مین کہتا ہون بنظر عمیق یہہ قول عبارت دافع الوسواس
وغیرہ کا کہ یہہ خواتم ستہ اپنی اپنی طبقہ کی خاتم ہین اور مراد اونسی اضافی لیتی ہین اور
پھر خاتم طبقہ ارض علیا کو حقیقی کہتی ہین مخدوش ہی بلکہ بوجوہ غلط محض ہے اسلئی کہ مآل
اس قول مذکور کا یہہ نہین ہی کہ وہ خواتم ستہ خواتم اضافی ہین بلکہ یہہ مآل ہی کہ وہ
خواتم ستہ خواتم حقیقی ہین اسلئی کہ ہرگاہ ہر یک سلسلہ ہر یک طبقہ کا بجائی خود فی حد
ذاتہ اپنی طیاری مین مستقل ٹہرا تو خاتم بھی وہان کا مستقل ہوگا اور حقیقی کیونکہ نسبت
مذکور بوجہہ مذکور دوسری طبقہ تک ہرگز تجاوز نکری گی کہ ظاہر ہی اور خلاف مفروض
باطل ہے اور بدیہی اسکا قائل ہے بلکہ خاتم اضافی ہر ہر طبقہ کا وہ ہوگا جو کہ وہان کے
طبقہ کی خاتم حقیقی سے متقدم ہوگا مانند حضرت عیسی علیہ السلام خاتم اضافی طبقہ ارض علیا
کی پس اس صورت مین بہر صورۃ تعدد خواتم حقیقی لازم آیا اور یہہ تعدد حقیقی مذکو باطل
ہی ہان اگر معنی مذکور تعدد اضافی لازم آتا تو مسلم ہوتا مگر پھر خاتم حقیقی بھی جو د حقیقیت
خاتم حقیقی مسلم الکل ہے وہ بھی بالمعنی المذکور خاتم اضافی ہی ہوی جاتی ہین یا ال کار
بنظر غایر جملہ خواتم یعنی ستہ مع خاتم حقیقی جو حقیقی ہے سبکی جاتی ہین بالفرض محال
تسلیم بھی کیا جاتا تاہم چندان حرج نہوتا بشرطیکہ عموم بعثتہ واسطی خاتم حقیقی کی ثابتہ رہتی
ورنہ یہہ تو نہین ہوسکتا کہ در حقیقیہ عموم بعثتہ واسطی خاتم حقیقی ثابت ہوا اور عموم خاتمیہ حقیقیہ
باشرکت واسطی خاتم حقیقی کے ثابت نہوا اور ہرگاہ شرکت فی النبوۃ جو مرتبہ عام تہا
اسطی خاتم حقیقی کے یعنی نبوت اوسکی اوسمین تو شرکت تجویز ہوئی تو مرتبہ خاص جو خاتمیہ
ہی کیونکر اوسمین شرکت تجویز کیجاوی اور اگر واسطی تجویز خواتم ستہ کے خواہ مخواہ درجہ

بالا ہر ہر طبقہ مین درجہ خاتم حقیقی وہان کی سی تجویز کیا جاوی تب بہی لقد دخو اتم حقیقی سے
بوجہ مذکور دامن گذاری نہین ہو سکتی اور اگر یہہ عذر کیا جاوی کہ ہرگاہ جہات طبقات
جداگانہ مستقل ہوئی تو پہر یہہ دعوی کہ محمد رسول الله صلعم جو خاتم طبقہ علیا کی ہین وہ خاتم
حقیقی ہین غلط ہوا جاتا ہی کیونکہ اونکی استقلال مین فرق لازم آتا ہی اور بالفرض اگر
اب باوجود تحمل الزام خلاف مفروض یہہ قول دافع الوسواس وغیرہ رجوع کرین طرف
قول صاحب مرغوب المسلمین نصیحت المومنین فی رد قول الجاہلین کے کیا معنی کہ تخصیص
خاتمیہ حضرت خاتم النبیین حقیقی یعنی خاتم طبقہ ارض علیا کی ساتہہ اس ہی طبقہ علیا کی لا غیر
قبول کرین قوع قطع النظر اس تحقیق سی اور جواب شافی بہت اون ترہات ناوا فی کے اون قسطاسون
سی جو اوسکی متعلق ہین حاصل ہو سکتی ہین ۔ اور جانا چاہیی کہ اور قسطاسون سوای
قسطاس بستم کی الا ماشاء الله جو دلائل ہمنی قائم کیی ہین وہ غالبا بر بنا ر انحصار خاتمیہ
اضافیہ درمیان خواتم ستہ ہین اور نیز بر بنا ر معنی اضافتہ مصطلح ہین اور بقید احد
الازمنہ الثلاثہ اور یہان یہہ امور مذکورہ سری سے ہی مفقود ہین لیکن یہ بحث اضافتہ
ہی دراصل بوجہ انقلاب اپنی تقریر عتیاں ضافتہ خود ہی اضافتہ ہو گئی فافہم کل الفہم
قسطاس بست نہم ہرگاہ یہہ تحقیق بدلایل محققہ متحقق ہو چکی کہ قسطاطیس ہین کہ زور
بعثتہ حضرت خاتم حقیقی سی تا قیام ساعتہ یعنی فنار کلی تا انقاد زمان ہمان خاتم حقیقی ہی ہے
لا غیر تو پہر یہہ قول ہر قایل کا باطل ہے کہ بعد زمان خاتم حقیقی ممکن ہے کہ خاتم اضافی
ہون پس خاتم اضافی اور حقیقی تو بصورت بقا افراد انبیار اور افراد کتب اور افراد
امم متصور ہی ۔ ولقد ارسلناک الی امتہ قد خلت من قبلہا امم لتتلو علیہم الذی اوحینا
الیک وہم یکفرون بالرحمان سو یہ امور مذکورہ بموجب وعدہ الہی جلشانہ سب ختم
ہو چکی کوئی فرد افراد اقسام ثلثہ مذکورہ ہی خصوص افراد انبیار ین سی جسکی تابع
ہین افراد کتب اور افراد امم تحت تکوین و ایجاد جو متعلق بارادہ الہی ہی باقی نہین رہا

قسطاس بست نہم

اگرچہ تحت قدرت اللہ سب اشیٰ مذکور داخل ہین اسمین کلام نہین کلام ہی فعلیت مین نہ
امکان مین سو اسکی تحقیق کماحقہ بخوبی قسطاس مستقیم مین بعبارت فارسی درج کی گئی
اور فتوی اسکا بہی بعبارت فارسی بتصدیق مواہیر علما ہمراہ دیگر فتوی آخر رسالہ ہذا
مین کہ جس سی ازالہ اوہام کلام بعض فضلا رکا بتحقیق معنی لفظ ارتفاع کلام اللہ وارد
حدیث شریف ہوگیا ہی درج ہی فقط قسطاس مستقیم جانا چاہیی درصورت تعدد
اوادم جو کہ اثر مذکور سی مستفاد ہی یہ امر قابل تفتیش ہی قطع نظر اس سے کہ اثر مذکور
بوجہ ظنیت اپنی کے خود قابل استدلال نہین پایا اوادم طبقات تحتانیہ منجملہ اولاد حضرت
آدم طبقہ ارض علیا ہین جو ابو البشر بموجب نصوص قرآنی اور اخبار نبوی صلعم ہے
قولہ تعالی ہو الذی خلقکم من نفس واحدۃ وجعل منہا زوجہا وبث منہا رجالا کثیرا ونساءا
یا ایہا الناس انا خلقناکم من ذکر وانثی وجعلناکم شعوبا وقبائل لتعارفوا۔ یا اور کسی
آدم کی اولاد سی ہین یا بجای خود مستقل ہین اپنی آدمیت مین علی ہذا القیاس تعدد
حوات پس اگر اور کسی آدم کی اولاد سی ہین تو اوسکا نشان مثل ان حضرت
آدم علیہ السلام بنصوص قطعیہ درکار ہی مع نشان زوجات یعنی حوات ستہ اور
استقلال اونکی اپنی ادمیت مین ہمراہ اپنی اولاد و ازواج کی آدمیت کی نشان مذکور
درکار ہی پس درصورت احتمال اوسط خبر تباین ذاتی ثابت ہی مع الامثلیۃ۔ ثابت ہوگی
بطور افراد تحت حقیقت واحدہ کی صرف مابہ الامتیاز تشخصی و فردی کافی ہوگی کہ جسکی
تمیز کی واسطی عوارض ہی کفایت کرسکتی ہین اور ظاہر ہی کہ والدیت اور مولودیت کو
اسمین کچہ دخل نہین متساوی الاقدام ہین تمام افراد نفس نوعیہ مین جو حقیقت واحدہ
ہی پس پہر دو شق مذکور بابۃ التشبیہ کیا امر ہی جو مصحح ہی فقرہ فیہ آدم کادمکم کا کیونکہ
امر مبہم سی رفع اسکا ضروری تہا وہ صرف امر علمی ہے یا امر وصفی یا مرکب پہر
وہ اسواسطی کہ یہ امر یعنی مشبہ او مشبہ بہ دو ذات متغایر معلوم ہوتی ہین خواہ متغایر

ذاتی ہوں خواہ صفاتی خواہ مرکب مذکور خواہ علمی بالقصور تعیین رافع ابہام ورنکا ہی
درصورت تغایر علمی کوئی فائدہ معتدبہا نہیں سوائی شبہ کی حوئی کی مگر بصورت وصفی
صرف التیہ فائدہ مذکورہ ہی اور بصورت مرکب از علیا اور بصورت تباین ذاتی فیما بین
آدمیہ آدم طبقہ ارض علیا وا وادم طبقات سافلہ ظاہر ہی کہ نسبت ماہیۃ آدمیت
اونکی کی ہی مثل حضرت آدم طبقہ ارض علیا اور اولاد اونکی کی خبر مفصل یا مجمل قرآن مجید
میں یا روایات متواترات یا مشاہیر میں متلو یا مروی ہوئی قولہ تعالی خلقہ من تراب
ثم قال لہ کن فیکون — ولقد خلقنا الانسان من نطفۃ الآیۃ — انا خلقناہ من نطفۃ امشاج
نبتلیہ فجعلناہ سمیعا بصیرا — یا بنی آدم جا بجا قرآن مجید میں ہے یا مانند جان ابو الجن اور
اولاد اوسکی کے — وخلقنا الجان من مارج من نار — اور نیز مانند ابلیس شیطان لعین
کان من الجن ففسق عن امر ربہ — اور مانند اولاد ابلیس شیطان لعین — افتتخذونہ وذریتہ
اولیاء من دونی وہم لکم عدو بئس للظالمین بدلا — پس ہویدا ہی کہ اقتضا لفظ آدم کا ذکر
واقع اثر مذکور حوام تشبیہی ہے اور تمثیلی یہی کہ از قسم نوع وجنس حضرت آدم علیہ السلام
ہوں مگر آدم مبہم الاوصاف ہیں پس ضرور ہی کہ کوئی امر رافع ہو ابہام واقع فی
التشبیہ بالاوصاف والاعراض ہیں اندرینصورت مذکور یعنی بصورت نوع وجنس واحد
متحد الحقیقۃ متمیز بتشخیص الفردیۃ بالفرد وا وادم ستہ مذکور طبقات سافلہ یا اولاد آدم
طبقہ ارض علیا سی ہوں یا بعکس اسکا یا ہر دو صنف آدم مذکورہ سافلہ کسی اور
آدم بالاتر کی اولاد سی ہوں پس ہر دو شق متاخر باطل ہے اسلئی کہ خلاف
نص قرآنی ہی کہ آدم طبقہ ارض علیا کی نہ ماں ہی اور نہ باپ — ان مثل عیسی
عند اللہ کمثل آدم خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون اور نہ کوئی نص قائم ہوئی ہی
کہ اور اوادم کی ماں اور باپ کی پیدا ہوئی ہوں اور سب آدمی طبقات سافلہ
کی اونکی اولاد سی ہوں مانند آدم طبقہ ارض علیا کی قطع نظر اس سے یعنی اتحاد کہ آدمی

سی استحالہ عقلی لازم آتا ہی اسلئی کہ ایک شخص بلا واسطہ بسبب صلبی خیالاتخاص کا ہو
مگر اصلا یا و اسلا قاتی ازینہ بہ صورت خارج از محل سخن ہے چنانکہ بذاق عقل شاملی
کیونکہ متقابلین میں قضیہ اصل و عکس ایکجانب من حیث المجموع افراد ستہ مین نہ افراد
فردا فردا اور جانب دوسری صرف فرد واحد حضرت آدم طبقہ ارض علیا میں بسبب
اعتبار خلاف مفروض محقق ہے اعتبار سی فافہم اور قطع نظر اس سی ہی اور خرابی بد
لازم آتی ہے نہ صورت ترتیب سلسلہ مکانی طبقات ارض یعنی تحت اور فوق
بصورت بدایتہ جانب تحت سی اور اختتام جانب فوق کی نظر بر ترتیب سلسلہ مکانی
نہ معلوم کہ کون سا آدم باعتبار سلسلہ ترتیب زمانی جو جاوی ہے سلسلہ مکانی کو بوجہ
نسبت عموم خصوص مطلق سکے کہ مکان کو زمان سی چارہ نہیں بہ عکس اسکا اسبق اور اقدم
ہی ترجیح بلا مرجح سی جو امر باطل ہے اور باعتبار ترتیب مکانی مذکور یعنی بطور عکس مستوی
اقدم اور اسبق ہونا چاہیی آدم طبقہ ارض سفلی کا اور آخر ہونا چاہیی آدم طبقہ
ارض علیا کا ساتوین نسبت مین ہر دی پیدائش کے نسبت آدم طبقہ ارض علیا
کی اور بفرض محال بصورت عکس غیر مستوی بوجہ مذکور یعنی بذاق عقل مذکور اختلاط و
التفاق لازم آتا ہی جو کہ باعث ہی زیادہ تر دشوار ہی کا کہ بالکل اخلاق سی بالاتر
ابہام سی ہی اور بصورت ثالث یعنی ہر دو صنف آدم متقابلین اوادم طبقات سافلہ
اور حضرت آدم طبقہ ارض علیا اور کسی آدم بالاتر کی اولاد سی قرار دیی جاوین گروہ
ابو البشر ہو پھر اوسکا طبقہ اعلی تر طبقات ہو تو عدد اراضی آٹھ ہونا چاہیی یا کسی طبقہ میں
منجملہ طبقات سبعہ کی مجامع ہونا کسی ایک آدم کا آوادم سبعہ سی سا تھ کسی آدم دوسرے
کی ضروری حالانکہ یہ سب امور لوازم معنی اثر مذکور جو خلاف تحقیق سلف صالح
یعنی ہادی غیر نبی ہی خلاف نصوص قطعیہ ہین اور نیز خلاف قرارداد مجوزین اوادم
سبعہ مین علی ہذا القیاس حال اواسط طبقات سافل یعنی انواع برا ہیم و عیاسی فافہم

الحاصل انہیں بن شرلی بدون اسکی کہ تسلیم کیا جاوی یہہ کہ در صورت ثبوت اثر
مذکورہ فی الاثر المذکور یعنی اوائل اولاً وآدم علیہ السلام طبقہ ارض علیا سا فائیتہ
یا اولاً وعطلاً وجان سی جو ابو الجن ہی مراد ہو اور یہہ وہ ایک ایک شخص سلسلہ ہدایۃ میں ان
سی کروہ مشابہہ ہی آدم طبقہ ارض علیا کی ساتہہ اولیتہ میں بنسبت اوس طبقہ کی
نبوت اصل وصف آدمیتہ کی یا وصف جنیتہ کی بیچ وصف ہدایتہ کی جو عبارت ہی
دانی اور خدا شناسی اور راہ بینی اور راہ نمائی حق سی خواہ بپیرایہ نبوت ہو در صو
ہیولی اولاد آدم کی جو ابو البشر ہی قبل از بعثتہ حضرت خاتم النبیین محمد رسول اللہ صلعم
خواہ بکسوت ہدایت صرفہ بغیر نبوت لیکن آپ عام تہی آس سے اولاد آدم مذکور ہی ہو یا
جان مذکور ہی ہو بخلاف صورت نبوۃ کی کہ وہ مخصوص ہے علی الاصح والارجح ملکہ یا
علیہ ساتہہ آدم اور اولاد آدم ابو البشر علیہ السلام کی علی ہذا القیاس حال اواسط
اور اواخر ہامات اور عجایب مکرر بالضرور ہی کہ اواخر سلاسل طبقات سافلہ مذکو
ہو اوصاف مذکورہ میں بعد بعثتہ حضرت خاتم النبیین صلعم طبقہ علیا کی بلباس ہدایت
بغیر نبوت بوجہ انقطاع نبوۃ واختتام نبوۃ کی کہ ظاہر ہی قدم بقدم ہوں اتباع
جیسا کہ مسلک ہی شراح بخاری قسطلانی و زرقانی اور سیوطی وغیرہ اکابر سلف
پس تشبیہ بنقطہ سلسلہ مذکورہ کی از اول تا آخر حسب حیثیتہ خود ظاہر و باہر ہو گئی اور
نفی تشبیہ مذکور اثر مذکور جو منزلہ اقدام ارار فضلا ہو گیا ہی کہل گیا - اور جو
کہ بنسبت اوادم یعنی اوائل اور بنسبت اواسط یعنی الواح وغیرہم فی الجملہ منشا
پایا گیا کیونکہ اثر مذکور میں بلفظ فیہ آدم کآدمکم ہی بخلاف بنسبت خواتم یعنی اوا
کیونکہ اثر مذکور میں یہ لفظ ہی نہیں پایا گیا جو منشاء مشابہت ہوتا نساتہہ خاتم
جو منصوص بنصوص قطعیہ ہی واسطی خاتم النبیین خاتم حقیقی کے بالخصوص اور
اس ہی اگر یہہ حدیث قدسی لولم اختم بہ النبیین لخلقت لا انبیا تکون لعابد ونبیا جیہ

حضرت ابن عباس رضی ہی بجائی تفسیر میں اثر کی جیسا کہ تحقیق اسکی اکثر قسطاطیس مین
کی گئی ہی مع عزل النظر استحالہ شرکت فی النبوۃ او قسمت فی النبوۃ سی جبانکہ اکثر قسطاطیس
مین علم کو ہم ہی مروی ہوئی تب بہی کیا مضایقہ تہا جو تسلیم کیا جاتا اور حالانکہ خاتمیت جو ایک امر جو
ہی نبوت کو بطور نسبت عموم خصوص مطلق کی مانند قید نطق کی ساتھ حیات کی نسبت
انسان کی کہ انسانیت کو چارہ نہیں حیات سی جسکی ظہور کی بعد اوسکا ظہور ہی اور اوسکی
وجود کی بعد اوسکا وجود ہی ہر گاہ وہ نبوت ہی بسبب لزوم شرکت او قسمت کی ناجایز
ہی تو خاتمیت تو بطریق اولی بل آکد و اوجب ناجایز ہوئی پس منشا و اضافت شرعی محض
لی اضافت رہ گیا ہرگز منشاء اضافت نہیں ہو سکتا زمان بعثت حضرت خاتم النبیین
صلعم سی لیکر تا قیام قیامت یعنی فنا رکلی تک کیونکہ یہہ زمان خاتم النبیین ہی ہے صلعم
باقی رہا یہہ زمان ماضی کی نسبت جو مراد ہی روز بعثت انحضرت صلعم سی پیشتر جو کچھ استحالہ
اکثر قسطاطیس مین مذکور ہوی قابل ملاحظہ ہین موجود ہین فقط واللہ اعلم بالصواب والیہ
المرجوع فی کلما باقسطاس سی و بکلیم بطور تتمہ قسطاس سابق تشبیہہ صفی مذکور دو حال سے
خالی نہین جمیع اوصاف مین ہی یا بعض اوصاف مین بصورت بعض اوصاف اوسکا
تعین ہونا چاہئی جو رافع ابہام ہو اور بصورت جمیع اوصاف بلا تفصیل اوصاف
جلیلہ و غیر جلیلہ ہو وصف جامعیتہ ہی چنانچہ بظاہر یہی ظاہر ہی کیونکہ بموجب بعض روایتہ
مذکور لفظ فیہ نبی کنبیکم بوجہہ سیاق کلام وصف نبوت معلوم ہوتا ہی پس یہ ظاہر
ہا کہ زلتہ آدم طبقہ ارض علیا باعث دانہ گندم اور اغوا ر ابلیس اصاحی اور توبہ اور
ود ملائکہ اور ہبوط بر زمین اور خلافت زمین اور فوقیت علمی اوپر ملایکہ کی او تعدد
بتہ النعم انسانی و اسطی اداء مناسک حج ہر ایک طبقہ سافلہ مین بسبب عدم وجود
بعض طبقات کی طبقہ ارض علیا مین خصوص حسب زعم بعض مشتبین جو اہم مانند صاحب
مذہب المسلمین بالنسبت اونکی حج ساقط ہی بسبب عدم وصول کے سبب حج تک جو بیت اللہ

ہی پس ان امور مذکورہ کا ثبوت درکار ہی اور اونکا لازمہ ہونا چاہیی مانند لوازم طبقہ
ارض علیا کی بوجہ مذکور پس ضرور تہا کہ ضرور اونکی مفصل مجمل قرآن مجید یا اخبار متواترہ یا مشہورہ
مین ایسی انداز سی کہ حاوی ہوجاتی جمیع اوصاف کو یا تذکرہ بعض افراد عظیمہ منجملہ اوصاف
تا دلالتہ ہوجاتی باقی افراد پر ضرور ہوتی علی ہذا القیاس وجود آبا لیسہ ستہ اضافیہ اور جواز اتصاف
علی ہذا القیاس مع ابیل و قوابیل حالانکہ وجود ابلیس فرد واحد مین منحصر ہی منصوص قطعیہ
قولہ تعم یا ابلیس ما منعک ان لا تسجد اذ امرتک اگرچہ تعدد شیاطین مع زار ابلیس ملعون مذکور
ثابت ہی مادر اراوس شیطان کے لفظ کی جو مرادف ہی لفظ ابلیس کا نہ ظاہر کی کہ یہ
دونون لفظ متحد المصداق متغایر المفہوم ہین - اگر یہ عذر کیا جاوی کہ ثبوت مثل
حضرت خاتم النبیین حقیقی ثابت نہین اور نیز مثل ابلیس لعین ہی ثابت نہین لہذا
ہم ایجاد آبا لیسہ اضافیہ باطلاق لفظ ابلیس اضافی نہین کر سکتی پس انصاف ضرور
ہی کہ بہر اطلاق لفظ خاتم اضافی بدون ثبوت شرعی تجویز کیا جاوی بڑا جور
ہی حالانکہ اطلاق لفظ شیطان اوپر ابلیس کے ثابت ہی من غیر عکس - وقال
الشیطان لما قضی الامر الآیہ - پس باوجود اسقدر پابندی اطلاق شرعی کے
پہر اسقدر بے قیدی اور بیباکی دربارہ اطلاق خواتم ستہ اضافیہ کی اوپر انجام
ستہ کی بہت کچہہ بعید از انصاف ہی فافہم بالفہم التام الا ان حصحص الحق کما حصحص فی
اکثر القساطین بل فی سایرہا انشاء اللہ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ - بالجملہ قطع نظر
ان امور سی بعد اسقدر رضا کر بیزی و خاک بیزی کی لعذر اینمعنی کہ غرض اثر مذکور مین
صرف نفس تشبیہ ہی نفس نبوت مین کیف ما اتفق وکیفما امکن کیونکہ اثر مذکور مین اول
سی انبیاء علیہم السلام کی نام مذکور ہین مع وصف نبوت مذکور نہین چنانچہ بعض روایات
اثر مذکور مین نام حضرت خاتم النبیین صلعم ہی مذکور ہی محمد کمحمدکم واسمہ ہوتا تہا کہ لفظ
نبوت سی معرا ہین اور اماصدق ان اسماء کی مگر بمقتضای سیاق روایت فیہ

انبیاء علیہم السلام بنسبت حضرت خاتم النبیین صلعم کی معلوم ہوا کہ مصداق ان اسحار کے
بہی ماخوذ ہیں ساتھ وصف نبوت کی اثر مذکور میں سو یہ امر مسلم ہے مگر یہہ وہ
ہی استحالہ موجود ہیں یعنی شرکت فی النبوت یا قسمت فی النبوت ابتدائی مذکور
باعتبار ترتیب سلسلہ زمانی جو امر مجازی شرعی وہم عقلی ہے ضمن میں زمان
حال و استقبال ہم کے یعنی روز بعثت آنحضرت صلعم سے تا زمان وفات شریف
زمان حال ہے اور زمان بعد تا فنا کلی بموجب قولہ تعالی کل من علیہا فان و یبقی وجہ
ربک ذی الجلال والاکرام ۔ زمان استقبال اور درحقیقت یہ ایک ہی زمان ہے
بوجہ عدم انتہاء نبوت خاتمیہ تا قیام قیامت کیونکہ کوئی اور امت ہی
نہیں باقی رہی بموجب قول حقتعالی و تبارک کہ جسکی طرف کوئی نبی اور رسول
کوئی کتاب لیکر آوے ولقد ارسلناک الی امۃ قد خلت من قبلہا امم لتتلو
علیہم الذی اوحینا الیک وہم یکفرون بالرحمان الایۃ اور ضمن زمان ماضی
استحالہ الزام مالا یلزم بحکم ۔ وما کنا معذبین حتی نبعث رسولاً بصورت اتباع شرع
خاتم النبیین خاتم حقیقی صلعم جیسا کہ صراحت عبارت دافع الوسواس وغیرہ مسائل میں
اوسکی کیے ہیں اور بصورت بغیر اتباع مذکور اور استحالہ عدیدہ مذکورہ فی الکشر
القسطاس سے دامنگذاری از قبیل مادونہ خرط القتاد ہے اونپر لیسا پیش
کما ینبغی نظر اندازی کرلی جاہئے اور کہانتک سیاہی سفیدی پر سے دہوئی
جاوے فقط واللہ اعلم بالصواب ۔ قسطاس سے وہم اثر مذکور میں
طرف جار مجرور فیہ ادم کا دیکہ کر جسکا اثر تا آخر اثر ہے محتمل ہے کہ متعلق ہو ساتہ
ماضی کے تقدیر عبارت یہہ ہو کان فیہ آدم کا دیکہ یا متعلق ہو ساتہ مضارع کی
بمعنی حال یعنی یکون فیہ آدم موجود الآن یا بمعنی استقبال یعنی یکون فیہ آدم
فی ما یاتی پس درصورت ماضی دلالت علی گذر جانی سب ستمیون ان اسحار کی

یعنی سب اوادم اور سب خواتم اور سب اواسط کی سب طبقات تحتہ مین بعد تشریف حضرت
خاتم النبیین صلعم سے پس ہین جو کچھ استحالہ بربنا ر شرط نا لجتیہ شریعت محمدیہ وارد ہوئی
ہے بیستر کی قسطا سونہین موجود ہین اور بصورت تقدیر فعل مضارع بمعنی حال دلالت کرتا ہے
اوپر موجود ہونے سب اوادم یعنی سب اوایل اور سب اواسط اور سب خواتم
کے ہمراہ زمان برکت نشان زمان حیات حضرت خاتم النبیین صلعم کے یا زمان
بعد وفات آنحضرت صلعم کے بوجہ امکان صدور اثر مذکور کی صاحب اثر سے ہر دو زمان
مذکور مین اسواسطی کہ صاحب اثر نے ہر دو زمان مذکور کو پایا اور زمان حال
سے مراد ہی زمان صدور اثر مذکور صاحب اثر سے پس اس صورت مین بھی خاتمیت
خاتم حقیقی صلعم کی خالص نہین رہ سکتی اور پھر یہ شرکت اگر محل حقیقت مین واقع
ہو تو سب اضافی حقیقی ہوسے جاتی ہین مگر صواب شق اول ہے کہ ظاہر ہی
غرضکہ یہ دونون امر شرعًا وعقلًا باطل ہین کہ ظاہر ہی اور بصورت احتمال استمرار
صیغہ مضارع مذکور تب تو پھر سب ہی انبیا و مرسلین علیہم الصلوۃ والتسلیم
مجامع ہوسکتے ہین زمان واحد مین اسواسطی کہ استمرار منافی اور مناقض ہے
تخصیص زمان کو جو حافظ ہی ترتیب سلسلہ کو اور یہہ امر باطل ہے عقلًا وسمعًا نقلًا
و عرفًا ہر چند عبارت دافع الوسواس اور اور عبارات فضلا رچار سو آس پاس اع ر دو ر
دور اندہ دوڑین اس میدان لق و دق مین اور خانہای بے چراغ و مشعل مین
سوای حیرانی اور پریشانی کوئی ثمرہ پیدا نہوا فلہذا کہا جاتا ہے کوئی صورت
خلصی کی سوای پیروی توجیہہ سلف صالح کے نہین نظر آتی کہ اسکی مشعل اور چراغ
یہی ہے یعنی طبقات سافلہ مین ہادی غیر نبی مسمی بدین نسماء قدمہم لقدمہم وسکی مین
جسکی کمالات کی فیض کا اثر او سیر ریزان ہوا ہی اور اس مطلب کو کوئی ترمان ہو
مضر نہین فافہم ولا توہم چنانچہ اس قسم کی فیض کی تحقیق بطرز جدید ولذیذ عنقریب

قسطاس مین آتی ہے فانتظر فلا تکن کالجباری فی الصحاری یا ایہا الذی لطلب
المطلوب قسطاس سی وسو فہم اور یہ اسنحالجات بصورت قبلیتہ اور بعدیتہ اور
مجامعیتہ یعنی اتحاد زمانی ہین جو کہ متبادر ہی اس اثر سی یعنی لفظ فیہ سی بذریعہ تقدیر
لفظ کان اعو ریگردن جو کہ متعلق ہین موضوع ہین و اسطی ایجا کیے اور صورۃ قبلیتہ و بعدیتہ اتی کی نابی معیتہ دیکا محال
لیونکہ صورۃ یعنی ہر دو صورت جو افضل اور مفضول و علۃ اور معلول ایک ہی زمان مین ہوتا ہی اور
علی ہذا القیاس قبلیتہ رتبی جو حاکی ہے شرف رتبہ سی وہ بہی اس ہی قبیل سے
ہے اور شرف رتبہ مجامع ہوسکتا ہی بعدیتہ زمانی کو بہی خصوص حضرت خاتم النبیین
صلعم نے فرمایا نحن الآخرون السابقون یعنی اگرچہ ہم پچہلی ہین باعتبار زمان کی
جو کہ ایک امر صریح ہے اور حقیقی واقعی مسلم الثبوت اجماعی ہے مگر باعتبار شرف
رتبہ کی سابق اور افضل ہین جیسا کہ حدیث شریف بخاری وغیرہ صحاح ستہ صریح
دلالت رکہتی ہے اور اس مطلب کی جو در باب تمثیل استجارہ ہے یعنی ایک
شخص نے مزدور پکڑے اول نہار سی ظہر تک اور اور مزدور پکڑے ظہر سی عصر
تک اور اور مزدور پکڑے عصر سی مغرب تک اور ان پچہلی مزدوروں کو سب
سی زیادہ مزدوری دی یہ خوش ہوی اور اور سب ناخوش ہوی مستاجر سے
و اوس مالک یعنی مستاجر نی جواب دیا کہ یہہ میرا فضل ہے یعنی جسکو چاہا زیادہ
دیا مزدوری مین سے کسی پر ظلم نہین کیا اور مطلب اس تمثیل سے یہود اور
نصاری اور ہم سب محمدی ہین اور اس حدیث شریف سی اور نیز القاب حاشر
و عاقب اور مقفی سے جو حضرت خاتم النبیین نے خاص اپنے واسطی فرمائی بعدیتہ
زمانی معہ شرف رتبہ کے صاف و صریح ہے اور وارد حدیث شریف سنن ابی داود
عن ابی مالک الاشعری و انا خاتم النبیین لا نبی بعدی رواہ ابو داود فی کتاب الفتن
خاتمیتہ اور بعدیتہ زمانی ہے بالاجماع والاتفاق پہر سراسر بیجا ہی تحیر بنا پہرنا اور اگر

دخل ہوتا زمان کو اور صرف شرف رتبہ معتبر ہوتا تو وجود تمامہ انبیا علیہم الصلوٰۃ
والسلام ایک ہی زمان میں ممکن تہا اور ظاہر ہے کہ یہہ قول آیکل اور راجع ہی طرف
بعدیتہ ذاتی کے اور اس صورت مین نقطۂ آخریتہ جو نقطہ ابتدائی خلقت انسانی
ہے اور نیز نقطہ انقراض انسانیتہ جو ختم ہوگا بضمن افراد آخر انفار کے سلسلہ انبیا نبیت
مین جس کسی فرد پر ہوگا وہ معلوم الہی جلشانہ ہے اوسکو اس امر کی کچھہ تاکید
نہ ہوسکتا اور یہہ شبہہ تعطل مکلفین اور سد ایتہ اونکی کا جو ممنوع شرعی ہے بموجب کریمہ

ایحسب الانسان ان یترک سدی اور نیز کریمہ وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا

اور نیز وما کنا مہلکی القری حتی نبعث فی امہا رسولا یتلوا علیہم آیاتنا جو کہ عاید ہوتا
ہے بموجب قول مجوزین وجود خواتم ستہ کے قبل از زمان بعثتہ حضرت خاتم النبیین
صلعم یا بعد وفات اونکی بشرط تابع ہونے اونکی کے شریعت محمدیہ صلعم کو اور نیز
بموجب قول بعض مجوزین مذکور کے بشرط مذکور کس طرح پر ہو سکتا احکام الہی جلشانہ کا
پاس اور ان خواتم ستہ کی تشبیہ بہی اس صورت مین یعنی صورت لحوق ذاتی مین برطرف ہو جاتا جا بجا کہ
کہ شرف زمانیات صرف شرف رتبہ مین ہین جو پرتوہ ہی بعدیتہ ذاتی کا ملکہ بعدیتہ زمانی کی
ہمراہ زیادہ تر ہے ظاہر ہے کہ جسکو خود صاحب رتبہ بلند کر کی تصریح فرمایا نحن الآخرون
السابقون الحدیث بخلاف غیر زمانی کے مثلاً ذات صفات باریتعالی جلشانہ کی کہ
کہ اسمیں بعدیتہ اور قبلیتہ ذاتی ہے کہ یہ منافی ہے زمان کو اسواسطے کہ زمان حاصر
اور محیط نہین ذات وصفات حقتعالی کو فتبصرہ اور ہہذا اصول نظر اور اعتبار و افتراض
اور رنجی ہے اور نفس الامر اور رنجی امور اعتباری امور عدمی ہین کلام حقایق عینیہ
موجودہ مین ہے الحذر الحذر پس صاف ہوگیا کہ یہ استحالات متعلقہ بحث لفظ مقدر کلما
و یکون اثر مذکور فیہ آدم کادم مین وارد ہوتی ہتے بصورت مراد لفظ نبی سے نبی
مصطلح شرعی بخلاف صورت مراد اوس سے ہادی او نذیر غیر نبی مصطلح مذکور یعنی واعظ

اور مذکر جیسا کہ تحقیق سلف صالح امام قسطلانی و زرقانی و سیوطی وغیرہ کی
کیونکہ تا دہی غیر نبی ہر زمان ماضی اور حال اور استقبال ازمنۂ ثلثہ مین پائی گئی
اور تا نبیت ہوی اور ہین اور ہونگے تا قیام قیامت حسب ضرورت ہر طبقہ مین
طبقات ستہ مین بشرط وجود مکلفین طبقات ستہ سافلہ مین اور خلاف اسکے خلاف
مصلحت قانون شرعی ہے کیونکہ حجت اللہ البالغہ قاصر غیر تام رہتی ہے خلاف
مقتضائے قولہ تعالیٰ وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا - اور تحقیق رسول کہ عام ہے
اس سے کہ نور عقل ہو یا اصل رسول ہو حسب اصطلاح شرع شریف قسطاس
چہارم مین بخوبی گذر چکی فقط قسطاس سوم و چہارم متضمن تحقیق موعود
تو بعد اسکے معنی اثر مذکور یعنی فی کل ارض آدم کادم الخ انجام کار موید ہے معنی امام
سیوطی و زرقانی و قسطلانی وغیرہ سلف صالح کو بلکہ عین معنی مذکور ہے پس حاصل
مطلب یہ ہی کہ فیض اونکا یعنی وائل کا جو مجبر با دم ہین اثر مذکور مین درباب
ہدایت تابع فیض حضرت آدم طبقہ ارض علیا علیہ السلام ہے یعنی قدم بقدم اونکے
ہے مثلاً بعد ابتدا ارابنی کے اور تعبید اور تشریع اپنے کی ابدا ارخلق اور تعلیم عبادہ
وغیرہ نظر شفقت پدری ہے نسبت پسر صلبی اپنی کے کہ یہ امر خیر خواہی اونکے
فوارہ صفت جوش ان ہے جمیع امور معادیہ اور معاشیہ مین اور معہذا الفہم
مطلب خلافت عامہ پر جو خاصہ آدمیہ حضرت آدم علیہ السلام تہا او سیر وہ عزیز
مجبول اور منظور ہے اور اصلاح امور معاشیہ اونکی مین جو متعلق بیشہ ہر قسم منشرح
ہی جو کہ بذریعہ وحی ابتدا خلقت انسانی مین عہد حضرت آدم جد اعظم علیہ السلام
مین مثل پارچہ بافی اور کشاورزی وغیرہ اور تدابیر اصلاح آلات اوسکی کے
تعلیم ہوئی تہی ہر گونہ محض للتدرفی للتد بلا شایبہ اغراض دنیۃ دنیاویہ اور اہتمام
توبہ معاصی اور زلات گذشتہ پر جو کہ اکثر خطاءً صادر ہون نہ عمداً کہ غالب حال

اونکا بے اختیار لزوماً و تعدیاً ہو وے جانا اونکی ہے - علی ہذا القیاس فیض اوسط
کا جو محدود و متعدد ہین بجنہ تعقات متوسطہ اثر مذکور مین مثلاً پہلو مرتبہ آدمیہ مرتبہ
اوائل مذکورہ کے مرتبہ نوحیتہ سی جو مرتبہ اول ہے مراتب متوسطہ کا قدم بقدم
حضرت نوح علیہ السلام ہے بطور مذکور مثلاً واسطی ایذا خلق بعد ابتدا خود و بعقل
خود کمر ہمت حسبت و حسبت باندہ کر باقصی مراتب تبلیغ احکام برنگ مقابلہ و مجادلہ
بے دغدغہ ساتہہ سہارا و رجاو بے پاؤں کی ساتہہ کمال کشادہ پیشانی کے مدت العمر
وذریش تہمار جو جفاکفار نابکار افخیار دعاؤں شرار ظاہر و باطن خلوت اور جلوت مین
کہلے چھپے آشکارا و نہان باوجود اصرار مبلغین کے اور معاصی اور استکبار رکہنے اور باو
تبری اور بیزاری اور تنفر اونکی کے قبول حق سے بلکہ صورت اہل حق سے اور انواع
و اصناف ایذا کی از قسم زد و کوب اور سب و شتم اور لعن و طعن تکبشاً شاقی اپنی منصب
پر قایم رہنا اور اپنا دستیرہ نہ چھوڑنا الغرض سب امور کا صدور بے اختیار حسبتہ
للہ بتبع صفت جو شان ہونا اور تابع رضا جوئی حضرت حق مطلق جلشانہ بہر حال
رہنا حتی کہ حکم حق کو اوپر حب خلق کے خصوص احب محبوب پر مانند پسر صلبی اپنے
کی ترجیح دینا اور صابر شاکر رہنا بحکم انہ کان عبداً شکوراً کہ خصایص نوحی مین سے
ہے اس خصلت سی فیضیاب ہونا بروجہ اتم و اکمل فقط علی ہذا القیاس پہلو مرتبہ نوحیتہ
مرتبہ ابراہیمیتہ سی منجملہ مراتب متوسطہ مذکورہ کے مثلاً وہ عبارت ہی کمالات مخصوصہ
حضرت ابراہیم علیہ السلام سی اول مرتبہ خلت مین جو خلال قلب اور سویدا دل
مین محبت الٰہی جلشانہ گہس جاوی اور تمام جہان کی محبت سے دل بیزار کر دیے
اور سب سی وارستہ پریشان وارستادی بموجب کریمہ واتخذ اللہ ابراہیم خلیلاً
خویش و تبار و دیار و در و دیوار رشتہ دار اور احباب و اصحاب سی بیگانہ وار کرکے
بکمال یکسوئی غیر اللہ سے صرف باہل بحق مطلق جل جلالہ ہو جاوے جو عبارت ہی

ان ابراہیم کان قانتاً للہ حنیفا الآیۃ سے موافق قولہ تعالیٰ انی وجہت وجہی للذی فطر السموٰت
والارض حنیفا وما انا من المشرکین اور نیز ان ابراہیم کان امۃ قانتا للہ حنیفا ولم
یک من المشرکین معنی امۃ کی اس آیت متبرکہ میں جامع کمالات ہیں یعنی جو کمالات کہ
ایک جماعت میں ہوں وہ تنہا نفس نفیس حضرت ابراہیم میں پائے اور آوازہ انی لا
احب الآفلین یک لخت بیزاری اور تبری سب سے اور بیخ کنی شرک تبرا پر
حسنہ بموجب کریمہ تاللہ لاکیدن اصنامکم بعد ان تولوا مدبرین اور شدید المناظرہ
بکمال دبدبہ و دمدمہ سے نمرود کے آگے بیش جابرہ اور الزام حجت باحسن تقریر تا شیر بموجب
کریمہ قال ان اللہ یحیی ویمیت قال انا احیی وامیت قال فان اللہ یاتی بالشمس من المشرق
فات بہا من المغرب فبہت الذی کفر کہ جس سے کافر نمرود مردود مبہوت و مخبوط رہ گیا
اور ہاتھوں کے طوطے اور منہ پر ہوائیاں اڑ گئے ہکا بکا رہ گیا اور نیز تاسیس قواعد دین ساتھ
کمال صدق و یقین کے اور اخلاص دعا اور توکل علی اللہ بموجب کریمہ واذکر فی الکتاب
ابراہیم انہ کان صدیقا نبیا بعد بناء کعبۃ اللہ بلا استعانت غیر سوائے فرزند دلبند
حضرت اسماعیل علیہما السلام کے بموجب حکم الہی درباره شرکت بناء کعبۃ اللہ موافق
کریمہ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم جو دلالت رکھتا ہے اخلاص عمل پر کہ جس کا اثر
دائمی پیدا ہوا۔ مثنوی حضرت مولانا روم قدس سرہ ؎ کعبہ را ہر دم تجلی می فزود
کین ز اخلاصات ابراہیم بود اور انواع اقسام کے مضامین کی دعا، اخلاص بنا،
جامع جو شامل ہوئے اولاد اور احفاد اور اتباع کو کہ جن سے قرآن شریف میں
اطلاع دی رب ہب لی من لدنک ذریۃ طیبۃ اور رب اجعلنی مقیم الصلوٰۃ ومن
ذریتی اور ربنا وتقبل دعاء ربنا اغفر لی ولوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب
اور روایت اما الیک فلا وقت ڈالنے کے آگ میں تمام ملائکہ کو صاف جواب دیا خصوصا
ملاء اعلیٰ سکان حظیرۃ القدس کو اور کہا کہ حسبی من سؤالی علمہ بحالی وقت تعلیم ملائکہ

[illegible]

نجات کو اوس مہلکہ سے ساتہہ کمال مصابرہ کے ایسی بلا سخت پر اور مستعد ہو جانے
ذبح فرزند حضرت اسماعیل پر بلا دغدغہ بلا عذر بلے وسواس اور پہر رک جانے پر فوراً
اوس ذبح سے بموجب فرمان الٰہی جلشانہ کی نہ کچہہ غرض ذبح سے تہی نہ کچہہ مطلب غیر
ذبح سے ملکہ اصل مقصد رضا رضا حضرت حق مطلق جلشانہ تہی بموجب آیات سورہ
والصافات قال یٰبنی انی اریٰ فی المنام انی اذبحک فانظر ماذا ترٰی الآیات تا آخر
قصہ ذبح اور مہمان نوازی اسقدر کہ بدون مہمان حتی الامکان تناول طعام نفرمانا
اور بار ابنہہ بہیہہ رہنا غرضکہ قدم بقدم حضرت ابراہیم علیہ السلام اس عزیز کا بے اختیار
ہونا اور ان مراتب سی فیضیاب ہونا علیٰ ہٰذا القیاس تلو مرتبہ ابراہیمیہ مرتبہ موسویہ
ہے جو حکایت کرتا ہے ساتہہ اولوالعزمی کے اور پر شجاعت اور جلادت اور ہمت
اور ہیبت اور غیرت اور مروت اور فتوت اور سخاوت کے اور اوپر مصابرت
ایذاء کفار کے اور ترک وطن اور سفر اور مہاجرت اور مسامرت یعنی ہمکلامی ساتہہ
حضرت رب العزت کے اور شرح صدر اور علم مناظرہ اور تقریر فصیح بعد رفع لکنت
اور ریاضت اور چلہ کشی اور صوم اور خلوت اور مجاہدت ساتہہ کمال مصابرت کی
اور انتظام لشکر کثیر اور بندوبست مالی و ملکی خصوص معاملات سخت ہر قسم کے ساتہہ
کفار فراعنہ ملاعنہ نخوت نشان کے اور پہر فروتنی اور عاجزی اور جہاد ظاہری
مدت العمر خصوص مقابلہ ساتہہ ایک قوم قوی عظیم الجثہ زبردست قوم عمالقہ کے
اور سرفراز ہونا ساتہہ ایک کتاب کی جو تہی ساتہہ تمامی کے کہ جسکی حق میں قرآن شریف
میں یہ لفظ نازل ہوئی تماماً علیہ اور ساتہہ اکثر معجزات عظیمہ کی مثل ید بیضا اور عصا
اور فلق بحر بموجب کریمہ وادخل یدک فی جیبک تخرج بیضاء من غیر سوء آیۃ اخرٰی
اور وما تلک بیمینک یا موسیٰ قال ہے عصای الآیۃ اور فکان کل فرق کالطود العظیم
اور غرق اعدا بچشم خود دیکہا جو دلیل ہے کمال خوش اقبالی کی اور لذت مناجات

بکمال عزت و وجاہت اور قربت جس سے حکایت کرتی ہے یہ آیت پر برکت وجیہاً
المقربین یعنی نزدیک کیا ہمنی اوسکو کر نوبت بسرگوشی پہونچی غرضکہ وکان عند اللہ
وجیہا ۔ اس قسم کے مراتب کی آثار اس عزیز مین پائی جاوین اور علی ہذا القیاس تلو
مرتبہ موسویہ مرتبہ عیسویہ ہی جو مظہر ہے اس امر سے یعنی شفاء مرضی اور زمنی اور اختیار
سفر بکثرت محض بغرض آسایش خلایق جو اونکی خدمت مین بسبب عذر نہیں پہونچ سکتے تہے
ساتہہ اعجاز کے یعنی ابراء اکمہ یا درزاد نابینا اور ابراء برص مرض سفید بدن والا اور
احیاء اموات بحکم خالق الموت والحیات جل جلالہ اور ترک و تجرید عدم اختیار نکاح واسطے
تقاضاء مرضی دوہر درازکے قبل از نزول آسمان سوائی اوس نکاح کے جو عہد جدید و برکت عہد
حضرت مہدی علیہ السلام مین ہوگا یعنی نکاح اور عدم تعیین مسکن اور عدم اختیار مرکب
اور بجالتا رکوب بمرکب حمار اور عبادت ساتہہ کمال جمال کے جو خاصہ شریعت عیسوی
تہا کہ اگر کوئی نالایق ناہموار از طپانچہ زنی رخسار مبارک پر پہونچاتا تو دوسرا رخسار
پیش کردیتا تا دوسرا طپانچہ مارے اور تزہد اور تعبد اور اعجاز قسم دیگر جو نافع خلایق
ہے یعنی نزول مائدہ و دسترخوان عام فراخ و فراز کہ ایکبارہ اوس سے طعام تناول کرتی ہزار ہا
آدمی پانچ پانچ ہزار آدمی کہانا کہا لیتے اور علم کتاب اور نیز عنایت کتاب بحالت
صغر اور کلام وقت پیدایش کلام نصیحت و حکمت آمیز اور صلہ رحمی اور حمایت والدہ جدہ
اپنی کے علی ہذا القیاس وہ عزیز اس قسم کے فیض سے غالباً اکثر اوصاف مین فیضیاب
ہو اور قدم بقدم اونکی ہو لیکن احیاء اموات سے مراد احیاء قلوب مردہ ہے یعنی جو
مردہ دل ہین وہ زندہ دل ہوجاوین یا مراد احیاء اموات سے ہے حقیقتاً اگرچہ
تعلق قدرت ہو جیسا کہ افراد اس امت سے نادراً ثابت ہوا کہ تفصیل اوسکی عنقریب
آتی ہے شرح آخر المراتب مین جو مرتبہ ہی حقیقت محمدیہ کا اور اوسکی فیض کا جو مراد ہے
فقرہ فیہ حمد کہہ کم سے فقط اور آخر المراتب جو مشیر ہے طرف حضرت حقیقت محمدیہ کا یہ

لے جو اثر ہو نور میں بلفظ وفیہ نبی کے تکلم وارد ہی۔ نیز بلفظ محمد کہ کہم اوسکی کچھہ تفصیل بقدر
حوصلہ مختصر کیجاتی ہے ورنہ کسکو طاقت ہی کہ تعبیر بالاستیفا اور بالاستقصا کرے
کہ بحکم اذا فاتک اللحم فاشرب المرق کو بہی غنیمت جان۔ پس جاننا چاہیئے کہ وہ مراد ہی
اوس وصف سے جو اکمل اور اقصی مراتب اور جامع جمیع مراتب ہی جو سایر انبیاء کی
کمالات خفی اور جلی کو شامل ہے اور بمراتب بالاتر ہی مثلاً عمدہ کمالات حضرت
آدم جد اعظم علیہ السلام منصب خلافت ہی بعد نفخ روح کے بموجب کریمہ انی جاعل
فی الارض خلیفہ اور نفخت فیہ من روحی اور مسجودیت ملایکہ بحکم فقعوا لہ ساجدین پس
واسطے حضرت خاتم النبیین صلعم کے کریمات وما ارسلناک الا کافۃ للناس بشیرا و
نذیرا ہ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین ظاہر ہی کہ خلیفہ بشیر اور نذیر ہوتا ہی رحمت
جو باعث ہی امن وامان کو پس ظاہر سجدہ ملایکہ آدم علیہ السلام کو بموجب فرمان
عالیشان اللہ تعالی جلشانہ کی طوعا او کرہا مگر بنظر ظاہر تہا سجدہ درحقیقت واسطے
نور محمدی صلعم کے جو مکنون اور مستودع تہا پیشانی حضرت آدم علیہ السلام میں
جیسا کہ ظہور استعداد توکل حضرت ابراہیم علیہ السلام وقت امتحان بلا بالقا نار
نمرود تہا بوجہہ نور کریم مذکور کہا حضرت ابراہیم نے اما الیک فلا یعنی سب کو جواب
دیا کہ مجکو تمہاری طرف کچھہ حاجت نہیں اور پہر بعد انتقال نور مذکور پیشانی حضرت
اسماعیل علیہ السلام میں ظہور توکل مذکور وقت ابتلا رسیلا ذبح اونکی کے تہا۔ یا ابت
افعل ما تومر ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین۔ اور دیکہو یہ سجدہ بطور تعظیم ظاہری تہا
نہ بطور تعظیم قلبی جسکو تبتل کہتے ہیں کہ جو شریعت محمدیہ میں قطعی کفر اتفاقی ہے چنانچہ
ظہور اوسکا اس عالم میں بہی بعد ہبوط حضرت آدم علیہ السلام ملوا لکو سجدہ عبادت نہ تہا
مگر امم سابقہ میں برسم تعظیم وتکریم مشروع رہا فی الجملہ صورۃ لوہی شرکت فی العبادت تہا
تہا اللہ تعالی وتبارک کی تو واسطے حضرت خاتم النبیین صلعم کے یہ امر ہی ناپسند فرمایا

اور اپنے حبیب کو اسکی وجہ خفی پر اطلاع الہامی اجمالی ایسی دی کہ بالکل بالطبع متنفر
الطبع کر دیا چنانچہ منظر وصیتہ انتہ آپ نے یہ دعا کی اللّٰهم لا تجعل قبری عیدًا اور
نیز روایت ہے اللّٰهم لا تجعل قبری وثنا یعبد تا کہ بعد وفات شریف بھی اسکا اثر محو اور
محوق رہے چنانچہ غور ہی کہ کیا اتنی عالی پر معاملہ ہے اور لیجئے حضرت آدم علیہ السلام
کو تعلیم اسماء اشیاء عطا ہوا کیونکہ لازمہ خلافت ہے اور بنسبت حضرت خاتم النبیین
صلعم علم اولین و آخرین علاوہ تعلیم اسماء و ہم مسمیات و حقائق و معارف ہوا کہ جنمیں علم
حضرت آدم بھی متلاشی ہوگیا اور آپ کی نسبت وعلّمک ما لم تکن تعلم وکان فضل اللہ
علیک عظیما جیسا کہ دیلمی رحمۃ اللہ نے مسند الفردوس میں ابو رافع رض سے حدیث نقل
کی ہے کہ واسطے میری امت میری متمثل ہوئی پانی اور گل میں اور تعلیم اسما ہوئی
ساتھ زیادتی علم ساتھ ذوات اور مسمیات کی معلوم ہونا چاہیے کہ یہ علم مقصود بالذات
ہے بخلاف صرف علم اسماء کے مثلاً معجزہ کمالات حضرت نوح علیہ السلام میں سے یہ ہے کہ کشتی یعنی
استقرار اوسکا اوپر پہاڑ کے تھا اور جریان اوسکا اوپر پانی کے وقت نزول
عذاب الہی جلشانہ کے اور وقت نجات کے اوس سے موافق درخواست اور
دعا حضرت نوح علیہ السلام کے اور حضرت خاتم النبیین صلعم کے کمالات میں
سے جریان پتھر ہی پانی پر کہ جسکی شان سے غرقاب ہو جانا ہے بخلاف چوب
کے کہ اوسکی شان سے تیرنا ہے پس جریان پتھر اکمل و اعجب ہے اور افضل چنانچہ
عکرمہ بن ابی جہل ایک روز کنارے آب بیٹھا تھا اوسنے خدمت بابرکت حضرت خاتم النبیین
صلعم میں عرض کیا کہ اگر تم راست گو ہو اے محمد صلعم تو پتھر جو دوسرے کنارہ پر ہے
پانی میں تیر کر اسطرف چلا آوے اور غرق نہ ہو آپ نے اشارہ کیا وہ پتھر تیر کر
اسطرف آکر پیش خدمت آنحضرت صلعم آ کھڑا ہوا اور شہادت رسالت آنحضرت
صلعم کی ادا کی آپ نے فرمایا کہ تجھکو بس کرتی ہے اے عکرمہ یہ مقدار تیری

دل کی تسلی ایسی امر سے شاید ہو کہا عکرمہ نے ای محمد کہہ اسکو کہ پہر اپنی جگہہ چلا جاوے
وہ پتہر مذکور طیر کر اپنی جگہہ پر واپس چلا گیا۔ اور علی ہذا القیاس بموجب اشارہ پیر آنحضرت
آنحضرت صلعم کے وقت قضاء حاجت کی جیسا انہوں نے بعض سفر غزوات مین واسطی حجاب کی
دو درخت اس کنارہ وادی سے ایک درخت اور دوسری سے دوسرا درخت آکر دونون
باہم مل گئے آپ لی بعد قضاء حاجت اشارہ کیا اپنی اپنی جگہہ پر دونون جا کہڑی
ہوی جیسا کہ مشکوۃ شریف کی باب المعجزات مین یہ روایت حضرت جابر بن عبد اللہ رضی
سے ہے اور مانند اسکی اسامہ بن زید بن حارثہ سے مروی ہے اکثر کتب مین
جاسی غور ہی کہ چوب کشتی حضرت نوح علیہ السلام حسب عادت متعارفہ پانی سے اپنی
جاری رہی کہ مناسبت رکہتی تہی مگر معجزہ اوسمین یہ تہا کہ وقت طغیانی پانی کے
حسب عادت متعارفہ اوسکی نجات ناممکن تہی مگر آخر مناسبت ہمہ گری آب چوب
تو تہی بخلاف اس معجزہ حضرت خاتم النبیین صلعم خاتم المعجزات صلعم کے کہ پتہر کو پانی مین
طیرنے سے اور چوب کو زمین مین چلنے سے کیا مناسبت پس منظر عام پر یہہ اعجاز فائق
تر ہے اور ہمچنان حضرت نوح علیہ السلام نے درخواست عذاب کری کہ رب لا تذر
علی الارض من الکافرین دیارا جو باعث ہلاک کل ہوا سوای اہل کشتی کے اور حضرت
ختمی پناہ صلعم نے اسقسم کی دعا کی رب اہد قومی فانہم لا یعلمون مطابق دعا بعض انبیاء
سلف کی کہ ایک نبی کو اونکی قوم نے لہو لہان کر دیا تہا تو اونہون نے بہی ایسا
ہی کہا تہا جیسا کہ وارد مشکوۃ شریف ہی کہ جب عبد یا لیل بن کلال نے طائف
مین واسطی ہدایت کی آپکو طلب کیا اور اوس ملعون نے لڑکی پیچہی لگا کر پتہر ونکے
مارنے سے بے ادبی کرائی اور لہو لہان کرا دیا اوسوقت آپنے اسقسم دعا مذکور کری
اور اوسوقت حضرت بلال رضی ہمراہ تہی وہ کہتی ہین کہ میری پاس توشہ جسکو جگر ان
نہین کہ زیر بغل بلال وارد روایات ہی یعنی اسقدر نہین کہ اوسکو بلال اپنے بغل

ہین چہپا رہی اتہی کنایت ہی کمال قلت سی اور یہہ ہی قوت رہا تیس رات دن تک یعنی ۵۰ روز تک اور حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نے پتہر مار ہی بدن مجروح کر دیا حضرت خاتم النبیین صلعم کے پتہر مار ہی بدن مبارک بہی مجروح کر دیا اور ثنیہ مبارک منجملہ دندان شریف شہید کر دیا کفار نی روز احد کی اور باوجود موجودگی حضرت نوح عذاب الہی بزنگ طوفان عام آیا اور سوائی اہل کشتی کے کسیکو نجات نہوئی اور بعد درخواست آنحضرت خاتم النبیین صلعم بپاس خاطر وجود مبارک اونکی یہ ارشاد ہوا کہ وما کان اللہ لیعذبہم وانت فیہم الایۃ اور اگر حسب مقتضای وقت درخواست عذاب بہی ہوئی تو یہ ارشاد ہوا کہ لیس لک من الامر شیئ او یعذبہم او یتوب علیہم فانہم ظالمون یعنی تا دیبًا نظر بر شیہ عالی کہ تو تو رحمۃ للعالمین ہے بموجب کریمہ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین تجکو زیبا نہین اس قسم کی دعا کرنی بلکہ اوس قسم کی دعا زیبا ہی جو باعث نجات اور رحمت ہو جیسا کہ گذرا رب اہد قومی فانہم لا یعلمون چنانچہ پہر واسطی بعض قبایل عرب کی بعد بد دعا کرنی کے اوپر بعض قبایل کے مانند رعل اور ذکوان اور عصیۃ کے دعا نیک کری بدین الفاظ مرویہ بخاری شریف وغیرہ صحاح ستہ کی اللہم اہد دوسًا وآت بہم یعنی یا اللہ انکو ہدایت کر اور اسلام کی طرف انکو لا مثلا عمدہ کمالات ابراہیمی علیہ السلام سی مرتبہ خلت ہے تو آپکی واسطی درجہ حبیبیہ محبوبیہ ہی لاشک یہ مرتبہ خلت سی افضل اور اعلی ہین اور زیادہ قبولیت کی شان ہین اور نیز قبولیت حضرت ابراہیم علیہ السلام بنسبت قبولیت حضرت خاتم النبیین صلعم خاص ہے اور وہ شامل اور حاوی اور عام ہے کیونکہ وہ رحمت للعالمین ہین بالطبع اوسکی طرف میلان خلق ہوتا ہی جسکی سبب سی راحت اور آرام اور امن و امان کلی اور عام یعنی رفاہ خاص و عام دینی و دنیاوی پہونچی کہ غایت درجہ اثر رحمت یہی ہے اور محفوظیت نار نمرود سے سلامتہ برد وسلام کی جو اثر خلت ہو اثر حبیبت اور محبوبیت یہ ہوا کہ واسطی

اس امت مرحومہ کے خود دوزخ نے بعض مومنین سے اس امت مرحومہ کی درخواست
کریگا جز یا مومن فان نورک اطفأ ناری یعنی جلد گذر جا تو اے مومن سواسطے کہ
نور ایمان تیرے نے بجھا دیا آگ میری کو اور منجملہ عمدہ کمالات ابراہیمی علیہ السلام
مین جو توکل اور اخلاص تھا وہ مذکور ہو چکا عنقریب تذکرہ کمالات ابراہیمی ہین کہ
طفیل نور محمدی تھا صلعم جو اوسوقت پیشانی حضرت ابراہیم علیہ السلام مین تھا اور نیز
کمالات آدمیتہ مین یعنی کمالات حضرت آدم علیہ السلام مین ضمنًا اور علی ہذا القیاس مقام
توکل اور اخلاص اور رضا بالقضا اور صدق وعدہ جو کہ عمدہ کمالات اسماعیلی مین سے
تھا علیہ السلام کہ بسبب نور مذکور قدم بقدم اپنی والد بزرگوار کی تھے جیسا کہ قصہ ذبح
مین مذکور ہوا علیہما السلام اور حضرت خاتم النبیین صلعم نے کبھی وعدہ خلاف نہین کیا اور
وعدہ شفاعت کبرٰی کیا کچھ بڑا کمال ہے حضرت کا صلعم رزقنا اللہ تعالی فی حظ الشفاعات
ورفع الدرجات آمین ۔ اور عمدہ کمالات ادریسی مین سے علیہ السلام بموجب قول
حقتعالی جلشانہ انہ کان صدیقا نبیا ورفعناہ مکانا علیا داخل ہونا جنت مین قبل از ہمہ
عالم بطور دخول غیر متعارف شرعی کے یعنی قبل از یوم حشر بموجب اکثر روایات کے پس
دخول حضرت بلال رض بموجب اسحدیث کی قال رسول اللہ صلعم ما ارجی عملک دخلت الجنۃ
فوجدت فیہا خشخشۃ نعالک فقال ارجی عملی عندی کلما توضات صلیت رکعتین وعلی ہذا القیاس
حال دخول جنت رمیصا اور کسی روایت مین لفظ غمیصا وغیرہ یا حضرت صلعم نے کہ دیکھا
یعنی ام سلیم کو کہ جسکا لقب رمیصا ہے یعنی ڈھیلے آنکھ والی عورت اور لقب غمیصا رہے
یعنی چوندھی عورت کہ لقب اونکا وارد روایات حدیث ہے اور مشہور یہی اور یہ
ام سلیم والدہ حضرت انس رض صحابی خادم رسول اللہ صلعم ہین اور ام سلیم مذکور بھی
صحابیہ ہین معلوم ہوا کہ اگر لقب ناخوش بنظر حقارت نہو اور غالبًا بیان واقعی ہو
تو جایز ہے اور کثرت اور شہرت کی سبب سے معنی وصفی پر نظر نہ رہی بمنزلہ علم ہو جاتے ہے

مثل عبد الرحمان الاعرج وارد اسناد ابی ہریرہ رضو تو داخل عبید ولا تنابزوا
بالالقاب نہین پس اگر متبتلین خاتم الیسی مراد رکہین اس لقب خاتم سے تو چندان
مضایقہ نہین اگرچہ نظر بالتباس صوری بہتر تو نہین مگر وہ صاحب تو معنی وصفی پر
جم رہی ہین جیسا کہ اعور لقب مشہور رجال اسانید احادیث مین صحاح ستہ وغیرہ مین
شایع وذایع ہے بلا نکیر جب حال صحابہ یہ ہو تو کیا کچہہ دلالت ہی شرف رتبہ حضرت
خاتم النبیین پر صلعم اور آپ نی صلعم ایک عورت سی وعدہ کیا اوسنی عرض کیا کہ جو
مین آپکو نہ پاؤن تو فرمایا کہ جو مجکو نپاوی تو تو حضرت ابو بکر کے پاس آنا پس آپ کا وعدہ ہو آشہ
ہوا کیا کچہہ بڑی فضیلت ہے کہ ابو بکر وعدہ مین شامل کیا اور نیز دلیل خلافت حضرت
ابو بکر ہے رضہ فافہم جیسا کہ یہہ روایت سنن ابی داود مین ہے اور مشکوۃ شریف
مین بہی ہے اور منجملہ کمالات موسوی علیہ السلام سی عصا اور ید بیضا ہی سو حضرت
خاتم النبیین صلعم کی خدمت بابرکت سی وقت شب بعد نماز عشار دو صحابہ نے قصد
اپنی اپنی گہر جانا کا کیا جب راستہ دونونکا مشترک رہا تب تک عصا ایک صحابی کا مثل
مشعل مشتعل رہا جب راہ متفرق ہوا عصا دوسری صحابی کا بہی ویسا ہی روشن
ہو گیا نام ہر دو صحابی مذکور اسید بن حضیر اور عباد بن بشیر ہے چنانچہ یہہ حدیث نیز
مشکوۃ شریف مین بہی ہے اور نیز بخاری وغیرہ مین علی ہذا القیاس روایۃ قتادہ بن
النعمان رضو صحابی مشہور مین بعد نماز عشار کی جو حضرت خاتم النبیین صلعم کے ساتہہ گذاری
تہی اور رات ابر و باران کی تہی حضرت صلعم نے ایک شاخ خرما اونکی ہاتہہ مین دی
اور فرمایا کہ اسکی روشنی مین جو پس و پیش دس دس گز ہوگی اپنی گہر جا اور جب تو گہر مین
اپنی داخل ہوگا وہان سانپ سیاہ ہوگا اس سے اوسکو مار ڈالنا اور باہر نکالکر
ڈالدینا یہ روایت کی ہے ابو نعیم نے پس ظاہر ہوا کہ حضرت موسی علیہ السلام کا عصا
خود سانپ ہو جاتا تہا اور یہ عصا سانپ کش تہا کسقدر دلالت ہی شرف رتبہ پر

اور واسطہ نہ گذری کسیکو یہ کہ فضیلت ہوتی ہے اور نہی سکے اسواسطی کہ یہ فضیلت
صحابہ نہ تہی بلکہ یہ فضیلت آنحضرت صلعم ہے اسواسطی کہ بدون وساطت آنحضرت
صلعم کیا امکان تہا کہ ایسی امور فاضلہ کا صدور ہو صحابہ سی اور علی ہذا القیاس
روایت حمزہ اسلمی سے ہی کہ ہم ہمراہ آنحضرت صلعم کے تہی سفر مین متفرق ہوگئی
شب تاریک مین میری انگلیان روشن ہوگئین اوس روشنی مین ہم سب جمع ہوگئے
کوئی ہلاک نہوا اور میری انگستان روشن تہین اور نیز آنحضرت صلعم نے ایک صحابی کو
واسطی دعوت کی اور ہدایت اوسکی قوم کو بہیجا تہا اوسنی نشانی طلب کی آپ نے
اپنی انگشت مبارک درمیان دونون آنکہون اوسکی کے ماری اوسجگہہ ایک
سفیدی اور نور ظاہر ہوگیا مانند روشنی ید بیضا حضرت موسی علیہ السلام اوسنی عرض
کیا کہ مین ڈرتا ہون کہ آدمیونکو خیال مرض برص کا ہوگا آنحضرت صلعم نے اوسکو
اپنی کوڑی مبارک کے ساتہہ مٹا لیا پس غور کامل درکار ہی کہ ہرگاہ حال خادمان
آنحضرت صلعم یہی تو پہر آپکی شان تو پس رفیع ہے اور وہ بہی شان آنحضرت صلعم
ہی ہے جیسا کہ توجیہہ عنقریب گذری اب غور درکار ہی کہ جب اشاعت دین
محمدی صلعم اور تائید ظاہری اور باطنی صحابہ جو انبیاء نہ تہی مانند کارروائی انبیاء
اولوالعزم کرائے تو کیا ضرورت رہی خواتم ستہ بلکہ اسی مین آنحضرت صلعم کے
شان مبارک زیادہ ہے فافہم۔ اور عصاء حضرت موسی علیہ السلام سے دریا
نیل جہپٹ گیا اوس سے زیادہ یہ معجزہ ہے کہ آپ نے باشارہ انگشت مبارک
شق قمر کردیا اور تصرف سماوی اور ارضی مین فرق زمین و آسمان ہے اور معراج
حضرت موسی علیہ السلام تا بکوہ طور سینا تہی اور معراج حضرت معراج الانبیاء صلعم
تا بلا مکان ہوی اور درخواست حضرت موسی علیہ السلام رب ارنی انظر الیک
ہوی اور نسبت حضرت خاتم الانبیاء صلعم۔ الم تر الی ربک کیف مد الظل آیا ہے

یہہ کلمہ الم تر قران مجید مین نسبت آنحضرت صلعم موجود متلو ہے جاننا چاہیی کہ اس درخواست
پر حضرت موسی علیہ السلام نے دارغ لن ترانی کہا یا اور خاتم النبیین صلعم سی خود درخواست
کی درخواست ارشادی اور ہدایتی یعنی دیکہہ تو طرف رب اپنی کی آور فرق درمیان
ان دونون امر کے یا ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام نے حسب حوصلہ استعداد
اپنی کے درخواست رویتہ الہی چلنا نہ اس دار دنیا مین جو محال ہے کی لی ہا کانہ
مدہوش نانہ اور انحضرت صلعم نے جو حسب حوصلہ استعداد دوا فزا اپنی کے اس امر کو محال
جانکر درخواست رویتہ نکی اور پاس ادب رکہا اور مدہوش نہ ہوی اور نہ بیباک ہوی مانند
حضرت موسی کے ارشاد ہوا کہ کیا نہین دیکہا تو ن طرف رب اپنی کے یعنی دیکہہ
تو طرف نشانیون قدرت اپنی رب کی اور طرف مظاہر صفات اپنی رب کی بخلاف
حضرت موسی کے کہ اونکو ارشاد ہوا کہ تو جو دیکہی ہے ایک امر محال کے نسبت اس
دار کی یعنی دار دنیا کی گو فی نفسہ وہ آخرت مین جایز ہے اس عبارت مین بطور
مناظرہ کی بصورت الزام حجۃ استدلالی کے حوالہ طرف جبل طور سینا کی ہوا فافہم
فافہم کنہ المقام اگرچہ معنی الم تر کی اور روایات مین مانند الم تر ان الفلک تجری
فی البحر الم تعلم ہین مگر اس آیتہ ظل مین یعنی الم تر الی ربک
کیف مد الظل مین بسبب صلہ لفظ الی کے معنی الم تعلم درست نہین ہوتی لہذا یہ
توجیہہ جوینی کی یہ سب صحیح ہے یعنی دیکہہ اب جاننا چاہیی کہ رتبہ عالی کونسا ہے
اور ان استقر مکانہ فسوف ترانی اس آیتہ مین رد ہی مذہب شیعہ رفضہ اور معتزلہ
پر کہ وہ منکر ہین رویت الہی کے مطلقا دار دنیا اور دار آخرت مین اسواسطی کہ
استقرار جبل ممکن تہا تو تعلیق بالمحال مطابقا ہوا نسبت رویتہ کی معلوم ہوا رویتہ مطلقا
محال نہین بلکہ محال ہے سا تہہ قید اس دار دنیا کی اور حضرت موسی کو بسبب قلت
استعداد کے حکم سرزنش ہوا نسبت تجلی کے کسوت نارشجری مین اور ندا ہوئی یا موسی

انی انا اللہ رب العلمین اور نیز حکم ہوا واسطے الدینی عصاکی کہ اعتقاد غیر مرتبہ حجابی ہی اور
پہر اوسکو سانپ کر دکہایا کہ انجام کار اعتماد غیر کا یہی ہی اور پہر ارشاد ہوا لا تخف انی
لا یخاف لدی المرسلون اور حضرت خاتم النبیین صلعم کی نسبت بلا ورزش اول ہی
مرحلہ مین ارشاد ہوا ما زاغ البصر وما طغی لقد رای من آیات ربہ الکبری یہ بہین تفاوت
رہ از کجا ست تا بکجا وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ وعلی جمیع المرسلین وآلہ وصحبہ اور آنحضرت
کے حق مین ارشاد ہے نور علی نور یہدی اللہ لنورہ من یشاء اشارا ہوا ہی کہ سب انبیاء
نور ہین اور آنحضرت صلعم نور علی نور ہین سبحان اللہ کیا رتبہ عالی ہے اور واسطے حضرت
موسی کے چشمہ نکلی سنگ سے جو ایک امر متعارف ہے اگرچہ اسمین اعجاز ہے کہ وہ
سنگ مقطوع تہا اور ہمراہ رہتا تہا مگر کالجبال نہ تہا جو باعث استغراب ہوتا مگر ایک طرح کی
مناسبت تو ہے چندان امر ناشناختہ نہین بخلاف اسکی کہ آنحضرت صلعم کی انگشتان
مبارک سے چشمہ جاری ہوئے کہ مناسبت ہی نہین یہ امر اعجز الاعجازات اور افضل المعجزات
ہوا اور حسن ملیح آنحضرت صلعم کا بہ نسبت حسن صبیح حضرت یوسف علیہ السلام کے بالاتر تہا
کہ فرمایا انا املح واخی یوسف اصبح یہہ روایت تفسیر سورہ یوسف علیہ السلام ملا معین رحمۃ المدین
مذکور ہے یعنی میرا حسن نمکین ہے اور حسن یوسف سفید ہے یعنی بے نمک ہے اور حیا
اور لحاظ اور پاسداری آنحضرت صلعم کی بہ نسبت اور حضرت انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے
جو کمال لیل ہے اور بواسطہ اخلاق عظیمہ کے بموجب کریمہ انک لعلی خلق عظیم بالاتر ہی فرمایا
آنحضرت صلعم نے کہ میں نے عفریت کو یعنی ایک دیو سرکش کو جو میری نماز قطع کرنے آیا تہا پکڑ
کر چہوڑ دیا بسبب لحاظ دعوت بہائی سلیمان علیہ السلام کے - رب ہب لی ملکا لا ینبغی لاحد
من بعدی انک انت الوہاب ورنہ ستون مسجد سے باندہ دیتا لڑکے مدینہ منورہ کے
اوسکی ساتہہ کہیلتی غور در کار ہے کہ اسمین لحاظ اور حیا اور پاسداری بہی کمال ہے
اور زور آوری بہی اور تصرف مخلوق قوی پر بہی کمال ہے بلکہ پکڑ لینا حضرت ابوہریرہ

صحابی رضہ کا یا تہہ ابلیس شیطان کو جسوقت چوری کرکے لے چلا تہا غلہ وغیرہ صدقات
کو وقت نگہبانی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے اوپر یعنی صدقات کے اور منت سماجت کرکے
چہوٹے بول کر کہ پہر نہ آؤنگا خلاصی پائی دو رات یہہ معاملہ رہا اور آنحضرت صلعم براہ
اعجاز فرماتے رہے حکایت اس قصہ شبینہ کی بدین الفاظ کہ ما فعل اسیرک البارحۃ یعنی
کیا ہوا قیدی تیرا کل کی رات کا یا کل کی شام کا ای ابوہریرہ اور فرماتی رہے
کہ کلکو وہ پہر آویگا اور تعلیم کر گیا اونکو آیت الکرسی اس اقرار پر کہ مجکو چہوڑ دی پہر نہ آؤنگا
لایقربک شیطان اسکی تاثیر یہہ ہے کہ شیطان بہاگ جاتا ہے اس سے اور آنحضرت
فرماتے رہی کہ وہ اگرچہ جہوٹا ہے مگر اس تعلیم ایۃ الکرسی مین اور اوسکی تاثیر مین سچا ہے
غرضکہ کیا تصرف عظیم ہے آنحضرت صلعم کا کہ ایک صحابی کا یہ تصرف ہوا اور اس حدیث
سے یہ واضح ہوا کہ کبہی نفع دین کا مرد فاسق سے بہی ہوجاتا ہی اور اخذ امر مشروع
کا فاسق سے جائز ہی بشرطیکہ اوسکو عادل تصدیق اور تسلیم کری چنانچہ وارد حدیث
شریف ہے ان اللہ لیؤید ہذا الدین بالرجل الفاسق فافہم اور بمقابلہ اعجاز چلنی تخت
حضرت سلیمان علیہ السلام کی ہوا پر کل مسافت صباح و مسا آمد رفت یمن سے شام
تک اور شام سے یمن تک صبح و شام تہی براق آنحضرت صلعم کا ہی براق کو ہوا سے
کیا نسبت وارد حدیث شریف صحاح ہے یضع حافرہ عند اقصی طرفہ یعنی جہانتک
اوسکی نظر جاتی تہی وہان پر اوسکا قدم پڑتا تہا اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا لشکر
جن و انس تہا آپ کا لشکر جن اور انس اور ملایک بلکہ ہمراہ براق کے آمد رفت مین بطور سیاحت
مرکب براق اور عہدہ نقابت وچوبداری طرقوا طرقوا اور السیک السیک گویان اجی ہٹو
بڑہو ایک طرف ہوجاؤ الگ ہوجاؤ وکمال شاطری و چستی وچالاکی حضرت جبرئیل عم
حاضر ہے اور پہر اپنے مکان سے سر مو تجاوز نکیا یعنی سدرۃ المنتہی سے — اور اعظم
تصرفات اور آیات معجزات الٰہی حضرت عیسی علیہ السلام کے ابرا اکمہ مادرزاد نابینا اور

ابرص سفید بدن والا لسبب مرض برص کے کہ لا علاج امراض ہین پس صدور و ظہور ان
امور کا آنحضرت صلعم سے مروی ہے کہ روز جنگ احد صدمہ زخم سے آنکھہ حضرت قتادہ
صحابی رضہ کا حدقہ چشم سی نکلکر باہر آ پڑی آنحضرت صلعم نے اوسکو اوسکی خانہ مین رکھدیا
پہلی سے آنکھہ بہتر ہوگئی دوسری آنکھہ درد کرتی یہ آنکھہ کبھی درد نکرتی اور اوس سے زیادہ
تر روشن تھی اور عورہ معاذ بن عفرا کو مرض برص کا تھا آنحضرت صلعم سے عرض حال کیا
آپکی دست مبارک مین چھڑی تھی اوس سے چھو دیا حقتعالی جلشانہ نے شفا عطا کردی
اسکو امام بیہقی نے روایت کیا ہی دلایل النبوۃ مین اور صاحب مواہب لدنیہ نے بھی اس
روایت کو نقل کیا اور ایک شخص نے آکر عرض کیا اگر میری دختر کو یا رسول اللہ آپ زندہ
کردین تو مین ایمان لاؤن آپ نے فرمایا اوسکی قبر پر کھڑا ہوکر آواز دی فلانی اندر
سے قبر کے آواز آئی لبیک وسعدیک یا رسول اللہ آپنے فرمایا کہ دنیا مین ہٹ کر آنا تجکو
منظور ہے اوسنے عرض کیا کہ واللہ آخرت کو دنیا سے بہتر پایا اور چند بار احیاء اموات
کا معجزہ آپ سے صادر ہوا چنانچہ شواہد النبوۃ مین حضرت انس بن مالک رضہ سی روایت
ہے کہ ایک عورت پیر سیا کا جوان بیٹا مرگیا جسوقت اوسکو دفن کیا اوسنے کہا خداوندا
تو دانا ہے کہ مینی ہجرت کی تیرے رسول کیطرف اس امید پر کہ میری تو مدد کریگا
اور فریادرسی کریگا ہر ایک شدت اور محنت مین مجہہ پر اسقدر بوجہہ مت رکھہ مصیبت کا یعنی
مجہہ سے بیصبری ہوگی جو باعث ہوگی معصیت کی ہنی اوس جوان کے موہنہ سے کپڑا ادور کیا
وہ زندہ ہوگیا اور ہمارے ساتھہ کہانا کہایا اور ایک روایۃ مین ہے کہ پہر مرگیا یہہ
مقدمہ بعض صحابہ سی داخل معجزہ کے تہا ایک عمدہ نکتہ ہے کہ حضرات صحابہ سے جب ایسا صادر
ہو تو آنحضرت کی صلعم شان تو بس بلند ہی یہ سب کرامات راجع اور عاید طرف معجزات
کہا ہین اور مواہب لدنیہ مین مروی ہے نعمان بن بشیر صحابی سے رضہ زید بن خارجہ
سرداران انصار سی تہی رضہ اثنا راہ مین منجملہ راستون مدینہ منورہ کی چلی جاتی تھے

مابین ظہر اور عصر کے سنہہ کی بل گر کر مر گئی انصار کی عورتان اور مرد آگر گریہ وزاری
کرنے لگی یہانتک کہ درمیان مغرب اور عشار کی اونسی آوازسنی کہتی ہتے
محمد رسول اللہ النبی الامی خاتم النبیین لا نبی بعدہ وکان ذالک فی الکتاب الاول
وصدق وصدق ہذا رسول اللہ السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ روایت
کیا ہے اسکو ابن ابی الدنیا نی کتاب من عاش بعد الموت مین اور یہہ روایت
نہایت موید ہی ہماری دلایل کو اور اس قسم کی روایات دربارہ معجزات بہت کچھ
مدارج النبوۃ مولفہ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی قدس سرہ مین مروی ہین یہ
ہی کفایت کرتی ہین اگر شبہہ کیا جاوی کہ یہہ مردہ شاید مسکوت ہوگئی ہون
اور زندہ ہون تو غلط ہی اسواسطی کہ حاضرین اوسوقت کی بے تنقیح اس امر کی
بالمعاینہ کرلی ہتی ایسا شبہہ قابل اعتبار نہین کہ سکتہ امر حسی ہین ہے امتیاز
درمیان سکتہ اور مردہ کے بس متعارف شایع ذایع ہے اور قطع نظر اس سے
احیاء اموات امور ممکنات مین سے ہی نہ ممتنعات کسی معجزہ حضرت عیسی علیہ السلام
اور اونکی اتباع کا ثابت ہی ہرگز مستبعد نہین اور نہ کوئی دلیل شرعی اسکی امتناع
شرعی ہونے پر قایم ہوئی ہے اگرچہ ممتنع عقلی ہو کیونکہ تا وقتیکہ امتناع شرعی ہو
تبکو اوسکی پیروی لازم نہین پس ممکن عقلی ممتنع شرعی ہین مانند سحر کی یہامر اس
قبیل سے نہین بلکہ ثابت الاصل ہین عقلاً وہم شرعاً فافہم اور یہہ امر ایسی خصایص
نبیوی مین سے شرعاً نہین ثابت ہوا کہ اور انبیا رتک انبیا ومرسلین اور انبیا رسلین
تک یا اونکی اتباع تک نتہا وزنکری حضرت ابراہیم علیہ السلام سی منصوص قرآنی ہے
قولہ تعالیٰ واذ قال ابراہیم رب ارنی کیف تحی الموتیٰ قال اولم تؤمن قال بلی ولکن
لیطمئن قلبی قال فخذ اربعۃ من الطیر فصرہن الیک ثم اجعل علی کل جبل منہن جزاً ثم
ادعہن یاتینک سعیا واعلم ان اللہ عزیز حکیم اور قصہ اذ ارسلنا الیہم اثنین فکذبوہما

فرمودنا ثابت موجود ہے تفسیر درن میں سے ملاحظہ کرنا چاہئی اور اس رسالہ میں بہ تشریح کسی

قسطاس میں تحریر ہو چکا ہے اور اگر یہہ کہا جاوی کہ یہہ معجزہ سورہ یٰس والونکا منسوب

ہی طرف عیسیٰ علیہ السلام کی تو فہو المراد کہ صدور اس امر کا یعنی احیار اموات کا صحابہ کرام

سے منسوب ہی طرف آنحضرت صلعم کی قبائل اور صدور معجزہ احیار والدین ابنی کا

آنحضرت صلعم سی ثابت ہی اور ایمان لانے مین اونکی اختلاف ہی یہ امر آخر ہے اگرچہ

نزدیک متقدمین محدثین کے ایمان لانا اونکا صحیح نہین مگر نزدیک متاخرین کے ثابت ہی

اونہون نے ثابت کرکے پایہ ثبوت کو پہونچا دیا ہے حضرت اوستادی اوستاد الآفاق

تاج المحدثین مولانا محمد اسحاق محدث قدس سرہ نے وقت سند جامع الاصول کے کہ اوس روز

نوبت قرات سبق مین مولوی بار علی صاحب عظیم آبادی کی تہی ۱۲۵۹ ہجری مین مجکو یاد ہی یہی

سنا فرمایا تین قول مین سے قول معتبر اس باب مین سکوت ہی احتیاطا اگرچہ یہہ دو قول

بہی فرماتے تہی کہ موت اوپر کفر کے ہوئی یا اللہ تعالی نے اونکو زندہ کیا اور وہ ایمان

لائے اور ان دونوں قول معتبر علما ایمان فرماتے ہتے اور علما اور افضل اور اشہر

اور ابقی اور ادوم اور اظہر اور ابہر معجزات حضرت خاتم النبیین صلعم مین سے کلام الٰہی

فرقان حمید قرآن مجید ہی کہ تا قیام قیامت مستمر اور پائندہ اور متلو اور محفوظ لفظا

ومعنی لفظا وقرات ہی مشتمل ہے اوپر کمال فصاحت اور بلاغت کے کہ عند التحدی والمقابلہ

کفصحا اور بلغار عرب اور فتح اونکی کے بنا لانے ایک سورت سی کیا بلکہ ایک آیت سی بہی

عاجز ہوگئی **قولہ تعالیٰ** قل فاتوا بسورۃ من مثلہ وادعوا شہداءکم من دون اللہ ان کنتم صادقین

اور سورہ ہود علیہ السلام مین ام یقولون افتراہ قل فاتوا بعشر سور مثلہ مفتریات وادعوا

من استطعتم من دون اللہ ان کنتم صادقین نہایت کار نظر بکمال اعجاز یہ ارشاد ہوا کہ قل لئن

اجتمعت الجن والانس علی ان یاتوا بمثل ہذا القران لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضہم لبعض ظہیرا

اسواسطی کہ سراپا قرآن شریف نہایت اعجاز فصاحت وبلاغت مین ہے جا بجا بتقاضا

تمام قرآن شریف کوئی کتاب پوری اور عبارت پوری بنالاؤ خواہ کوئی آیت کوئی
صورت جو جز ہے بلا تفصیل و بلا تعیین بنا لاؤ وفافہم اور جانا چاہئے کہ خارج کرنا ملائکہ
کو اس آیت میں سے اور نہ شامل کرنا اونکا ساتھ جن و انس کے باوجود ہونے کے
ذوی العقول میں سے اس وجہ سے ہے کہ ملائکہ معصوم ہیں مدعی اور معارض اور متحدی
قرآن شریف کی نہ تھے اور معہذا ضمناً عجز ملائکہ بھی فی نفسہ لازم آیا اسلئے کہ ہرگاہ جن
والانس باوصف معہا موجد اشعار اور اشعار آموز کی عاجز آئے تو ملائکہ تو بطریق اولی
عاجز ہیں اور سب گروہ ملائکہ میں اعلم حضرت جبرئیل علیہ السلام حامل وحی ہیں اونکی نسبت خود
لفظ امین قرآن شریف میں نازل ہے اور مقابلہ منافی ہے ایسی بات کو جسکی عظمت کا
اعتراف ہو اور فوقیت کا اقرار قند تبرا اور یہہ عرض جواب جانب ملائکہ سے کہ اتجعل فیہا من یفسد فیہا
ویسفک الدماء ونحن نسبح بحمدک ونقدس لک بروقت فرمانے حق تبارک وتعالی کے انی جاعل
فی الارض خلیفہ بطور مقابلہ اور مفاخرت نہ تھا بلکہ بطور مناصحت حسب لیاقت اور حوصلہ اپنے
کی تھا براہ لاعلمی کے جسکا جواب یہ پایا قال انی اعلم ما لا تعلمون اور بطرز امتحان کی تھا
اور واسطے اظہار شرف رتبہ انسان کے فافہم اور نزول کتب سماوی اکثر بزبان عجم ہے
اور قرآن شریف کا نزول بعبارۃ عربی بے شک زبان عربی افصح اور ابلغ ہے سب
زبانوں سے اور فائق وارد احادیث مشاہیر ہے لسان اہل الجنۃ عربی اگرچہ بطور
روایت قرطاسی کے بعض حواشی درمختار پر نظر سے گذرا کہ زبان اہل جنت کی دری
ہے اور دری زبان فارسی لغت بلخ سے معطا اور اگر خطرہ مخطور ہو کہ اور کتب منزلہ
اور فرقان حمید دونوں کلام الٰہی ہیں پھر تفاوت فصاحت بلاغت کیا ہے کہ بایات تلک گرچہ متفاوت الفصاحت فی الکلام ہے
کہ بعض کلام الٰہی پر بعض کے فائق ہے فصاحت و بلاغت میں بارادہ الٰہی واسطے اظہار فضل رتبہ کے مانند تفاوت مراتب انبیاء کی رسل علیہم السلام
کے تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض ایسا تفاوت جو مشابہ ہے اور مساوی نہو کلام
مخلوق کے جیسا کہ غیر نبی اور رسول مساوی نہیں نبی اور رسول کو کیونکہ مقتضائی لفظ

بعضہم علی بعض بہی ہے علی ہذا القیاس فتنبہ اور جاننا چاہیے کہ عمدہ اعجاز عیسوی علیہ السلام
اوسکا احیاء اموات اور شفاء مرضی تہا یہ بہی ہے بیشک اعجاز قرآن مجید اصلاً نہیں ہوسکتا
اسواسطے کہ اعجاز قرآنی باعث احیاء حیات روحانی ہے جو عبارت ہی احیاء ایمانی
سے اور یہہ مستمر اور دایم ہی اور وہ اعجاز عیسوی ایک امر آنی غیر مستمر تہا بہ نسبت
اعجاز قرآنی کے اور احیاء ایمانی کے اور اگر یہ عذر کیا جاوے کہ احیاء روحانی انجیل
مقدس سے بہی حاصل تہی پس جواب اسکا ظاہر ہی کہ برکات انجیل مشابہ برکات قرآن مجید
ہرگز نہیں کماً وکیفاً و زماناً فاحفظ پس خلاصہ یہ ہی کہ ذات بابرکات عالی صفات معالی سمات
حضرت سید کائنات خاتم النبیین آخر المرسلین سید الاولین والاخرین علیہ افضل الصلوۃ
والتسلیم جامع جمیع کمالات تمامہ انبیاء و مرسلین اور مجموعہ جمالات سایر رسل با کمالات
اجمعین اکتعین ابصعین ہے شی زاید و امر نافل ہے پس وہ ما عزیز مسمی بمجد مندرجہ اثر مذکور
جو قدم بقدم ہین حضرت خاتم النبیین کے جو بادی ہین طبقات سافلہ ماننداور اوادم
اور انواح وغیرہ او واسطے کی اور اوایل کے بشرط وجود مکلفین وہان اور عیسی نبی ہین جسکو
براہ مبالغہ اثر مذکور مین بلفظ نبی مجازاً تعبیر کیا اور دلایل ترجیح اسکی سے تمام قسطاس
مشحون و ممتلی ہین وہ سب اوایل اور اواسط اور اواخر مستفید ہین آثار اور اطوار
سے اور منور ہین انوار سے اپنی اپنی متبوع کے طبقہ ارض علیا سے جسکی ہمنام ہین اور یہہ
مطلب مشرح کیا بلکہ واضح ہے تحقیق شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ مندرجہ کتاب
انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ سے کہ قدم بعض اولیاء بقدم بعض انبیاء ہی حضرت ابراہیم
اور حضرت آدم اور حضرت موسی اور حضرت عیسی اور حضرت خاتم الانبیاء علیہم السلام
جس جگہ تحقیق کی ہے اصطلاح نظر بر قدم اصطلاح صوفیہ کرام کی واللہ اعلم۔

قسطاس سی و پنجم منجملہ اون قسطاس کے جو مشتمل ہین اوپر رفع بعض شبہات کے
جو ناشی ہین منافی غیر مستقیمہ سے اثر مذکور مین و دفع خدشات کو جو ناشی ہین منافات احتمالی

قسطاس سی و پنجم

ہے اور منشا ریشن آیہ اس قسم کی امور کا فضلا رکو با قلت مبالات ہوتا ہی یا بعجلت
اوقات سوء یہ مجلہ سوء تدبیری ہے نہ از قسم نقص فضل و کمال پس اس قسم کے باتوں ہی منظر
مناصحت بیکار گری و مصالحت صحت نظری واجب الاطلاع اور لازم الانبیاء ہی بحکم حدیث
شریف الدین النصیحة الحذر الحذر قسطاس سی و ششم ہوگا ہنوا اس توجیہ پر کہ
بالفرض اگر یہہ کہا جاوی کہ فقرہ اخیرہ اثر مذکور یعنی فیہ نبی کنبیکم سی ظاہری کہ صرف
تشبیہ فی التسمیہ ہی مراد نہین بلکہ تشبیہ فی المرتبہ والوصف مراد ہی مانند لکل فرعون موسی
یعنی لکل مبطل محق علی الحق اسلیے کہ اول تو یہہ نظیر مذکور صرف تشبیہ وصفی ہے کی لیس موضوع
ہے بغیر لحاظ التسمیہ کی اور دوسرا اگر از قبیل تشارک وصفی اور تشارک اسمی علی اختلاف
الروایات اثر مذکور مین کہا جاوی تو مضائقہ نہین کیونکہ روایت فیہ محمد کمحمدکم ہی ہے نامہم
اور انبیاء علیہم السلام کی نامون کے جیسا کہ اونمین تشارک اسمی اور وصفی ہے اور
قطع نظر اس سے پہر بہی تو خاتمیت خواتم ستہ اس تحقیق سی ثابت نہین ہوتی بلکہ صرف مرتبہ
نبوت مین تشبیہ ثابت ہوتی کے سوا اور کیا ثابت ہوتا ہی سو وہ البتہ تشبیہ ہی کی بارہ
وصف ہدایت اور انذار غیر حقیقی کے اور تذکیر اور توعیظ کے موافق توجیہ امام قسطلانی
اور امام زرقانی اور امام سیوطی وغیرہ کی وہ مسلم ہی جیسا کہ قسطاسون سابقہ مین
نقل ہوچکا اور مستقبلہ مین ہوتا چلا آتا ہے اور اگر یہہ کہا جاوی کہ مراد اس سے وہ مرتبہ
نبوت ہی جو ماخوذ ہے ساتھہ وصف خاتمیت کی یعنی خاتمیت مطلقہ کی اول تو تشبیہ مین
جمیع اوصاف ملحوظ نہین ہوتی والا پہر خاتمیت مطلقہ عامہ شاملہ جمیع طبقات کیا بلکہ از عرش
تا فرش جو خاصہ مختصہ خاتم حقیقی ہے صلعم وہ واسطی خواتم ستہ کی ثابت ہوتا ہی نہ خاتمیت
اضافیہ مقیدہ اسلیے کہ وصف خاتمیت مطلقہ اوصاف مخصوصہ خاتم حقیقی مین سی ہے
صلعم یعنی یہہ خواتم ستہ بہی خاتم مطلق ہین یا نستا حضرت محمد رسول اللہ خاتم مطلق کے نفس
مذکور بالاطلاق مین نہ خاتم اضافی ہین تو ہو خلاف المفروض اور اضافیہ اونہی سے ہے

اور تشبیہ وہ شی ہے پس تشبیہ کو جو صریح لفظ اوسکا اثر مذکور مین فقرہ کنتکم مین وارد ہی دربارہ
اثبات خاتمیہ مطلقہ ہو یا مقیدہ کیا دخل کہ وہ خواہ مخواہ اوسکو مستلزم ہو پس ایک امر
محتمل قابل استدلال نہین ہو سکتا ہے اگرچہ اضافتین فی الجملہ مناسبت ہو ساتھہ حقیقت
کے ایک امر وصفی ہین فی نفسہ مانند خاتمیۃ کی ما نحن فیہ مین مگر وہ مناسبت بہی ما نحن فیہ
مین ایک امر اعتباری ہے کہ جسکا منشا ثبوت شرعی نہین کہتا اس سبب ما نحن فیہ
مین اور پہر اوسکا منشا جو غیر شرعی ہے وہ بہی ایک امر ہی امور لا بدہ اعتباریہ مین سے
بخلاف مشابہت مذکورہ کی جو معترضہ فی الاثر المذکور ہی اس صورت مین امر تحقیقی مین سے
ہی کہ جسکا منشا امور قریبہ محققہ مین سے ہی خصوص ما نحن فیہ مین فافتہر تا مگر وہ بہی بسبب
ہونی احتمال کے باطل الاستدلال ہے جیسا کہ گذرا پس اطلاق خواتم تشبیہی نہ کہنا چاہئیے
بلکہ امثالی مثلی کہنا چاہئیے بطور افراد متماثلہ متجانسہ متنوعہ بنوع واحد متحد الحقایق کے اور
نہ اضافی سو یہہ خلاف قرار داد ہی پس اضافتہ جو ایک امر عقلی انتزاعی تہا وہ مبدل
با مر وجودی تحقیقی ہو گیا اور یہہ امر باطل ہے اسلئی کہ ما بالتحقیق ما بالاعتبار نہین ہو سکتا
اور نہ عکس اسکا والا یعنی مرتبہ نبوت خواتم ستہ ماخوذ ہی ساتہہ وصف خاتمیہ مقیدہ اضافی
کی تو ہہ ایک وصف زاید ہی نبوت اسکا دلیل شرعی درکار ہی نہ عقلی اور بصورت اطلاق
مرتبہ مذکورہ یعنی مرتبہ خاتمیۃ بطرز عموم وشمول ہر دو مرتبہ خاتمیۃ کو یعنی خاتمیۃ مطلقہ کو
اور نیز مقیدہ کو تب بہی تو مراد فرد کامل ہوگا یعنی خاتمیۃ مطلقہ جو خصیصہ ہی خاتم حقیقی
کا صلعم پس با لضرور محذور مذکور قایم ہے اور یہہ خاتمیۃ مقیدہ وہ شی ہے کہ جس سے علاقہ
تشبیہہ کو بنانا چاہتی ہین اور استحالہ تجانس او اتحاد نوعی مذکورہ کو دور کرنا چاہتی ہین
سو یہہ امر لا یلکا اوسکی جوڑ ہے جیسا کہ عنقریب محقق ہو چکا پہر وہ بہی دو حال سے خالی
نہین بغیر مشابہت ہو مانند مجاز مرسل کے مثل ید اور نعمۃ کے یا مع مشابہتہ ہو مثل استعارہ
کے مانند اس آیتہ عزیزہ کی ہو الذی جعلکم خلایف فی الارض اسلئی کہ حضرت محمد رسول اللہ صلعم

خاتم النبیین ہیں پس اُمتہ بھی اونکی خاتم الامم ہے لان محمداً صلعم خاتم النبیین فامتہ خاتمۃ
سائر الامم من تفسیر المدارک اسکو قرینہ شرعیہ کہتے ہیں اور منشا وشرعیۃ کیونکہ وجود ذات
خاتمیہ ساتھہ وصف خاتمیہ کی ایسا ہی ہے جیسا کہ وجود خاتمیۃ نبوت حقیقیۃ محقق
الوجود ہے نہ کہ وصف اضافی اعتباری ہے اور خاتمیۃ امتہ مرحومہ مذکورہ جا بجا
بنصوص قطعیۃ قرآنیہ اور اخبار نبویۃ اور آثار صحیحۃ بلکہ کتب منزلہ سابقہ سفر ان العلامات
تا ثبتہ ہی نحن الآخرون السابقون وایت حدیث شریفا وارد صحاح وغیرہ کافی ہے
اکثار اس باب میں موجب اطالۃ ہی معلوم ہر کہ ومہ ہی پس بہر حال ہر دو صورت
مذکورہ یعنی صورت مجاز مرسل وصورت استعارہ اس تشبیہ سی مطلب اہل مطلب
ہرگز بر آر نہیں تا وقتیکہ منشا تشبیہہ شرعی نہوا ور لفظ خاتم اثر مذکور میں بتصریح نہو
پس معلوم ہوا کہ مراد اثر مذکور میں لفظ نبی سے ہادی غیر نبی مراد ہیں مسمی باسماء
مذکورہ الاثر المذکور اور تشبیہہ امور محسوسہ میں ہو یا معنویہ میں منجملہ امر تحقیقی ہے بخلاف
اضافتہ کہ وہ منجملہ امر اعتباری ہے پس برین تقدیر لازم آتا ہی فقرہ اثر مذکور میں
اجتماع وجود اور عدم محل واحد میں پس ما نحن فیہ میں محل نزاع اضافتہ نہیں ہو سکتا
بلکہ محل نزاع تشبیہہ ہی نفس نبوت میں جسکو متحمل اثر مذکور ہے جسکا مآل استلزام الشرکت
بالنبوت ہی مع قطع النظر عن الخاتمیۃ اور اگر اثبات تشبیہہ منظور مشبهین اضافتہ ہوتا تو حسب
قواعد عربیۃ ممکن تھا مگر اوسکو لزوم شرکت فی النبوت مانع ہے اور بعض صورتیں یا
وارد شریعت یا تکرار شریعت یا تکلیف قبل ورود شرع جیسا کہ قسطاس سابق میں
مفصل گذرا الا بطریق مجاز واستعارہ مراد ہادی غیر نبی لی جاویں حسب اقتدار
سلف صالح مانند قسطلانی وزرقانی وغیرہ تو پھر لا عبار کندن ہے اور یا صورت
مطلب بر آری بتصریح بدین لفظ ہولی فیہ خاتم کخاتمکم مگر پھر یہ بھی بصورت تشبیہہ ہولی
بصورت اضافتہ بدلیل مذکور الا تجوز الوجہہ وجود منشا ر اضافت مگر پھر بھی احتیاج

تاویل خاتم بمعنی مانند تاویل قسطلانی وغیرہ کے بوجہ لزوم استحالہ شرکت وغیرہ
اصلی کہ خاتم بمعنی غیر نبی نہین ہوتا کہ امر لاحق ہے پس اثبات نبوت ساوج باہمراہ تحتیہ
نسبت خواتم ستہ ہرگونہ قطعا وقاطبۃ باطل ہے اور یہہ پہلو مجال مناقشہ قایم ہے اور
اگر یہہ عذر کیا جاوے کہ روایتہ اسمی یعنی فیہ محمد کمحمد کم دلالت کرتی ہے اوپر خاتمیت
کی بطور ترقی کلام کے پس اول تو تقریر متقدم کافی ہو چکی اور معہذا یہہ عذر جب معتبر ہو
کہ اور انبیا علیہم السلام کا نام اثر مذکور مین مذکور نہوتا تاکہ تقریر خصوصیۃ وصفی اوپر وصف
مخصوص کے ہی یعنی خاتمیت کی ہی یہہ روایت اسمی وعلمی بطور ترقی کے دلالت کرتی
یعنی نبی وہان تو خاتم ہی ہین پس معلوم ہوا کہ وصف مشترک جو مصرح فی الاثر ہے
یعنی نفس نبوت مراد ہی ہو بوجوہ مذکورہ فی القسطاس معتبر ہی ساتھہ ہدایت ہادی
غیر نبی کے ورنہ لصورت دعوی خاتمیت کیا اور دعوی نفس نبوت کیا پہر وہ ہی مناقشے
قایم ہین مگر جو کہ حضرت ابن عباس رض سے اس ہی باب مین حدیث قدسی مروی
ہے جیسا کہ قسطاس سابقہ مین مذکور ہو چکا ولم اختم بہ النبیین لجعلت لہ ابنا یکون بعدہ
نبیا اوسکی تصریح سلب خاتمیتہ پر باحد اخاتم حقیقی اکتفا فرمایا بالضمن سلب نفس نبوت
کہ جسکو خاتمیہ لاحق ہے اور بدون اوسکی خاتمیتہ غیر متصور ہی پس وہ حدیث قدسی
تفسیر اس اجمال کی ہوگئی اب جو توجیہہ عقلی گہڑی جاتی ہے خلاف اس تفسیر
حضرت ابن عباس رض ہی سو وہ قطعا ہر پہلو باطل ہے ورنہ پہر تو یہہ کہا چاہئے کہ
دو حال سے خالی نہین یا اصلاح معنی صاحب اثر ہی کہ خود صاحب اثر ہی نہین
سمجہے معاذ اللہ یا ہنوز صاحب اثر اس کلام مین بامید اہل فہم متاخرین معنی ہر
نہین پہنچے بلکہ بسبب ہولی قدسی کے ان ہر دو امر ناقص مذکور کا اثر دور تک پہنچتا
ہے یعنی صاحب حدیث قدسی تک اور ابن عباس رض اور آنحضرت تو ناقل ہی ہین فالحذر
الحذر الحذر فافہم اور معہذا روایتہ محمد کمحمد کم کہ جسمین تغییر اسلوب کلام نہین ہے کہ ظاہر


سے بلکہ غلبہ ہی جہتہ علمی کو اور یہ حیثیت وصفی اور رتبی کے وہ روایت مزاحم حال ہے
اس جہت وصفی اور رتبی کو اوس وش پر جو کہ منشا ہی نبوت خاتمیہ اضافیہ مزعومہ
کا ہیں معلوم ہوا کہ وہاں ہادی غیر نبی ہیں سمی باسما انبیاء آدم و نوح تا محمد صلوٰۃ اللہ
علی نبینا و علیہم السلام جو مشابہ ہیں ساتھ ہر ایک نبی طبقہ علیا سمی اپنی کے نفس مالیتہ
وغیرہ اوصاف جمیلہ اور ملکات فخیمہ اور اخلاق فاضلہ میں قدم بقدم اونکی اتباع میں
فقط لا غیر الحذر الحذر واللہ اعلم وعلمہ اتم **قسطاس سیوم** اگر یہ شبہہ کیا جاوے
کہ ایسے اثار کا انکار کرنا جیسے یہہ اثر مذکور کہ جسکی صحت مع الشذوذ ہے اور ہر شند ذقادح
صحتہ نہیں گو قطعی الثبوت نہیں جو مفید یقین ہوا ور تکلیف عقیدہ اوسکی کیجاوے اور اُسکی
منکر کی تکفیر کیجاوے کیونکہ احتمال خطا باقی رہتا ہے کہ حلاً تواتر کو نہیں پہونچی البتہ حضرت
ابن عباسؓ سے مروی ہے بطور اثر کی اور اوسکی مضمون پر انعقاد اجماع بھی نہیں ہوا
جو باعث تکفیر منکران ہو مگر خالی از ابتداع تو نہیں اسلئے کہ ائمہ حدیث نے لعدم صحیح کے حکم
شذوذ کا دیا جو ایسا شذوذ مطاعن حدیث سے نہیں قسطاس رفع شبہہ مذکور یہی کہ اوّلاً
اسکا انکار اہل تحقیق نے مطلقاً و حلقاً نہیں کیا بلکہ اسکی اصلاح بدینطور کی کہ جس سے اثر
مذکور میں اور آیۃ خاتمیۃ میں تطبیق حاصل ہوئی چنانکہ اکثر قسطاسوں میں مذکور ہو چکا کہ جسکی
تسلیم سے اہل اعتقاد کو خلش پیدا ہوئی کہ نوبت اوسکی ابطال پہونچی اور قطع نظر اس سے
حاصل اس شبہہ کا یہی کہ ثبوت اوسکا ہی ساتھ ثبوت ظنی کے اوّل اہل تحقیق سے
کوئی اس اثر کا منکر نہیں ہوا اور بالفرض منکر ہوا تو منکر ظنی الثبوت پر کیا الزام ہے
کیا نہیں معلوم ہی کہ منکر واجب جو کہ واسطہ ہی درمیان فرض کے اور سنت کی نزدیک
حنفیہ کہ جسکا امام شافعی انکار کرتے ہیں مبتدع ہرگز نہیں بلکہ پیشوای اہل سنت و جماعت
ہیں کیونکہ ثبوت اوسکا ہے ساتھ دلیل ظنی کے نہ ساتھ قطعی کے اور بالفرض اگر مبتدع
بھی ہوا تو ظنی ہوا اور ظاہر ہے کہ ظن کافی نہیں **قولہ لقوم** ان الظن ولا یغنی من الحق شیئا

قولہ لعم ان لعض الظن اثم سے قبل الحراصون اور ماثبت اسکا خاتمیہ اضافیہ زمنیہ
جیسا کہ تحقق ہو چکا بلکہ اکثر ماثبت اسکا حسب مزعوم اہل اشتباہ ہی تو نبوت خواتم
ستہ ظنی الثبوت ہی نہ خاتمیہ بدلیل فقرہ فیہم نبی کنبیکم اور نیز فقرہ محمد کمحمدکم کے اور اور
قبائح اور شنائع اس امر کے بھی روایۃ و درایۃ اور نیز دلائل عقلیہ اکثر قسطاطیس مین
لیسا و میش مذکور ہین پس اب انصاف درکار ہی کہ دریں ہوتا ثبوت خاتمیہ کی جو کہ
بطور ظنی الثبوت بھی نہین بلکہ ایک اختراع جدید ہی وہ خالی از ابتداع ہوا در وہ
تحقیق جو متضمن تطبیق بین الایۃ والاثر المذکور ہی اور مطابق تفسیر صاحب اثر ہی جو حافظ
اور حامی اصل عقیدہ ملت اسلام ہی اور شستہ رفتہ ہی ہر قسم کی آلودگی سے نسبت
عقیدہ اسلام کی وہ داخل سوء عقیدت اور جفا اور بی ادبی ہو کر محمول بر ابتداع
واختراع ہو یا خلاف واقع نامزد بانکار اثر مذکور ہو حالانکہ انکار اثر ناگوار اہل تحقیق
ہے سلفا و خلفا اور قطع نظر اس سے کہ بالفرض محال صاحب اثر منسی حدیث قدسی لو لم
اختم بہ النبیین الخ جو کہ تفسیر ہی مروی ہو جس حالت میں میدان تطبیق و توفیق بتاویل
حسن اور توجیہ مستحسن فراخ ہو جیسا کہ سب ہی قسطاسوں مین صراحتہ واشارۃ وکنایۃ و
تلویحا وتلمیحا غالبا مبرہن ہے یہ ہی کفایت کرتا ہی الحذر الحذر قسطاس ثانی و بیستم
اگر یہ شبہہ واقع ہو کہ اثر مذکور مین تائید اور تشکید معنی خاتم النبیین مخالف نہین بلکہ
اوسکی تغلیط بین الثبوت مین قدح ہی اور کیون نہو صورت انکار اثر مین منجملہ سات
حصون خاتمیہ کی ایک حصہ باقی رہتا ہی اور چہ حصہ ہاتھہ سی جاتی ہین معطیس رفع
اوس شبہہ کا یہ ہی کہ اول تو یہ دعوی کہ در صورت انکار اثر مذکور زوال چہ حصون خاتمیہ
کا لازم آتا ہی مجرد دعوی ہی کیونکہ یہہ مبنی ہے اوپر ثبوت خاتمیہ خواتم ستہ کی اس اثر
مذکور سی اور وہ غیر ثابت ہی اور قطع نظر اس سے ثبوت حصص ستہ یا کما ینبغی نسبت خاتمیہ
کے ہرگز ثابت نہین من ادعی فعلیہ البیان مع التبیان والا محذور ترکیب خاتمیہ حقیقیہ

بالاجزاء الحسیسۃ السابقۃ الحقایق ای العین فی الاقتباس لازم آتا ہی وہ باطل ہے قطعا
یہ مخفی ایک بنا رکھتا ہے بلکہ درصورت اعتراف نفس نبوت انبیا اگرچہ کچھ ضرر خاتمیت حقیقی
کو نہیں ہوسکتا چنانچہ اوس انبیاء علیہم السلام کا وجود مضر نہیں ہوا کہ ظاہر ہی مگر بخلاف
وجود ہی نبوت صرف یہی نسبت خاتمیت جیسا جیران صاحبون مدعیان نے کیا ہی استحالہ
شرکت فی النبوت نسبت نبوت خاتم النبیین صلعم کی اور اوس استحالہ الزام بالا یلزم قبل ورود
الشرع بموجب قولہ تعالی وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا اور خلاف سنت اللہ ہوا جو قول
حقتعالی و لن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا یا تواردِ شریعت یا تکرار شریعت وغیرہ جو اکثر قسطاطیس
مین بدلائل مفصل مذکور ہیں لازم آتی ہین اور معہذا غور دلکا ہی کہ خاتمیت مطلقہ ایک معنی بسیط
ہی کہ شیوع اور شمول اوسکا نسبت افراد کی اگرچہ فرد واحد ہی ہو یا افراد کثیرہ خواہ افراد
شخصی ہون یا حصصی علی ہذا القیاس بسیط ہی خصوص وصف اطلاق کہ شرح حقیقۃ
اور بیان عنوان اوسکا ہی نہ از قبیل قید ہی اوسکو یعنی خاتمیت مذکورہ کو کمی بیشی افراد
سے کچھ آسیب ہرگز نہیں ہوسکتا نہ اوسکو اثر طاری اور نہ انبیا و اولیا اور اصفیا خواہ افراد
ارض کثیرہ ہون یا متخللہ متصلہ یا متفرقہ ہون یا منفصلہ منفکہ اور یہ سب امور لاحقہ مرتبہ
ثالث مین ہین از قبیل اوصاف محل افراد نہ اوصاف افراد کہ اثر اوسکا نسبت اوس
معنی بسیط کی بواسطہ افراد ہی نہ بالذات مگر اوسکی رسائی وہانتک کہان اور انکار اس
سے جو مستلزم ہی تخصیص کو اور باقی رہ جاتی ایک حصہ کو تخلیسات حقونکی غلط ہو جاتا
اثر مذکور کا ہرگز نہیں لازم آتا چنانچہ شراح بخاری وغیرہ نے بموجب تفسیر حضرت ابن عباس رض
ساتھ حدیث قدسی مذکور کی اور بہ تبعیت اونکی اس احقر نے بالا تزید شرح و بسط معنی بیان
کیا کہ جس سے تطبیق بین المعنیین یعنی معنی آیت خاتمیت اور معنی اثر مذکور مین حاصل ہوتی اور
حالانکہ انکار اثر مذکور اور تغلیط معنی مذکور دو امر ایسے متغایر ہین اور متوازی کہ ایک
دوسرے کو ہرگز مستلزم انکار اثر مذکور نہیں کیونکہ ایکن علاقہ بلاقات منقطع ہی بس بوجہ

وجود معنی دیگر جو باعث تطبیق ہوا اطمینان حاصل ہے پس واضح ہوا کہ یہہ امر سرا سر شبہہ ہے
تقریب تام نہین ہے معہذا اور اس تقریر سی ایک اور شبہہ بہی برطرف ہوگیا کہ عظمت
شان نبوی صلعم جو مبنی تہی او پر تسلیم ہیئت ارضی بترتیب فوق وتحت متفاصل الطبقات
کے علی خلاف الروایات گو روایات فاصلہ بین الطبقات موافق روایت جامع ترمذی وغیرہ
ارجح ہی ہہی کہ اسمین جو منشا ہی کمابیشی شان محمدی صلعم کا ساتہہ افزایش جسہ گونہ کی اور
کمی ہی اسقدر کی او رحالانکہ عظمت شان محمدی صلعم جو عبارت ہی خاتمیت مطلقہ سی وہ
فصل اور وصل اور ضم او رفک سی مستغنی ہی جیسا کہ مذکور ہو چکا ہان مگر یہہ امر آخر ہی کہ
لکا ثرا ثرا دانستہ جو وارد اخبار صحیحہ ہی یعنی لو اندکم دلیتم الحبل الی الارض السفلی لہبط علی اللہ اور لکانوا نا فی ایا ہی کبیم الاعظم سو البتہ یہ
امر بین تو فصل او رتفکک کو جو منشا ہی تخصص کا فی الجملہ دخل ہے نہ کہ نفس شان خاتمیت مطلقہ
مین کیا نکہ نفس بعثت مین او ریہہ امر ہبابات بلا ضرورت ایجاد خواتم ستہ ممکن ہے درصورت
التصاق طبقات ارضی سلسلہ بہی بعنوان آبادی یدہ جو طبقہ ارض علیا کی جو غرقاب ہی اور
وہ سات حصہ غیر معمور ہین ہو جیسا قاعدہ تنصیف کرہ بخط آفاقی بتقدیر و متقاطع خطین خط
محور کرہ و کرہ دایرہ معدل النہار سی پیدا ہوتا ہی اور آخر لقا طہ متواصلہ او سکا ایک جانب سمی
بنقطہ قطب شمالی د بجانب دیگر مسمی بنقطہ قطب جنوبی کہ ہمارا غالبا رہتیون مین نظر آتا ہی بوجہہ حیلولت
حایل غالبا کہ واقع ہی نشیب مین بہ نسبت قطب شمالی کے اور اس ہی سبب سی سطح زمین ہی
جانب جنوب نشیب مین ہی بہ نسبت جانب شمال کہ فراز رکہتا ہی لہذا جریان نہر ہا وغیرہا
جانب شمال سے جانب جنوب مین ہی اور خط منطقۃ البروج اگرچہ مسامت الراس سے تجاوز
اور میل رکہتا ہی جانب جنوب کو گویا بدرجہ تقاطع مستوی یعنی مسامت الراس ہی سے کچہہ
منحرف نہین امر تقریبی ہے اور وہ اس فن ریاضی ہیئتیہ اور حساب مین معتبر ہے الحاصل
ہر دو قطعہ مذکورہ کرہ مذکور منقسم ہے چار چار حصہ برابر چونکہ منجملہ قطعہ عالیہ کرہ مذکورہ ایک
ربع مسکون آبادی ہی مثل قطعہ سافلہ کرہ مذکورہ حصہ سہ ربع کرہ عالیہ غرقاب ہی لہذا

لہذا ربع مسکون کا اطلاق ہے۔ پہر کچہ ضرورت نہین طرف ابادی کی اثبات باقیہ منفصلہ محویہ بالطبقہ العلیا کی درصورت آبادی ہوا بر بقاع قطعہ عکسیا ارض علیا کی بسبب زیادہ مساحت اوسکی کی نسبت طبقات عالیہ ارضیہ سافلہ کی تقریبا غالبا فافہم صورتہ ہکذا فقط



پس اب کچہ ضرورت نہین طرف ایجاد خوارق واسطے دربارہ حصول غرض مطلوب شرعی کی یعنی لکاثر افراد امتہ بلا موونتہ دیگر توجیہات اور معنی اثر مذکور نہی مرہا رہی بتقویتہ توجیہات جمیع مسالک لا علی القیاس بجمل وغیرہ مذکورہ سابقہ قسطاسین کی رحلے طبقات سبعہ اور کرویت ارض اور سب لوازم ضروری بجای خود قایم رہتی ہین مگر بتحقیق تنزل امرہ بینہن کی بہ صورت مین جو موجب القیاس ہے اس باب مین وہ مفصل عنقریب قسطاس آیندہ مین مذکور ہوکر رافع شبہات ہی گو طبقات ملتصقہ ہی ہون تنزل امرہ بینہن کو کچہ آسیب نہین فقط۔

قسطاس سیوم یہ جاننا چاہیی کہ اتیان بصیغہ واحد بنسبت ارض کے قرآن شریف مین بوجہ جنسیتہ ہی جو موضوع ہی واسطی اطلاق کے اوپر واحد اور کثیر کے اور مراد ہی یہان اوس ہی کثیر باوجود اختیار لفظ واحد بجہت التصاق طبقات سبعہ کہ اس قدر مین کلام نہین چنانچہ بعض روایات اخبار صحیحہ مین لفظ جمع ارضین بہی وارد ہی یا بجہت عدم اختلاف ماہیتہ طبقات کی کہ سب ایک ہی جنس ارض سی نبی ہین بخلاف طبقات سموات کی کہ اجناس مختلفہ سی نبی ہین جیسا کہ روایات اکثر تفاسیر سے موجود غرضکہ اہل شرع کو اختلاف تعداد سبعہ طبقات ارض مین یا اختلاف ی فصل بین الطبقات مین بعض متکلمین اہل اسلام کی نزدیک طبقات سبعہ ملتصقہ ہین موافق قول اہل ہیئتہ کی مگر بظاہر مخالف ہی قول اللہ تعالی کی۔ اولم یر الذین کفروا ان السموات والارض کانتا رتقا ففتقناہما یعنی کیا نہین جانا کافرون نے کہ آسمان اور زمین تہی متصل ہوی پس کردیا ہمنی جدا اون دونوکو فقط لیکن بنظر غور یہ معنی ہین کہ یہ دونون صنف من حیث المجموع باعتبار افراد ہا کانت افراد کل واحد من الصنفین متصلۃ فیما بینہا او منفصلۃ

قسطاس سیوم

متصل تھے اور ملی ہوئی آپس مین پس جدا کردیا ہمنے ان دونون مضمونوکو قطع نظر اس سے
کہ افراد ان ہر دو نوع کی جو موجودہ طبقات مین ملی ہوئی ہون یا نہون جیسا کہ اتیان
صیغہ مثنی کا نشاء اور ضمیر مثنی لفظ ہما کا دلالت صریح کرتا ہی جیسا کہ اشارہ ہی طرف
اس مضمون کی سورہ فصلت مین کریمہ ثم استوی الی السماء وہی دخان فقال لہا وللارض
ائتیا طوعا او کرہا قالتا اتینا طائعین یعنی فرمایا واسطے اوس صنف آسمان اور صنف زمین
کے من حیث المجموع بلا لحاظ طبقات اوسکی کی اور کیفیت ان طبقات کی کہا اون دونون
صنف مذکور نے آئے ہم دونون فرمانبردار رغبت کیساتھہ اور جہد احتقاد کہ متعدد ہونا
آسمان کا منصوص ہی اس آیتہ مین اور اور آیات مین ہے ویسا متعدد ہونا زمین کا نہین ہے
یہی وجہہ ہی اختلاف کی نسبت اسکی کہ ظاہر ہی آئیندہ ترجیح اقوال امر آخر ہی پس اگر بعضون
اگر یہہ شبہہ کیا جاوی جیسا کہ بعض اہل فضل کو اشتباہ واقع ہوا کہ جیسا اطلاق لفظ خاتم النبیین
قابل تاویل اور توجیہہ نہین کسیطرح ویسا ہی یہہ لفظ مثلہن بھی ہے جو واقع ہی آیتہ اللہ الذی
خلق سبع سموات ومن الارض مثلہن مین بدلیل اسکی کہ آخر یہہ دونون لفظ واقع اور
نازل اس ایک ہی قرآن شریف مین ہین معطلیس جاننا چاہئی کہ اول تو یہہ شبہہ اسطرح قابل
التفات نہین کیونکہ قرآن شریف مین نازل ہونے سے اس آیت کی کسکو انکار ہی اور
قطع نظر اس سے آیات قرآنی مختلف المراد والمعانی ہین اپنی اپنی قسم کی مراد پر منقسم مین نفس نزول
مین متساوی الاقدام ہونا امر آخر ہی اور مرادین اور احکام مین بکسیر اللام یعنی محکم ہونے
مین اور متشابہہ وغیرہ مین مختلف المراد ہونا امر آخر ہی اور دوسری یہ کہ اس تقریر سی شبہہ مذکور
بالکل برطرف ہوگیا بدلیل ہونے لفظ مثلہن کے متعدد التاویل عام ہی اس سے کہ نسبت بین التشبیہ
مرکب بترکیب ہو یا مضمر مفرد ہو بموجب سلف وخلف سایر تفاسیر آیتہ موصوفہ کی بخلاف آیتہ
خاتمیت کی کہ جسکی تعیین مراد ہی کسی متنفس نے علماء سلف اور خلف سی کسیطور پر مزاحمت نہین
کی اور حالانکہ لفظ مثل خود مبہم ذاتی موضوع الابہام محتاج التفسیر والتاویل ہے بخلاف لفظ خاتم

سکے اور یہہ لفظ خاتم بہی مضاف ہی طرف جمع مستغرق الافراد کے جو لفظ النبیین ہے اور
اس ہی خاتمیہ ماخوذہ اور بوصف منوّہًا مذکورہ میں بحث ہی پس گو نہ مسلوب التاویل
ہی قطعًا وحالًا ومالًا تحقیقًا وتقدیرًا والنباقا پس ختم خاتم کا کوئی مخاتل ہی ابطش حقیقۃ
مذا اضافتہ ابنیت خاص میں کسیطرح جوتا یہ الا دیل ہو کر تحاب بطرف دست متمکلرہ کی اسکی ترجیح کرنی یا اتحجیہ
کا طرف کسی تمیز او تشخیص کے یا طرف استشار کی فافتہر فافتہر ذا بیّنا کالاموز کل الافتراق واللہ اعلم بالصواب
پس اسقسم کا قیاس ہی ہرمون از قیاس ہے قرآن شریف میں کیا کہیا شی نازل نہیں لفظ نبی کو
فی القرآن کو کیا دخل ہے اسلئے امر اتحاد منشا و مراد میں کہ اظہر ہی پس بموجب ان تحقیقات
کی یعنی اثر مذکور کے جو مستلزم ہیں تطبیق بین الایۃ والاثر المذکورین کو جو مویدا و مشید ہیں
توجیہہ لفظ نبی کو یعنی ہادی و واعظ مذکر وغیرہ نبی موافق تحقیق شراح بخاری شریف وغیرہ کی
جو بیرکوہ کیا بلکہ صحیح وہ ہی معنی ہیں جو خود صاحب اثر لی رض ساتہہ حدیث قدسی کی تفسیر کرکی
اور واسطی افادہ مزید مبالغہ کی ساتہہ لفظ نبی کے متغیر فرمایا کہ مبالغات بغرض مصالح
استعمالات شارع میں ثابت ہیں کہ وہ متحقق ہیں خلاف واقع ہیں چنانچہ بعض قسطلانی میں
اسکی بحوالہ شرح وسیط ہی وہ شبہہ جہوٹ بولنی کا عوذًا جو جانب حضرت عبد اللہ ابن عباس رض
امام المفسرین اعدل الصحابہ میں سے ہیں جسکو بیراہ تہمت جانب اہل توجیہہ لفظ نبی کے منسوب
کرتی ہیں مترک خیال بعض افاضل جنہون جو ایم ستہ تہا بعنایت الہی جلشانہ زائل ہوگیا اور لازک
فقرہ المعاریض مندوحۃ عن الکذب واقع بخاری شریف علاوہ برین ہے یعنی تعریضات اور
کنایات اور مجازات اور تاویلات کو وسعت ہی مشہرین کذب سے شرعًا مثلًا لفظ عدد سبعین
اور خمسمائۃ کا دربارہ بیان بعد مسافت فیمابین زمین و آسمان وارد احادیث ہی اور اسکی
سبب محدثین نے توجیہہ یہی کی ہے کہ تحدید مسافت مراد نہیں بلکہ بطور مقدار مشترک بمطابق تحدید شست
کثیر مراد ہی علی ہذا القیاس اور امثلہ بسیار در اخبار و آثار ہیں فا درک ۔ اور موجبین اہل
تحقیق ابن تہمت رفض اور اعتزال اور خروج سی جو بحیثہ قلم بعض فضلا ہی محفوظ ہی الحمد للہ

ہر بزغیبت ہی یا درہم نہیں جرات کرتی کہ کہین کون بڑا بزرگ ہے اور کون چھوٹا ہم کو ملی
التطبیق مذکور کی اور دیکہ پایا یہ اور منصب نہیں ہے دونہ خرط القتاد پس بہ سبب ان تحقیقات
مذکورہ کی اس قسم کے شبہات بہی زائل ہوگئی جیسا کہ عبارت دافع الوسواس وغیرہ کو واقع ہوا
کہ تسلیم کرنی سے ہر زمین مین آدم و نوح وغیرہ کو کوئی وسیلہ مانع نہیں فعلا المحذور المحذور ـ
قسطاس حہارم ترجمہ آیۃ شریف یعنی اللہ وہ ذات پاک ہی جسنی پیدا کیا سات آسمانونکو
کو اور پیدا کیا اون آسمانون کے مثل کو جو وہ زمین ہے تو مین جانتا ہی اور یہہ معنی بصورت
قراءۃ فتح لفظ مثل کے ہین اور مثلیت درمیان عدد سبعہ کی ہے یا کریتہ کی اور مخلوقیت کے
بوسیلہ عطف کی اور لفظ سبع کے ظاہر ہی اور در صورت قراءۃ رفع لفظ مثل کے یہہ معنی ہونگے
اور زمین سے مثل آسمانونکی ہین بیچ مخلوقیت کی یا معدود ہونی کے ساتہہ عدد سبعہ کی یا
کریتہ کی ـ اور جاننا چاہئی کہ مماثلت دو طرح پر ہوتی ہے کلی اور جزئی مماثلت کلی مانند افراد
متحد الحقایق کے مانند زید و عمرو و بکر افراد انسان کے اور مماثلت جزئی یعنی مشابہت کی
بعض امور مین جو عارض ہوتی ہین ماہیت کو خواہ از قبیل خصائص ہون یا عام ہون اور شامل
ہون اور ماہیات کو بہی مانند معدود ہونے کے اور مخلوق ہونے کی اور کریّ ہونے
کے پس ان امور مین افراد سماوات اور ارض مساوی ہین اور اور بعض امور مخصوصہ مین
مثل حرکت اور سکون کی مباین ہین جیسا کہ کریمہ والسماء ذات الرجع والارض ذات الصدع
وغیر ذالک اور تتبع موارد استعمالات قرآنی اور احادیث نبوی صلعم سے بہی ایسا ہی
معلوم ہوتا ہی کریمہ قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی الآیۃ کریمہ ان نحن الا بشر مثلکم ولکن اللہ
یمن علی من یشاء من عبادہ پس نفس بشریت مین مماثلت ہی اور اختصاص اور امتیاز کلی
ہے ساتہہ خصوصیت وحی کے اور تغییر اسلوب مین بہ نسبت دوسری آیۃ شریفہ کی یہہ وجہ ہے
کہ پہلی آیۃ مین اشارہ ہی طرف علو رتبہ حضرت خاتم النبیین کے صلعم کہ صریح لفظ وحی متلو
ہی بخلاف دوسری آیۃ کی جو حق مین اور انبیاء علیہم السلام کے ہی کہ اونہون نے فقط

وحی کو کنایۃً بلفظ مثت اپنی قوم سے بیان کیا بوجہ صرف ناہمواری قوم کے اور خوف ازار رسانی
سے یا براہ تواضع اور مانند قول حقتعالی و تبارک کی اولیس الذی القادر علی ان یخلق مثلہم بلی و ہو
الخلاق العلیم یعنی مماثلت فی الماہیۃ والاوصاف الخواص ہے یعنی قادر ہے اور پیدا
کرلے مثل اس مخلوقات کی اور ایراد ضمیر ذوی العقل جو راجع ہی طرف جن و انس و ملک کی
جو عام ہین سموات اور ارض کے شرافۃً ہی کہ افراد غیر لغیہ مخلوقات سی ہین جو اسطی دلالت کرلی
کے اوپر افراد باقیہ مخلوقات کی اگرچہ اجسام اور اجرام عظیمہ بین سی ہون اسلیے کہ وہ سبب داخل
ہین تحت قدرت حضرت حق مطلق جلشانہ کی اور مانند قول آنحضرت صلعم کے ایکم مثلی الی
ابیت عند ربی یطعمنی ویسقینی یعنی نہین ہے کوئی میرا مشابہہ مین شب گذاری کرتا ہون نزدیک
اپنی رب کی وہ کہلاتا ہی مجکو اور پلاتا ہی مجکو اور ممکن ہے کہ یہہ لفظ مثل وارد احادیث بمعنی
مماثل ہی ہو کہ جسکو سلب کیا بطور استفہام انکاری یعنی نہین کوئی میرا مماثل اس وصف
خاص مین پس جیسا کہ آیات مذکورہ بالا مین اثبات ہی مثلیۃ کا لفس ماہیۃ بشریۃ مین اور
خصوصیۃ ہی وصف وحی مین ایسا ہی مین مخصوص ہون اس وصف خاص مذکور کے ساتھہ
حدیث مذکور مین اور مثال مشابہتہ وصفی کی یہ ہی فلان مثل حاتم یعنی مشابہہ ہی وصف
جود اور سخا مین نہ مماثل ہے تا کہ لازم آدی مساوات جمیع اوصاف مین حالانکہ بہت اوصاف
مین گری مین مباین ہے پس معلوم ہوا کہ منشا رصد ور لفظ مثل اثر مذکور مین یہہ ہی لفظ مثل
ہے جو واقع ہی نظم قرآن مین اس آیۃ شریفہ مین ومن الارض مثلہن یعنی اوس اثر مین
بہی اس ہی قسم کی مثلیتہ ہے یعنی فیہ مثل ابراہیم و نوح الخ مراد مشابہتہ فی الوصف الخاص
ہے اور وہ وصف تذکیر اور توعیظ اور ہدایت ہی یا صرف رسالت ہی بایں معنی کہ پیغام رسان
ہین اونکی جو پیغام رسان ہین جنات کو جانب انبیاء الہی اور معہذا علاوہ برین ہے
کہ مشتمل ہی بہی ساتھہ ان ہی اسمار مذکورہ کی اثر مذکور مین بطور تشارک اسمی کے مانند تحقیق
شراح بخاری وغیرہ کی جسکی تائید او تشیید و تشریح تا آخر قسطاس مین ہوتی چلی آئی ہے

اور تطبیق بین الاٰیۃ الثانیۃ اور اثر مذکور ظاہر ہو گئی اور جو آئی ہے نہ کہ انکار اثر مذکور اور وجہ
ایراد لفظ مثل باضافت طرف ضمیر جمع مذکر آیۃ اولیس الذی خلق السمٰوٰت والارض بقادر علی ان یخلق مثلھم الاٰیۃ
میں اور ایراد اس ہی لفظ کا باضافت طرف ضمیر جمع تانیث مثلھن آیۃ اللہ الذی خلق سبع
سموات ومن الارض مثلھن میں یہی ہے کہ آیۃ سابقہ میں یعنی آخر سورہ یٰس میں انسان کی
میں یعنی آخر سورہ طلاق میں وہان مرجع ضمیر اصالۃً ذوی العقول ہیں جن اور انس اور
ملک اور ضمناً سموات اور ارض اور یہاں برعکس فافہم الحمد للہ قسطاس حجۃ و یکم اور تقریر
موعود سابق متعلق لفظ یتنزل الامر بینھن واقع اللہ الذی خلق سبع سموات الاٰیۃ کی یعنی اوسکی
معنی بیان ہی کے درصورت التصاق طبقات ارض بھی وہ اسطرح پر ہی کہ اشتباہ ہوتا ہی
بسبب لفظ بینھن کے کہ وہ صریح مقتضی ہے فاصلہ کو درمیان طبقات ارض کے بقرینہ دلالت
لفظی کے پس رفع اس اشتباہ کا بدین طور ہی کہ واقعی دلالت اور اقتضاء مذکور مسلم ہے مگر منشأ
اشتباہ مرجع ضمیر مونث غائبہ ہی جو لفظ بن ہے کلمہ بینھن میں یعنی صرف طبقات ارضی سبعہ
مگر جب مرجع اوسکا مجموع سماوات سبعہ اور طبقات ارضی سبعہ قرار دیا جاوے تو شبہہ مذکور
برطرف ہی بالضرور یعنی تنزل امر درمیان جو ہی مابین ہے سماوات سبعہ اور اراضی سبعہ
کی یا جیسا کہ اور جابجا کلام اللہ شریف میں ارشاد ہی مثلاً کریمہ خلق السمٰوٰت والارض وما
بینھما اور وما خلقنا السمٰوٰت والارض وما بینھما باطلا وغیرھا من الاٰیات سی مراد جو ہی یعنی خلو ہی
اور ہوا ہی جو یعنی خلو ہے نہ بمعنی ریح جو غلط العام مشہور ہی چنانچہ کلام مجید میں ارشاد ہی
وافئدتھم ھواء یعنی دل اونکی خالی ہونگی ہر ایک فکر سے سوای پریشانی اور ہول قیامت کی
اور کچھ نہوگا اپنی جگہہ سے پران ہونگی کریمہ لدی الحناجر کاظمین نزدیک حنجر گلو غصہ میں
اور غم میں بہری ہونگی الساہی مراد ہی اس کریمہ میں بینھن سے یعنی درمیان آسمان و زمین
کے تو مرجع ضمیر تثنیہ کا جنس سموات اور جنس ارض ہے پس ابتنزل امر یعنی نزول وحی
درمیان عالم جو یعنی درمیان خلو طبقہ علیا ارض کے اور طبقہ سفلی آسمان کے انجام دی

اس سے اون طبقات مذکورہ ارض میں خلو ہو یا نہو واسطہ تثبیت مطلب نزول وحی کے جو موقوف
علیہ ہی وجود خواتم مذکورہ کا جو متفق اور مسلم تہا خلو مذکور کو بسبب کچھ ضرورت نہی خواتم ستہ
کی اور نہ خود طبقات سافلہ کی بسبب کفایت کرنی جو طبقہ علیا ارض اور آسمان دنیا کی جو منشا ایسہ
تصریح ہے آیات قرآنی میں باتفاق مفسرین اور اگر یہہ کہا جاوی کہ اور آیات ضمیر [illegible] تہو
الکتہ جا ضمیر تثنیہ نازل ہوئی اور اس آیۃ متبرکہ میں کیوں تغیر اسلوب ہوا یعنی ضمیر جمع مؤنث جو
لفظ بینہن میں ہے آ جواب اوسکا یہہ ہی تا کہ تغیر اسلوب دلالت کری اوپر طبقات متعددہ
کے بہی ملتصقہ رتقہ ہوں یا منفصلہ فتقہ ہوں یہہ امر آخر ہی اور ہر گاہ نزول وحی ہوا درمیان
محدب یعنی سطح روی زمین جسم تعلیمی طبقہ علیا کے اور درمیان مقعر یعنی جسم تعلیمی آسمان دنیا کے
جو عبارت ہی اجو مذکور ہی تو بہر حال نزول ثابت ہی درمیان ہر دو طبق کے بالضرور اگر یہہ کہا
جاوی کہ بنظر انصاف معنی حقیقی نزول وحی کے یہہ ہیں کہ اوپر سے نیچی کو جاوی یعنی بہر حال آسمان سے
طبقہ علیا زمین پر آوی جو مقر ہی اوسکا اسواسطی کہ حضور رسول اللہ صلعم خاتم حقیقی کا وجود باجود اسی
ہی طبقہ میں ہے اور پہر بواسطہ اونکی نیچی کے طبقات کی انبیا کو بطور احکام ملازمان بالادست ملازمان
ماتحت کو پہونچتی ہیں پہونچی یعنی اول آپکو وحی آوے اور پہر بواسطہ ملائکہ کی اونکو پہونچی پس جاننا چاہیے
کہ یہہ عبارت شبہہ مذکور خود فیصل ہے اسلئی کہ ہر گاہ نزول وحی کا آسمان سے کسی جانب کو ہو کر
کسی نقطہ طبقہ زمین ارض علیا پر جو مقر ہی خاتم حقیقی کا صلعم پہونچا تو وہ وہیں منتہی ہوتا ہی اور ہر گاہ
وہ منتہی ہو چکا تو انقطاع نزول ملزوم کو لازم آیا پہر نیچی کے طبقات کو پہونچنا طبقہ ارض علیا سی یہہ امر
آخر ہی اوسکو وصول کر تعبیر کیا جاتا ہے نہ نزول جدا ہیں وصول اور نزول فرق زمین و
آسمان ہے اور منشا ورود شبہہ کلام فضلا میں یہہ لفظ ہی کہ اول آپکو وحی آئی اور پہر
بواسطہ ملائکہ الی آخرہ یعنی اس سے یہہ مفہوم صریح ہے کہ بعد میں اوروں کو بہی وحی آئی اگر لفظ اول
نہو یہہ واہمہ مرتفع ہے اسواسطی کہ نزول تو منقطع ہوا اور منتہی اپنی منزل پر جو نبی ہیں یعنی خاتم النبیین
پر صلعم مگر بعد نزول وصول وحی مذکور یعنی احکام جو موحی ہیں یعنی علوم و معلوم ہیں وہ بطور متعارف

طبقات سافلہ میں کسی مرسل ہی پہونچی بواسطہ ملائک پہونچی الحاصل غرض متکلم یہ ہوئی کہ وہ نبی نہیں
معلوم ہوا اسلوب تعبیر درست نہوا ورنہ بہر حال اس کلام کی اس تحقیق مذکور سے ظاہر ہے اب
آگاہ ہونا چاہیے کہ مطلب کلمہ فیہن بھی یہی طور روا ہوا کہ مرجع ضمیر جمع مونث مجازاً طبقات ارض علیا
او مقرر طبقہ آسمان دنیا ہی حقیقتہً اور باقی طبقات سموات و ارضین مجازاً تاکہ فیہن کلہن کو بھی
شامل ہو جاوے نہ حقیقتہً جیسا کہ نزول وحی حقیقتہ طبقہ ارض علیا میں وہ بھی بارہ زمین ہے جو
مرسل ہے اوس ملک کا مثلاً مدینہ منورہ یا مکہ معظمہ وغیرہ جس جس جگہ نزول وحی ہوا بعض اسفار
میں حالانکہ جگہ شامل ہوا تمام طبقہ ارض علیا کو اگر یہہ مراد لیجاوے کہ یہہ وصول اوسکو نزول مجازی
ہے تو مضایقہ نہیں مگر اس نزول مجازی سے جو اوسکی منازل ہیں یعنی درحقیقت مواصل
ہیں نہ منازل جو اور ادانتہ میں وہ نبی نہیں ہو سکتی پس معلوم ہوا کہ فیہا میں وصول اور
نزول نسبت عموم خصوص مطلق ہے وصول عام ہے اور نزول خاص یا محض وجہ یہ ہے کیونکہ
نزول مستلزم وصول ہے من غیر عکس یعنی وصول نزول نہیں علی ہذا القیاس حال طبقات
سافلہ پس ہرگاہ مواصل اس وصول کے اس طبقہ ارض علیا پر بضرورت نبی علاوہ کی نہوئی
علی ہذا القیاس حال طبقات سافلہ اسواسطے کہ اتحاد افراد نوعی مقتضی تساوی حکم نبی یا خاتم
میں اور یہہ امر منجملہ خواص نبوت اور ادانتہ میں سے ظہر الیس اختلاف حکم خاص کا اس باب میں نسبت
جمیع طبقات کی بالکل ہوا لہذا انا مرداشتر ہی ہوا فافہم پس اب آسیہ وصول احکام کے طبقہ ارض
علیا سے طبقات سافلہ تک کچھ ضرورت کسی نبی کی نہیں اور وصف خاتم تو ایک امر لاحق ہی ہے
اسکا مرتبہ تو کہاں پس وہ افراد واقع اثر مذکور اوادم وغیرہ ہادی غیر نبی ہیں جنکو اثر مذکور
میں حقیقتہً اور اخر کہ جنکو براہ شدت مبالغہ وصف ہدایت میں نبی کر تعبیر کیا مجازاً یعنی انکا
سلاسل کہ جو منتہی بہ محمد ہیں بخلاف اوسط اور اوائل کے یعنی اونکو آدم اور انواع کر تعبیر کیا
نظر بکمی وصف ہدایت اونکی کے بنسبت اواخر سلاسل کے فتوسل و لا منقطع جیسا کہ یہہ فقرہ
عبارت مذکور یعنی اول آپکو وحی آئی اور پہر بواسطہ ملائکہ کے اونکو پہونچی اور نیز دوسرا فقرہ یعنی

کہ طبقات کے انبیا رکو لبطور ملا ذمان بالا دست ملا ذمان ماتحت کو پہونچی فقط اس سے مطلب
مذکور پر دلالت کرتا ہے مگر لفظ انبیا ر موہم داہمہ اور موجب لغزش کا ہوتا ہے کہ جنکی اصلاح
کی گئی جو رافع التباس مع ایہام ہے انشاء اللہ تعالی پس اب معنی مذکور نسبت نزول کے کہ نزول
اوپر سے نیچے اترنے کو کہتے ہیں واسطے ثبات نبوت خواتم ستہ کے مفید نہیں اور معہذا تحقیق کیفیت
معنی نزول کے بھی عنقریب آتی ہے اور واسطے تسہیل اس مطلب آیۃ یتنزل الامر بینهن کے
ایک تقریر زیر تحریر کیجاتی ہے خوب سمجھنا چاہئے ہرگاہ زمین شکل کری ہے اور محوی آسمانوں
کی ہے کیونکہ وہ بھی شکل کری ہیں اور ہر جسم حاوی جسم محوی سے بالضرور بلکہ بالبداہۃ مساحت
جسمی میں کلان ہوتا ہے اور محوی کو چونکہ تو اوسکی واسطے ہر نقطہ جو منتہا ہے ہر ایک خطوط
محرجہ از مرکز کا نہایت کار تا سطح ظاہر کرہ جو وہ بنا ہے نقاط متواصلہ سے جو جسم تعلیمی سطح کرہ
سے پہونچی رہ جانب علو بھی ہے بہ نسبت نقطہ محاذی جسم محوی اپنے کے اسواسطے کہ وہ جانب
علو مذکور منزل سے نازل کے کیونکہ وہ مماس ہے پس اب جسطرف کو جانب آسمان سے نازل
ہوکر منتہی ہوگا وہ ہی نقطہ منزل ہوگا کیونکہ نزول منقطع ہوگا اور اس ہی نزول کو بہر حال بعد
تحقیق مشتبہہ مذکور اوپر سے نیچے کو کہیں گے اور نسبت اور محویات کی وصول کہا جاوے گا کیا آخر
ہے فافہم بالفہم الاتم باقی رہی تحقیق لفظ بینهن کی ہر چند اب ضرورت نہیں رہی مگر تاہم مضایقہ
نہیں یہ مطلب اہل مطلب بفرض محال نظر بدلایل مذکورہ فی ہذا الباب اگر مقتضای الفاظ
عبارت کچھ نشان بھی دیتا تو بجای لفظ بینهن کے لفظ فیهن نازل ہوتا اور پھر تقدیر عبارت
یوں ہوتی یا لفظ فی ساتھ تقدیر لفظ کلھن بمعنی علی ہوتا مانند قوله تعالی فی جذوع النخل کے
لفظ علی کلھن سے صریح نازل ہوتا مگر اسمیں خدشہ استعمال حقیقی اور مجازی کا بھی فی الجملہ
مطلب ہوتا کہ ظاہر ہے اور بصورت کلھن بلکہ صریح کا واحد منھن بھی اگر نازل ہوتا
تب بھی مطلب اہل مطلب حاصل نہوتا بلکہ محمول ہوتا اور مطلب اس آیۃ کی کریمہ اوحی فی
کل سماء امرہا جو وحی کہ متعلق بغیر انبیاء ہے یعنی ملائکہ مدبرات الامر ہیں جیسا کہ اہل التفسیر نے

تحقیق کی ہے انبیاء علیہم [illegible] وحی الہی اور سماوات کا جو کچھ فرمایا [illegible] الفاظ ہے
دوسلی [illegible] اور [illegible] کی [illegible] دلائل مذکورہ کی دلیل ہے
جو عنقریب آئیں گے یعنی کہ یہ محمل صحیح ہے منع نہیں ہو سکتی کہ اس امر خاص میں یعنی وحی میں
جو متعلق بخبر انبیاء ہی ہو [illegible] بالکل فارق [illegible] تفصیل [illegible] ہے کہ طبقات ستہ [illegible]
ارضی [illegible] وحی [illegible] خبر انبیاء کی [illegible] بعثت
خاتم النبیین صلعم کی [illegible] طبقات ستہ سافلہ میں وجود مکلفین [illegible]
[illegible] رضی اللہ عنہا [illegible] العتبہ مذکورہ نزول وحی متعلق [illegible]
[illegible] نزول [illegible]
[illegible] بعثت مطلقہ خاتم النبیین [illegible]
سابقہ ہے پس محتمل ہی قبل [illegible] خاتم النبیین کے [illegible] نزول وحی [illegible]

کی الصلاۃ عند الاشعری ان [illegible] الملائکۃ [illegible] انبیاء [illegible]
کہ یہ قول [illegible] بعثت خاتمیہ مطلقہ کو [illegible] مخصوص
[illegible] خاتمیہ [illegible]
[illegible] رضی اللہ عنہا [illegible] طبقات سافلہ [illegible]
نزول یعنی وحی متعلق باخبار [illegible] ام موسی [illegible] وحی ربک الی النحل [illegible]
بعد فرق [illegible]
یعنی [illegible] الکبیر اور شرح اوسکی کتاب التفسیر
بخاری [illegible] تعلق بخبر انبیاء [illegible]
سماوات [illegible] متعلق باحکام [illegible] امر و نہی [illegible]
[illegible] خاتم النبیین [illegible] طبقات ستہ سافلہ ارض [illegible]
[illegible] خاتم النبیین صلعم [illegible] خاتم النبیین [illegible]

اور ایسا کان نزول احکام ہر دو طبقات سے سافل میں ہو رہا بعد وفات سید لطفیہ کہ زمان انقطاع نبوت سے طبقہ زمین علیا مخصوص
رہا سا تہہ وحی کے بعد آنحضرت کے زمانہ نبوت کی بنظر ظاہر ہو گیا کہ دا وحی فی کل سماء امرہا نسبت وحی سماوات ارض سے مکلم
کی ہو نہ بیہ طبقہ ارض علیا ہی تھا اس سے اوائق نہیں فانہم وانہم فرق الیس موجب اس تخصیص کے وہ غیر ہو نہ غلط فہمی کا جو بعض سے ہو گئی
عبارات رافع الوسواس اور یہ عبارت حاشیہ فتح قاری کی جو جناب لکہنوی نے کیا ہے بہ سند اس عبارت معالم التنزیل
امام بغوی کی ہے یتنزل الامر بینہن بالوحی من السماء السابعۃ الی الارض السفلی وہ ذیل سے کیا اسی تفسیر معالم جاری کرے
صحیح ہی غایتہ منہ میں عمر لہ بینہن بی فی ہذہ الارض العلیا التی نحن فیہا وبین السماء السابعۃ التی ہے اعلاہا اور اس تفسیر
وہ تفسیر جو با بین السماء الدنیا یعنی ما بین السماء السابعۃ التی ہی اعلاہا کچھ مخل نہیں کیونکہ اوسکی سیاق نہیں کہ
ظاہر ہی خطبہ سے تحقیق لفظ بینہن کی دنیز اسکو سے کل سماوات گویا منبع نزول وحی ہیں او جہ عدم منزلت
انبیا کی واسطے وحی کی او جہ تخصیص منزلیت مذکورہ کی ساتھ ارض علیا کی تو بحیثیت خاتمیت مطلقہ کی ہو اور عطا
طبقات ستہ کی او جہ عدم خصوصیت طبقہ ارض علیا کی قبل بعثت خاتمیت مطلقہ کی جیسا کہ عنقریب تحقیق ہو چکا۔
پس جانا چاہیئے کہ معنی اس کی یتنزل الامر بینہن کے یہ ہوئی کہ جو وحی کہ متعلق کل تبرات امر ہی غیر انبیا ہی ہو
اوسکی منزل وہ آسمان ہی جسمیں آسکا مدبر ہی اور وہ زمین ہی جسمیں اوسکا مدبر ہی علی ہذا القیاس حال جو
اور جو وحی کہ متعلق انبیا ہی اوسکی منزل وہ ہی جسمیں وہ نبی ہی پس اگر وہ نبوت مقیدہ رکھتا ہی تو نزول
اور وصول اور منزل اور موصل متعدد ہی اور اگر مطلق ہے تو یہہ سب امور مطلق لہذا بلفظ امر جسکا مفہوم
عام آیت مذکورہ میں نازل ہوا نہ لفظ وحی کا اگرچہ یہہ لفظ بھی باعتبار اپنی انواع اور اقسام کی فی الجملہ عمومیت
رکھتا ہے نہ مانند لفظ امر کی کہ وہ اس سے بالاتر ہے عمومیت میں کہ اعم ہو اہم اور اشمل الشوامل اور
اجوی الحوایا میں سے سب سے فافہم و لا تو یہم سمجھا جاتا ہی کہ روایات تفاسیر میں ہر قسم کی ہوتی ہیں
اور عبارات مگر مفسروں سی ہو تی ہیں جو بعد تحقیق ہوتی ہیں اور مخالف ہو اوہن نہ ہوں جنہوں
باب عقاید سخت تر نازک ہی الا علم وعظہ اسبغ واحکم پس بعد اس تقریر و تنقیح کے ہرگاہ سب
شبہات جواہل اشتباہ عموماً وخصوصاً ساتھ عنایت الٰہی جلشانہ زایل ہو گئے خصوصاً یہ شبہ جو
از قبیل شبہہ افاضل تو کیا عوام کو بھی شاید مخطور ہو اور اگر بنظر خطرات ہو تو جانیے گا۔

خصوصیات باین قائم تک تخصیص قائم اقاضل اور اماثل اور اماجد کے پہونچنا اور اصلی اثبات خواتم
کے تحت اور نا نہ پایا ہے کہ غایۃ ما فی الباب ملائکہ کو حسب اصطلاح نبی نہ کہا جاوے لیکن نفس
معنی نزول امر بہر حال ثابت ہیں اور حالانکہ نسبت ملائکہ یقینہ منزل ہیں ایسی ہی گر
خواتم ہیں کہ نبی عامی تو نہیں ہیں اور نہ خواتم مگر محل نزول امر تو ہیں پس اگر ایسی ہی نوبت
تحقیقات پہونچی لگی تو بر بنا اختراع دگر منا شی ہو ویں ایسی منا شی کے ممکن ہے کہ نادر
موسی علیہ السلام کو اور نحل کو نبی اصطلاحی شرعی تو مت کہو مگر نبی تو نہیں یہ اس قسم کے کلام
مشابہ اس کلام کے ہیں کہ قاصد نامہ بر نبی تو نہیں مگر رسول و پیغامبر تو ہے فانبتہ بالجملہ
الحیض الکلام یہ معنی ہدایت کرتے ہیں کہ یہ افراد ستہ مفروضہ خواتم نہیں ہیں سو اصلی کہ خاتم النبیین کا
حقیقی ہو یا اضافی نبی مصطلح شرعی ہونا ضرور ہے اور یہ نبی شرعی ہی نہیں تو خواتم ہی نہیں ہیں
بلکہ مثل ملائکہ ہیں جو غایۃ ما فی الباب کہ تعبیر ہوا اور الا نظر بدین تحقیق عمیق ملائکہ بھی انبیاء مصطلح
شرعی ہوں نظر بمقتضائے تمثیل مذکور اور یہاں بھی خواتم الملائکہ کا خواتم الانبیاء سماوی ہونا
ضرور ہوا مانند خواتم الانبیاء ارضی کے اور یہ بہ اصلی ان خواتم اضافیہ سماوی کے منشاء
انتزاع کا ہونا جو خاتم حقیقی سماوی ہو ضرور ہوا اصلی کہ وجود امور انتزاعیہ کا بلا وجود منشاء
انتزاع ناروا ہے پس ضرور ہوا کہ گروہ ملائکہ میں بھی ایک خاتم حقیقی جنس ملائکہ سی ہو تو
ثابت ہوا وجود دو فرد حقیقی کا نوع واحد میں ساتھ خصوصیت کسی خاص دلازمہ کے اور وہ کیا ہے
کہ نبوت ہی اور مغایرت افراد کی اور کسی امر میں گو وہ بنظر کسی اور اعتبار کے خصوصیت رکھتا ہو
ساتھ ایک جنس کے ہر دو جنس مذکورہ میں سے یعنی انسان اور ملک میں سے یعنی نفس انسانیہ اور
نفس ملکیہ با نحن فیہ میں مضر نہیں جیسا کہ مقتضائے تمثیل مذکور ہے اور قطع نظر اس سے کہ خاتم حقیقی
ایک ہی فرد ہے نظر باتحاد نوع واحد مذکور یعنی نفس مع قطع نظر خصوصیۃ انسانیۃ اور ملکیت
سے جیسا کہ گذرا اگر یہ نظر تمثیل مذکور استحالہ ثبوت نبوت مصطلح شرعی تو خلاف دعوی اہل دعوی
لازم ہی یا نبوت خواتم ستہ ارضی مثل نادر موسی و نحل حالانکہ سخن نبوت مصطلح میں ہے جو جا بجا

پر کلام اپنی دعوی مین مدعا ہاہا ہے: والاولیا یلقب تا یافت ہی خصوص عیان صاحبان سلف
ابھی اسکی تصریح نہین کی اگر اشارۃ مین موافق قاعدہ عقلیہ ان صاحبونکی کہ لہذا اپنی اطلاق
خواتم کا کیا القاب و خطاب ضرور ہی تاکہ بظاہر ملایکہ کا کوئی خاتم نہین بسبب عدم شہرت نصوص
کے اس بابہ مین کہ ہیں الیٰ ملایکہ اور وضع مراتب اونکی ترتیب بترتیب زمانی ہے یا ذاتی بخلاف ان
خواتم کے کہ ذاتی ہے لہذا اونکو خطاب نہ ملا حالانکہ اس امر خاص مین ملایکہ اور اناسی متحد
بحکم ہونا چاہئین تھی مانند افراد نوع واحد کے جیسا کہ مذکور ہوا ہین گاہ حکم متحد پر ہوئی تو مطلب
تشبیہ ہی ہاتہہ سے چھوٹ گیا تب یہہ قول لغو ہوا اور نہ جس فساد کی یہان اثر کیا تو وہ ہی فساد
افراد اناسی کے بہی سرایت کر گیا یعنی اسصورت مین افراد ہر دو گروہ کے منصب خاتمیت ہاتہہ نہ آیا
اب کیا کیا جاوے خاموش ہونا چاہئی فقط واللہ اعلم وعلمہ اتم وفوق کل ذی علم علیم
اور اگر یہہ شبہہ کیا جاوی کہ بواسطی ملایکہ پہونچانے وحی کا طبقات سافلہ مین نہہی مجرد حصول
جمیع علوم کافی ہے فقط اول تو اسباب ہی تحقیق حصول وحی کی ان طبقات مین ہو چکی اور تحقیق اسباب
شبہہ ثانی کی بشیر قسطاس مستقیم مین ہے بدین طور کہ دربارہ آگاہی امور شرعیہ سی حسن العقیدہ
والعمل بخصوص جو متعلق ہین انبیا کی احکامی مجرد حصول جمیع علوم کافی نہین اسلئی کہ یہہ طریق مسلوک
اور مانی نہین خلاف سنت الہی جل شانہ ہی قولہ ولن تجد لسنت اللہ تبدیلا اور قطع نظر
اس سے حصول جمیع علوم بنسبت آنحضرت صلعم کے مخالف عقاید الاسلام سے ہے یہہ خاصہ الہیہ آیہ کریمہ
عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول اور کریمہ لو کنت اعلم الغیب لاستکثرت
من الخیر وما مسنی السوء الایہ کریمہ ما کنت بدعا من الرسل ما ادری ما یفعل بی ولا بکم ان اتبع
الا ما یوحی الی ان انا الا نذیر مبین اور معہذا علاوہ طرفہ یہ ہے کہ صریح نحوی کلام بنسبت حصول
جمیع علوم ہے طرف خاتم الاولین والاخرین کے بدلیل مضمون علمت علم الاولین والاخرین نہ کہ طرف
اور انبیا کے اور عجب تر یہ ہے کہ تقریب تام نہین اسلئی کہ فقرہ علمت الی آخرہ بقید اضافت ہی
خاص ہے اور فقرہ حصول جمیع علوم عام ہے اگرچہ یہہ قید مراد ہو کہ جمیع علوم اولین و آخرین مگر یہہ

حتی کہ علمی مسئلہ صریح مخفی نہ ہوگا تو قاسم ہی ہے اسی لئے کہ لفظ لغت میں نفس علمی کا ظہور
اور یہ تشبیہ اہل تشبیہ کہ یا جیسی موجودہ انبیا ورزمین پیدا حاصل ہوئی بعد انکے بیس تو انکو مفید نہیں
کیونکہ ظاہر ہے کہ بعد وحی معارف جو حاصل ہوتی ہیں وہ علوم انکے فیہ ہیں اور جس تجربہ
اور جمع انکے سنہ کو جو مشتبہ ہیں بلکہ درباره وحی قرار دی گئی اور انکو شبہ نہیں کہہ سکتی کیونکہ
صرف محل وحی ہے مان لیا جاوے یہ نبی ماننا پڑیگا وہو خلاف المفروض فتدبر فانظا ہر
یا صرف تشبیہ ہی با نفس حصول علوم میں اور نبی مصطلح انہوں تو اسکی مباحث ابھی گذر
چکی **فائدہ مفیدہ** بطور سند مستند تحقیق علامہ قطب الدین قدس سرہ قال انزال
الکتب لیس مستعملا فی المعنی اللغوی الحقیقی وهو تحریک الشئ من العلو الی السفل بل هو مجاز عن مجرد اثباتہ
فی اللوح المحفوظ والمراد بانزال الکتب علی الرسل ان یتلقفها الملک تلقفا روحانیا او یحفظها
من اللوح المحفوظ فینزل بها فیلقیها علیهم **قوله تعالی** نزل به الروح الامین علی قلبک لتکون من
المنذرین بلسان عربی مبین معناه ان جبرئیل علیه السلام حفظ القرآن من اللوح المحفوظ ونزل
به لا یحیط بها الا الله تعالی انتهی من کشاف اصطلاحات الفنون لمحمد علی قاضی محمد اعلی الفاروقی
التھانوی قدس سرہ فقط لیکن جاننا چاہئے کہ دراصل یہ امر محقق ہے کیونکہ جب تک نزول امر
معنوی ہے تب تک معنی مجازی مناسب ہے اور پھر معنی حقیقی مناسب ہے جیسا کہ نزول
حسی کا ظہور ہو یعنی کسوت کلامی لفظی حسی میں دے نزول اس عالم شہادت میں پہنچتا ہے نہ
بدون اسی قالب کی ممکن تھا کہ کلام نفسی قسیم ہم تک پہونچتا نہ اس کلام نفسی قدیم کو اس کسوت
حادث سے کچھ نقصان ہی نہ ہو تھیں مثل اثر آفتاب اور ہر عطریات اور رفاقت ذات کی مگر یہہ
تحقیق محقق علامہ مذکور حسب مقتضا مقام حقیقت اور مجاز ہے ورنہ دراصل جسکو نزول مجازی
کہا علامہ نے وہ درحقیقت نزول حقیقی ہے اور جسکو نزول حقیقی کہا وہ نزول مجازی ہے کیونکہ
یہ عالم ای کیسا ہی اور یہ عالم با کیف فافہم اور یہ معنی نزول وحی کو وعدہ موعودہ سے لگا یا
گیا کہ الہام سے موعود ہو کر اتقنہ معنوی روحانی ہی وہ ہی منزل وحی ہے درحقیقت

فائدہ مفیدہ بطور معترضہ

اور یہ امر دیگر ہے کہ اگر منزل مطلق ہے اور عام تو لغتہ بھی ایسی شی ہے اور جو مقید ہے اور
خاص تو لغتہ ہے علی ہذا القیاس فافہم اور روایات اور اقوال سلف جو بطرق متعدد در بارہ
اس امر مذکور کی کتب معتبرہ معتمدہ سے دستیاب ہوئی ہیں انکو ایک قسطاس میں
لکھو چنانچہ کتاب مع توجیہات ضروری کی تحریر کر دیا ہے فقط واللہ اعلم بالصواب اور اغیر
ہو کہ صریح **قولہ تعالیٰ** قد نری تقلب وجہک فی السماء الآیۃ ہے بانتظار وحی جانب آسمان بعین
حالت نماز میں پیچ فایدہ دینی معنی نزول کے اور یہ کی جانب سے نیچے کی طرف کو اسلئے کہ یہ
تقلب مراد ہے بانتظار نزول جبرئیل علیہ السلام جو ایک امر حسی شہادی تہا نسبت حس
شریف آنحضرت صلعم کی یہ نسبت نزول وحی کے جو وہ ایک امر معنوی و غیبی ہے اور تلقی معنوی
الہی ہی القای جو بلقی ہوتا تہا اور غیر مکتنف [illegible] اور غیر مکتنف با ہو حیثیت مثل انتظار قاصد
پیام مبرہ در ضمن انتظار پیغام محبوب شعر اصالتا ع خوشتر آن باشد کہ سر دلبران
گفتہ آید در حدیث دیگران اور بہر حال ہر گاہ علاقہ اس نزول کا تہا ساتہ شکل کری دوار
کے اگرچہ نزول جبرئیل سے مراد ہو تب بہی وہ نزول حسی جانب سی ہو علو حسی مذکور ہی ہے
اور نیز سماء یعنی علو بہی ہے اور ہر جانب شکل مذکور میں علو ہی ہے جیسا کہ گذرا و الا ہر
توجیہات مذکورہ کافی ہیں فافہم الخ الخ اور لفظ لتعلموا واقع آیۃ مذکورہ جو غایۃ ہی تنزل الامر
کا اور خلق سبع سموات و ارض کے محض واسطے فایدہ عایدہ تمہاری ہے کی ہی ترجمہ آیۃ
شریفہ اللہ وہ ذات پاک ہی جسنی پیدا کیا سات آسمانوں کو اور زمینوں کو مانند انکی
یا زمینان میں مانند انکی اوترتا ہی امر یعنی وحی درمیان انکی تاکہ تم جانو یہ کہ تحقیق اللہ اوپر
ہر چیز کے قدرت رکہنی والا ہی اور یہہ کہ تحقیق اللہ نے بیشک گہیر لیا ہی ہر چیز کو اپنی علم سے
واللہ اعلم بالعلم المحیط الخ الخ **قسطاس جمل و دوئم** ہر گاہ تحریر بعض فضلاء مشتمل اعتذار
صریح صفحہ [illegible] میں واقع ہوئی ہو کہ بوجہ عدم نبوت قطعی خواتم ستہ کسیکو تکلیف عقیدہ نہیں
دیسکتی اور نہ منکر کی تکفیر کرسکتی ہیں اسواسطے کہ احتمال خطا باقی ہے کیونکہ ایسی تصریح کوئی نص [illegible]

درجہ قطعیہ کو پہنچی نہ کلام الہی میں ایسی تصریح ہے نہ حدیث متواتر میں اور نہ اسپر اجماع منعقد
ہوا صرف ایک اثر حضرت ابن عباس رض سے منقول ہے فقط اسی جانب غور سے کہ خود فیصل
کر دیا لیجئے اس شیبا کے بہر شرع کیا باقی رہا کیونکہ کوئی نبی نہیں جو اوسکی نبوت قطعی الثبوت
ہو اور اوسکی نسبت ایمان قطعی اور فرض ہو مجبورًا اور اقرار اور لا وہ شخص مصداق آیۃ
نؤمن ببعض ونکفر ببعض ہے خلاف کریمہ لا نفرق بین احد من رسلہ سب افراد انبیاء نفس
ایمان لانے میں یکساں ہیں اونکی برابر ہیں بعد آیہ تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض یہ امر
آخر ہے درباب فضائل پس جاہلکری انبیاء علیہم السلام کی پس معلوم ہوا کہ خواتم ستہ کی
نبوت حسن بر بنائی خاتمیہ اضافیہ بھی قطعی الثبوت نہیں ظاہر ہے کہ حال خاتمیہ بھی ایسا
ہی ہے قطع نظر خاتمیہ سے جو ایک امر لاحق ہے یہ تشبیہ فیہ نبی کنبیکم درست نہیں کیونکہ
علاوہ تشبیہ مشتمل ہے موجب سرایت مطالب قبیح ہے طرف مشتبہ بہ کے جو کہ انبیاء قطعی الثبوت
ہیں خصوصًا وہ نبی جو مندرج اثر مذکور ہیں معاذ اللہ بالکل سکا کہ ذوات خواتم ستہ قطعی الثبوت
ہو خلاف قرارداد کے پس یہ تشبیہ تو منتہی ہی مگر کوئی اور وصف سوای وصف نبوت کی
علاقہ تشبیہ ہو تو مضایقہ نہیں مانند وصف نفس ہدایت کی بیراہ کمال مبالغہ فی التشبیہ
ہادی بلفظ نبی تعبیر کیا گیا مشبہ بہ اپنی منصب پر جو نبوت ہی اور مشبہ اپنی منصب پر
جو نفس ہدایت ہے بلا انضمام ذیل نبوت کی جو پیرایہ نبوت ہے قایم رہا اگر مانند حضرت
خضر م کے اختلاف فی نبوت ثابت کیجائے تب بھی گنجایش ہوتی مگر یہ بھی خاتمیہ اضافی عالم
از ظن تو ہا ثابت آسکتی یہی امر خلاف عقیدہ اسلام ہے پس در اصل یہی فقرہ مذکورہ
کہ ہم کسیکو تکلیف عقیدہ نہیں دے سکتی اور نہ منکر کی تکفیر کرسکتی ہیں الخ تو ہی پس
بموجب اسکی کوئی شخص توجیہ کرنیوالا اس اثر کا ہرگز متبع نہیں ہوسکتا مثل اوس معنی کی
جو سائل صالح نے بیان کئی کہ اثر مذکور میں لفظ نبی بمعنی ہادی ہے اور اسکی وجوہ حد دلایل
جا بجا اکثر قسطاس میں بتحریر میں پس سکو خود ہدایت ہوئی استناد مذکور سے کہ نجو الی الخ

ہوا کہ جو نبی قطعی النبوت نہیں مانند خواتم ستہ وہ لایق تکلیف ہی عقیدہ نہیں اور منکر اوسکا کافر
بھی نہیں اسواسطی کہ احتمال خطار باقی ہے قابل بحث نہیں کیونکہ وہ درحقیقت نبی ہی نہیں پہر
خاتم تو کیسی ہوسکتی غیر نبی خاتم النبیین نہیں ہوسکتا نہ حقیقی نہ اضافی اسلیے کہ لحاظ جانب
حقیقت و اضافت بہ نسبت خاتمیت تہا یہہ لحاظ محض بے حقیقت ہے واسطی بحث قضایا فرضیہ مقدرہ
کے اور موضوعات فرضیہ مقدرہ کیا تہوڑی ہیں پس جاننا چاہیے کہ بموجب الضافۃ اہل اشتباہ
خود اشتباہ برطرف ہوگیا الحمد للہ وہ افراد ستہ مقدرہ الخاتمیہ نہ خاتم حقیقی ہیں نہ خاتم اضافی
بلکہ افراد امت امم سابقہ سے ہوں یا افراد امت محمدیہ میں سے ہیں بصورت ضرورت عدم امتناع فرض تقابل
وجود مکلفین طبقات سافلہ یعنی ہادی غیر نبی جنکو براہ مبالغہ نبی کر تعبیر کیا جو یہہ اصل خلاصہ اثر
حضرت ابن عباس سلف صالح نے سمجھا اگر اس فقرہ فیہ نبی کنبیکم کو مجاز مرسل کہا جاوی
کہ جسمیں علاقہ غیر تشبیہہ ہوتا ہی اور از قسم مجاز لغوی ہے مانند کی نعمت میں تو یہاں درست
ہی نہیں ہوسکتا کہ ظاہر ہے پس یہہ از قبیل مجاز لغوی استعارہ ہے نبی سے واسطی
ہادی کے لفظ بلاغیہ میں براہ کمال مبالغہ المجاز اللغوی ان کانت العلاقۃ فیہ غیر المشابہۃ کالید
فی النعمۃ فہو مجاز مرسل و بالعکس فہو استعارہ کما فی کتب فن البلاغۃ اور حالانکہ یہہ فقرہ مندرجہ
قول اعتذار مذکور کہ اسپر اجماع منعقد نہیں ہوا یہہ قول فضول ہے اسلیے کہ ثبوت نبوت میں دخل
انہدا نہ قران و حدیث سے ہے نہ اجماع یوں انجام کار اجماع اوسکو لازم آتا ہے الحاصل علامہ
موتمرہ صرف نہیں بلکہ موید ہے فقط فافہم اور اوسکی طرف یہہ امر بہی متوجہ ہوسکتا ہے کہ قطع نظر
اس سے بصورت پذیرائی ازالۃ التعطل و سد البتہ مذکورہ بتکفل شریعت آدم حقیقی استحالہ دیگر
لازم آتا ہے تو بلا نظیر نہیں ہوسکتا ہے کیونکہ بصورت تسلیم بتکفل مذکور کا عزل ناروا
جو غیر ثابت الاصل فی الدین ہے لازم آتا ہے اور وہ یہ ہے کہ بروقت ظہور تیاری سلسلہ
ہر طبقہ سافلہ بالضرور ظہور مبدا ادل مذکور یعنی آدم اضافی ہر طبقہ لازم ہے تو عزل تکفل
حضرت آدم طبقہ ارض علیا بہی لازم آتا ہے بنسبت طبقات سافلہ اور اجتماع عزل و نصب

شرایع فی طبقة واحدة و امثه واحدة او متکثرة فی حالتیه واحدة او مختلفة فی شخص واحد یعنی نبی
واحد دین الہی جلشانہ مین نہین پایا گیا بلا لحاظ اسکی کہ آدم طبقہ ارض علیا جو آدم حقیقی ہے
یہ امر اوسکی قید حیات مین ہو یا بعد وفات ہو اسکا اعتبار نہین کیونکہ نسخ شرایع یعنی اظہار
و تبدیل و انتقال احکام موقوف نہین اوپر وفات صاحب شریعت کی بلکہ یعنی کہ ہمراہ
اوسکی موت کی شریعت بہی اوسکی موقوف ہوجاوی بلکہ موقوف ہے اوپر حکم انتہا حکم
شریعت اول کے مگر یہ امر بہی موقوف ہے اوپر بعد وفات صاحب شریعت اول کے موافق
جریان سنت الہی جلشانہ کی جو مستمر فی الادیان ہے چنانکہ اوپر اہل تتبع صحیح و تسلیم احکام
مین حوایان مستور نہین ورنہ مستوجب عزل ہے حیات مین صاحب شرع کے جو تعجیل
شرعی ہے اور وفات مذکورہ عام ہے حقیقی ہو مانند وفات سایر انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام
یا حکمی ہو مانند رفع حضرت عیسیٰ او رفع حضرت ادریس علیہما السلام الی السماء و القدس او الی
الجنة **قولہ التعویل** رفع اللہ الیہ - وکریمہ ورفعناہ مکانا علیا ساوقع منزل النظر عن بعثہ اول تعرف تعوب
اسکا زمہ معنی ہے ورنہ جیسہ عول تمثالیہ متعاقبہ متناویہ بہ طبق سلسلہ مترتبہ جو سلسلہ زمانی
سے لازم آتی ہین اور ہرگاہ سلاسل سبعہ مذکورہ متفاوت الالفاظ ہوی بوجہ کلانی ہر ایک
سلسلہ عالیہ کی بہ نسبت ہر سلسلہ سافلہ کی تو اختلاف الفاظ متوازیہ الصورة درحقیقت بہی
لازم آتا ہے مثلاً مقابلہ آدم طبقہ ارض علیا تو کوئی بہی نہین علی ہذا القیاس مقابلہ خاتم حقیقی
طبقہ مذکورہ بہی کوئی نہین مگر بشرط مذکور یعنی درباره اول جو آدم طبقہ علیا ہے وجود دو نبیا
نہ ہین اور درباره خاتم طبقہ علیا صرف و سقا کوئی نہین چنانچہ بعض قسطاس مین ترجمہ
کہ اور چہپا ہے لیس آدم ہر طبقہ سافلہ بہ نسبت طبقہ علیا محاذی نوح علیہ السلام ہے مثلاً وعلی
ہذا القیاس سب طبقہ سافلہ کی الفاظ مذکورہ اضافی ہوگئے جانا چاہیے بلکہ یاد رکہنا چاہیے کہ مراد
مثلاً آدم حقیقی سے اس کتاب مین یہ نہین کہ اور آدمی جو اولاد حضرت آدم جد اعلیٰ ہین وہ
آدمی مجازی ہین درحقیقت آدمی نہین بلکہ مراد اس سے اول الانبیا ہر جمع ہوگا درحقیقت اوسکے

پیشتر کوئی بشر موجود نہیں تھا اور نبی نہیں تھے انبیا کہ حقیقۃً اشتہ ہیں کہ اول الانبیاء آدم علیہ السلام جیسا کہ
مقابل میں خاتم ہے یعنی خاتم الانبیاء پس دراصل عبارت ہے اولیت نبوت اور آخریت نبوت
سے یعنی اول حقیقی زمرہ انبیاء میں من حیث وصف النبوۃ اور آخر حقیقی من حیث الوصف المذکور
اگرچہ حسب اتفاق ہمراہ اولیت اس صنف کی اولیت نوع انسانی بھی وابستہ ہوئی ساتھ حضرت آدم
کے بخلاف آخریت وصف دوسری کے یعنی وصف خاتمیت کی آخریت نوع انسانی نہ وابستہ
ہوئی چنانکہ بعد خاتم النبیین صلعم کے لکھوکہا افراد نوع انسانی کی پیدائش ہوئی پس واضح ہوا
کہ اولیت حقیقی اور اضافی اور آخریت حقیقی اور اضافی یہاں باعتبار وصف مذکور ہے فافہم
ولا توہم یہ تحقیق چنانکہ کسی اور قسطاس میں بھی مندرج ہے پس واضح ہو کہ مراد آدم حقیقی
سے اول حقیقی نبوت و خلافت انسانیہ میں اور مراد خاتم حقیقی آخر حقیقی ہے نبوۃً نہ خلقۃً فافہم
اور بالفرض اگر تکفل شریعت آدم حقیقی مذکور ہر بارہ وقت نصب ہر آدم اضافی بقید
حیات آدم حقیقی تصور کیا جاوے تو یہ امر مستلزم ہے بقاء حیات آدم حقیقی کو تا اختتام
نقاط ستہ نوبت بنوبت الی آخرہ اور نہ معلوم کہ عمر آدم حقیقی کب ختم ہوئی آیا پیشتر نوبت
اس تکاری ہر سلسلہ سافلہ تقنا دیہ سے ختم ہوئی اور تکفل مذکور باطل ہوا تو پھر تعطل مذکور
لازم آئی بروقت تکاری باسے سلاسل اور اگر بلا قید حیات آدم حقیقی ہے تو عزل و نصب
مذکور بنسبت شریعت مذکورہ یعنی شریعت آدم حقیقی اور شرائع اوادم اضافی بعلت مذکورہ
لازم آیا اور قطع نظر اس سے ہرگاہ بتسلیم تکفل شریعت آدم طبقہ ارض علیا بنسبت طبقات
سافلہ ثابت ہوا علی ہذا القیاس یہہ تکفل ساری اور جاری ہو سکتا ہے بنسبت اوادم سافلہ
طبقات سافلہ بھی بنظر یہ عنوان سلسلہ اور خاتم حقیقی تو اس باب میں استقلالاً از عرش
تا فرش مسلم ہے درمیان اہل نظر میں پس یہی تکفل مذکور کافی تھا پھر کیا ضرورت ہوئی واسطے ایجاد
خواتم سافلہ کی کیا [illegible] جمیع انبیاء و سلاسل طبقات سافلہ از اول تا آخر اور بقاء
یہ بھی نسبت [illegible] بعنوان [illegible] طبقہ ارض علیا کی بھی جو کہ مقر خاتم حقیقی ہے صلعم

جیساکہ بعض قسطاطیس مین مذکور ہی کہ حکم افراد نوع واحد واحد ہوتا ہی کیونکہ متحد الحقائق
ہوتی ہین اور خلاف اسکا خلاف ہے ہان البتہ اب وہ عدم وصول احکام بعض طبقات
سافلہ کی قلال جبال ہو یا جہہ سے الوجوہ متعذر ہو تو بعد وجود مکذاہ حقیقیہ کے جو عبارت ہین انبیاء
اور رسل سے طبقہ ارض علیا مین در صورت تعذر قیام ثواب اور ورود ات معتبر شرعی ہے کہ منشاء
نجات ہو رحل موافق تحقیق علماء عقاید الاسلام کے پایا گیا چنانکہ خود قسطاطیس میں منقول صاحب تفسیر
اس باب مین مندرج ہے فقط واللہ اعلم بالصواب **قسطاس چہل و سویم** مشتمل بر اصل
بصورت خلاصہ اکثر قسطاطیس جاننا چاہیئے کہ حال ماہیتہ وحقیقہ بعثتہ محمدیہ علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیہ
عند التتبع قرآن وحدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ بعثتہ خالصہ ہی مشترکہ مانند اوحضرت
کے حضرت موسیٰ وحضرت ہارون علیہما السلام اور منقسمہ بقسمت ابتدائیہ مانند اور حضرت
انبیاء علیہم السلام حضرت شعیب وحضرت ابراہیم وحضرت لوط وغیرہ علیہم السلام اسوا اسکی
کہ قسمت طاریہ یعنی قسمت بعد شرکت جو امر طاری ہے وہ درباره بعثتہ دین مین از حضرت
آدم تا حضرت خاتم النبیین صلعم اصلا نہین پائی گئی نہ مصالحۃً نہ منافقۃً کیونکہ سنۃ الٰہی
جل شانہ جاری نہین ہوئی معادم خاص عام ہے اور یہ منامہ بعثتین سوای بعثتہ حضرت خاتم النبیین
صلعم جو بعثتہ خالصہ ہے سو کل وجہ منقطع الاثار ہین عملاً وحکماً اعتباراً جو عبارت ہی نسخ سی
یعنی انتہاء الحکم سے اور دلیل شرکت بعثتہ حضرت ہارون وحضرت موسیٰ علیہ السلام آیات
قرآنی صاف وصریح **قولہ تعالیٰ** واشرکہ فی امری وارسل الی ہارون وغیر ذالک چنانچہ
ارشاد ہوا کریمہ اذہبا الی فرعون انہ طغیٰ فقولا لہ قولا لینا لعلہ یتذکر او یخشیٰ یعنی چلی جاؤ تم دونون
طرف فرعون کی اوس کمینہ نے بہت سر اوٹھایا اور جلدی باہر چل نکلا اور ولا تنیا فی ذکری
اور سستی مت کرو تم دونون میری یاد مین علیٰ ہذا القیاس اور آیات بس صاف شرکت ہی"
قسمت نہین اور معاتبہ اور مواخذہ حضرت موسیٰ کا ساتھ حضرت ہارون کے بکمال شدت
بعد تشریف آوری کوہ طور سی درباره گوسالہ پرستی جو یہ حرکت سامری سے واقع ہوئی تھی اور

اختیار حضرت ہارون اس بارہ مین باوجودیکہ لاکہون بنی اسرائیل کے یہہ بہی ایسا تہا شرکت مذکورہ
کا اور فرعون اور آل فرعون یعنی اتباع فرعون جو مرسل الیہم تہے متحد تہے اور شریعت بہی ایک
ہی تہی اور طریقہ بہی بطور ضلع بندی اور علاقہ بندی کے ایسا ہی تہا کہ علاقہ جداگانہ نہ تہا گو
حضرت موسی افضل تہے مرتبہ مین یہہ امر آخر ہی پس حضرت ہارون علیہ السلام دخیل تہے
تو گنجائش تہی اسلیئے کہ شریک تہے اس منصب مین بالخصوصیۃ المذکورۃ لیکن اونکی دخل کچہ
اپنا ہی فعل سمجہتے تہے علی ہذا القیاس بعینہ حضرت ابراہیم و حضرت لوط اور نیز بعینہ حضرت شعیب
و حضرت موسی سا نہ قسمت ابتدائی کی تہی کہ فی الجملہ آل کار ایک قسم کی شرکت ہی سے
ہر بنیجی کہ تفرد و استقلال خالص نہ تہا یعنی ہر ایک فرد اپنی اپنی علاقہ جداگانہ سے ایک زمان
مین تعلق رکہتی تہی مانند ضلع موتفکات علاقہ حضرت لوط علیہ السلام زمان حضرت ابراہیم علیہ السلام کا
جو بابل اور اردن و فلسطین وغیرہ ملک شام سے تعلق رکہتی تہی علی ہذا القیاس تہین اور ایک علاقہ
حضرت شعیب علیہ السلام علیحدہ علاقہ حضرت موسی و ہارون علیہما السلام سے کہ تعلق بمصر
و توابع اوسکی تہا مجامع زمان حضرت شعیب علیہ السلام تہی اور شرایع بہی جداگانہ تہین
غالبًا پس معلوم ہوا کہ بعثت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم خالص محض متفرد بالاستقلال ہے نہ شرکت
پذیر ہی نہ قسمت گیر مانند بعثت اور حضرات انبیاء علیہ و علیہم الصلوۃ والسلام کے کہ ظاہر ہے کلام
بلکہ اخبار صحیحہ مستقلہ سے خود حال مدعیان نبوت کذابون ملعونون جو وارد احادیث صحیحہ تا قیام قیامت
ہے موعود ہین کہ منجملہ اونکی مسیلمہ کذاب ہے خود دعویٰ واہیہ شرکت فی النبوت واضح ہے کہ کذاب
مذکور کا ہرگاہ ایلچی خدمت بابرکت آنحضرت صلعم سے آیا دست مبارک مین ایک شاخ خرما تہی
فرمایا مین اسقدر بہی شرکت روا نہین رکہتا چہ جا کہ درخواست تقسیم ملک بالمناصفہ تو درکنار
جسکا تو ہی خواستگار فرمایا ان الارض للہ یورثہا من یشاء پس صاف معلوم ہوا کہ اس نبوت
مین اصلا شرکت نہین یہین وجہ کہ وہ کافر تہا جو ایسی درخواست کی اور مدعی نبوت ہوا
لہذا کوئی مسلمان کبہی مدعی نبوت نہین ہو سکتا لزومًا و تعدیًا یعنی نہ ذاتی و اسطی اور نہ واسطی

غیر کی اور یہہ نبوت محمدیہ علیہ افضل الصلوۃ والتحیہ لظاہر مانند نبوت حضرت سلیمان و حضرت
داؤد علیہما السلام بڑنگ سلطنت تا عہد خلافت راشدہ تھی لہذا اوسکا فرق بھی نبوت کذا ب پر فقیہ
ہوا اور نہ حدیث نحن معشر الانبیاء لا نرث ولا نورث خود دلیل نفی سلطنت ہی بطور میراث و نیز
اونہوں نے کسی عنوان سے تسلط بالجبروت منصب نبوت سے جیسا کہ اخبار صحیحہ کا مفہوم و منطوق ہے
پس ہرگونہ نفی شرکت و قسمت مذکورہ ثابت ہوئی نبوت حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو و نیز بعد
آنحضرت صلعم بلا شرکت ہے اور بغیر قسمت جو طاری ہوئی ہے لیکن دونوع شرکت کی اوسکی نبوت
میں بھی نہ مسیلمہ نہ سجاح ہرگز ثابت ہوئی ہرگز کسی اصول میں سے اور نفس معنی ثانی میں
محل شرکت ہی نہ قسمت ملکیہ محل تعذر ہے مگر جو کچھ ہے فی نفس الافراد ہے خارج میں کیونکہ وہ
بسیط معنوی ہے کہ از قبیل اوصاف ہی و اسطہ ماہیۃ واحدۃ اور حقیقت واحدہ کی جو ذات
موصوف ہی بعض افراد انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام اور تمایز ما بین الافراد بانضمام اوصاف
زائدہ ہے چنانچہ اسکی تحقیق کما حقہ بعض قسطاس میں مفصل مذکور ہی پس قائل ہونا بوجود
خواتم ستہ خارج میں کسی المتقدمین ہمراہ بعثت حضرت خاتم النبیین صلعم بشرط منتہی النبوت
قطع نظر اس سے کہ تابع شریعت محمدیہ ہوں یا نہوں اور نیز قطع نظر اس سے کہ خاتم اضافی
ہوں یا نہوں کہ یہہ ایک وصف زائد لاحق ہے ہرگز ہرگز عقیدہ اسلام نہیں ہے بوجہ
استحالہ شرعی شرکت و قسمت مذکورہ چنانچہ ہمیں علت انشاء النبوۃ جو مستلزم شرکت
ہے اور قسمت جو مآل کار تحریر جانب ایک نوع شرکت ہی ہی وفات صاحبزادہ سید الابرار حضرت
قاسم و طیب طاہر منظور الہی جلشانہ ہوئی واللہ اعلم پس غور کامل با انصاف عادل ضرور ہے
قسطاس چہل و چہارم موجب قائل ہونیکی ساتھ اس قول کے کہ معنی اضافیہ دربارہ
خواتم ستہ یہ ہیں کہ نسبت اپنی اپنی طبقہ ارض کے سلسلہ کے اعتبار کی خاتم ہیں فقط پوچھا جاتا
ہے کہ اگر یہی مراد ہی کہ بلا لحاظ طبقہ دیگر کے طبقات سبعہ سی اپنی اپنی طبقہ کی خاتم ہیں تو
یہی تعریف صادق آتی ہے اور خاتم حقیقی کے بہی پس تعریف خواتم اضافی مانع نہوئی اور

قسطاس چہل و چہارم

اور نیز تو نہ خاتم حقیقی جامع ہو کی بوجہ مصادقت طرفین بلکہ فاقد المصداق ہوئی حاصل
امر ہو گیا نہ کوئی فرد خاتم حقیقی ہے دستیاب ہو نہ فرد خاتم اضافی علی ہذا القیاس حال
اول اضافی جو ادادم اضافی ہین اور نیز اوسط سلسلہ مذکورہ بلکہ بنظر تحقیق تمام افراد
خواتم جملہ طبقات ستہ خواتم حقیقی ہی ہین کیونکہ یہہ اضافتہ دراصل اضافتہ ہی نہین بلکہ حقیقت
ہی ہے اسواسطی کہ اضافت بالنسبت الی منتسبین ہوتی ہے اور تغایر اعتباری کا اسی مقام
مین کچھہ اعتبار نہین پہر اسکی بیچ مین ہوڑنا بلا ضرورت بنا نکرہ ہے اور جاننا چاہیئی کہ تعدد اور
تکثر اول حقیقی نوع واحد یعنی مبدء حقیقی اور نیز تکثر و تعدد آخر حقیقی یعنی مختم و خاتم حقیقی نوع
واحد اسیکا سلسلہ ترتیبی زمانی مین بدیہی البطلان ہے پس اگر ادادم ستہ جو اولاد آدم
طبقہ ارض علیا سے ہین تو اول حقیقی ہونا اونکا وجودا باطل ہے اور نیز باطل ہے حقیقی
ہونا اونکا وصفا جو مراد ہی وصف نبوت سی طیاری سلسلہ نبوت مین جو مراد ہی ان
دونون وصف سی آدمیتہ ما نحن فیہ مین علی ہذا القیاس خاتم حقیقی مگر اسقدر فرق ہے
درمیان اوس اول حقیقی اور آخر حقیقی کے کہ اسکی خاتمیتہ آخریتہ یعنی ہونا اس فرد کا
قطع سلسلہ مذکورہ صرف وصفا ہے نہ وجودا اسواسطی کہ مابعد اوسکی اور افراد بنی آدم
ی وجودا ہین نہ وصفا اور ستر اس امر فارق اور فیصل مین یہہ ہے کہ اسکا وصف مستمر
ہے بالدوام الی یوم الفنا بخلاف وصف اول حقیقی یعنی مبدء مذکور ابو البشر آدم طبقہ
ارض علیا کہ وصف اوسکا مستمر نہین بلکہ اوسکو انتہا ہی نظر بنسخ شریعت مانند اور
اوسط کی یعنی دیگر رسل و انبیاء کے نہ عزل منصب نبوت والا یعنی وادم ستہ اگر اولاد
ے اور کسی آدم کی ہین بقول مشہور السنہ عوام کہ انکا باوا آدم ہی نرالا ہے یا مستقل
بنی آدمیتہ مین وجودا اور وصفا مثل آدم طبقہ ارض علیا منتہو لہ بالقران والحدیث
جامع مصداق آیتہ ولقد کرمنا بنی آدم الایتہ واول الانبیاء آدم و آخرہم نبینا
سیدو علیہم السلام وحدیث المحشر انت ابو البشر دربارہ شفاعت پس بعد ثبوت اس

امر کی جیسا کچھ ہو دیکھا جاوی۔ اور جو کوئی قید زاید جامع تعاریف وحدود ہی کہ جس سے امتیاز
ما بین فرد اضافی و حقیقی بنسبت خواتم واواخر سلاسل اور بنسبت اوایل ومبادی سلاسل و نیز
اوساط و در واحل سلاسل تا اصل معلوم ہوں چاہیے بشرطیکہ اوس کو آدم طبقہ ارض علیا سے کہ یہہ امر
متفق الثبوت بالنصوص ہے اور بصورت ہونے الاد آدم دیگر سے یا خود استقلال اونکی
آدمیت کی بعد ثبوت و اثبات کی قابل بحث ہے جیسا کہ گذرا ایسی پھر یہہ معنی ہیں کہ طبقات
دیگر بھی ملحوظ التعاریف والحدود ہیں درباره مطلب اعتبار اضافت مذکورہ کے تا کہ ثبوت فرد
حقیقی ہو اور نیز اضافی بھی بشرط وجود منشاء اضافت خصوص منشاء شرعی نہ صرف عقلی
جو اصل خمیر مایہ نزاع ہے مانحن فیہ میں اور حدود منضبط ہوں تو آدم طبقہ ارض علیا حقیقی
ہو اور خاتم حقیقی طبقہ مذکور اور اوادم طبقات سافلہ باقیہ اضافی ہوں علی ہذا القیاس
حال اواسط طبقات سبعہ اور یہ ظاہر ہے کہ یہہ ہی مراد ہی مثبتین افراد خواتم اضافیہ
ستہ کیونکہ اول اضافی وہ ہے جس سے پیشتر اول حقیقی ہو یعنی یہہ متاخر ہو اوس سے
اور متقدم نہو اور افراد باقیہ اواسط اور اواخر پر بس اندریں صورت ظاہر ہی کہ ہر دو
نقطہ اول و آخر سلاسل طبقات ستہ سافلہ مع نقاط متوسطہ اینی کے جو عبارت ہی کڑی
سلسلہ سے چھوٹا ہونا چاہیئی بہ نسبت طبقہ علیا کی اور غیر محاذی جمیع نقاط متجانسہ سے
اور علی ہذا القیاس ہر طبقہ سافلہ جو تحتی ہے کسی طبقہ عالیہ کا اوسکا بہ نسبت اوسکی کوچک
ہونا چاہیئی عرضکہ القرض اور اختتام سلسلہ ہر طبقہ کوچک کا پیشتر ہونا چاہیئی سلسلہ
ہر طبقہ عالیہ اپنی سے اور ابتدا اوسکا مابعد ہونا چاہیئی بہ نسبت اوسکی لضرورت ما
وجہہ ترتیب سلسلہ زمانی کے درباب اولیتہ اوادم سبعہ اور آخریتہ و خاتمیتہ خواتم سبعہ
گو وہ صادر زمانی امور آنیہ میں سے ہو مانند نزول سورہ اقرا اور سورہ مدثر یا تدریجیہ
مستمرہ میں سے ہو مانند امتداد زمان نبوت پس یہہ قول جائز ہی خواتم اضافی تابع
یا ہمراہ خاتم حقیقی ہوں باطل ہے بدلیل نظم طبعی سلسلہ اور تقتضاء اصلی اوسکی کے

اور حال اول یعنی اور ادم بھی ایسا ہی جاننا چاہئے کہ ہمراہ اول حقیقی یعنی آدم حقیقی کے
ہوں جو عبارت ہی مرسل اول ہے اور نیز بیشتر اوس سے ہوں پس اونکی طبقات
کی بنور طیار ہی انہیں ہوئی کہ ظاہر ہے بوجہہ کو حایل ہونے ہر طبقہ کے طبقات سافلہ
ہے بہ نسبت اپنی اپنی طبقہ عالیہ کے اور نیز متاخر الوجود ہونے اپنی سکے باعتبار ترتیب
زمانی بہ نسبت طبقہ عالیہ کے **قسطاس جہل و تجہم** ہر گاہ وحی مطلق جو لازمہ ذاتی
ہے رسالت خاتمیہ مطلقہ کا شامل ہوا جمیع طبقات ارض کو بدلیل **قولہ تعالیٰ** قل اوحی
ہذا القرآن لانذرکم بہ ومن بلغ - تو جڑ کٹ گئی بعنایت الٰہی جلشانہ عقیدہ فاسدہ مندرجہ
رسالہ نصیر المومنین فی رد قول الجاہلین کے جو صریح خلاف ہے قول دافع الوسواس
وغیرہ اقوال من سے کے بہی کیا بلکہ تمام اہل اسلام امتہ کی اور رد وہ عقیدہ فاسدہ اجماع
خصوصیتہ خاتمیتہ حضرت خاتم النبیین صلعم کے ساتہہ اس ہی طبقہ ارض علیا کے کیونکہ
ظاہر ہے کہ مبلغ اس قرآن مجید کا قاصر نہیں ساتہہ کسی بہی دلیل کے جو مسلم اہل اسلام
ہو بلکہ عموم بعثۃ آنحضرت صلعم پر جو ثابت النصوص القطعیہ ہے اجماع امتہ ہے پس
شامل ہے تمام مکلفین کو خواہ بطور امتہ اجابت خواہ بطور امتہ دعوت جمیع طبقات
میں باعتبار عقیدہ و عمل از روز بعثۃ تا قیام قیامتہ اور باعتبار عقیدہ تو جمیع امم سالفہ کو
اور اثر اسکا تو جو عبارت ہی قبول سے ہر مخلوق پر حسب حیثیتہ اوسکی روحانیت کے
تو ظاہر ہی ہے اور کیفیت اوسکی سر مکتوم ہے جو مخزون ہے خزانہ علم علام الغیوب
میں بدلیل خبر لولاک لما اظہرت الربوبیتہ اسلئے کہ یہہ آوازہ ہر گوش موجودات میں پہنچا
ہوا ہے اور دراصل یہ بات یوں نہیں جیسا کہ عبارت نصیر المومنین فی رد قول الجاہلین
کو شبہہ الحاوی ہوا بوجہہ استدلال ساتہہ استغراق قاصر کے الف لام العالمین سے آیتہ
متبرکہ یا مریم ان اصطفیک علی نساء العالمین اور بر العالمین آیتہ متبرکہ لیکون للعالمین
نذیرا اور وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین کے اور اجد شبہات اوسکی سے یہہ ہے کہ تمام

مخصوص البعض ہوتا ہے یہی جاننا چاہیے کہ یہ عام از قبیل مخصوص البعض نہیں بلکہ سمجھا
جاتا ہے کہ جو عام مخصوص البعض نہیں ہوتا وہ بمنزلہ خاص کے ہوتا ہے بیچ افادہ قطعیہ حکم
کے یعنی حصول مطلب او مقصد کے کہ گنجائش استثنا کی نہیں ہوتی نسبت کسی بھی
فرد کے یعنی جمیع افراد کو حکم عام قطعی شامل ہوتا ہے گویا وہ خاص ہی ہے چنانچہ منار الانوار
میں ہے ان العموم مثل الخصوص عندنا فی ایجاب الحکم قطعا و بعد الخصوص لا یبقی القطع فکان
تفسیر پس اس عموم کا کوئی مخصص نہیں پایا گیا ہرگز اور تفصیل اسکی قسطاس پنجاہم میں ہے
یعنی حقیقت آیۃ لیکون للعالمین نذیرا میں اور رحمۃ عامۃ جمیع افراد عالمین کی آیہ رحمۃ
للعالمین میں شامل ہے پس معلوم ہوا کہ خاتمیت مطلقہ عامہ تامہ مخصوصہ حضرت خاتم النبیین
ہی کا ہے جو شامل ہے تمام خدائی کی مخلوق کو حسب حالیت ہر ایک مخلوق اور چونکہ
مفہوم اطلاق اور مفہوم عام میں بھی فرق ہے مفہوم اطلاق عام ہے بہ نسبت مفہوم
عموم یعنی اعم العوام ہے اسلیے کہ ضمن مفہوم عام میں بھی پایا جاتا ہے اور اپنی ضمن
میں بھی کہ جسکا اطلاق لبشرح حقیقت و بیان عنوان کر تعبیر کیا جاتا ہے نہ از قبیل قید
ہوتا ہے کیونکہ وہ کسی ضمن کی قید میں اصلا قائم رہتا ہے بلکہ اپنی حقیقت مطلقہ مقدسہ
مرسلہ بعینہ پر قائم رہتا ہے اگرچہ مجاز اطلاق عام کہی مستعمل ہے پس جانا چاہیئے
کہ صاحب مرغوب المسلمین بقصر المومنین فی رد قول الجاہلین کو رد ادیں الحاد اور
منقولات نو تقات زندقیہ میں صریح قدم مارا ہے ہر چند بوجہ شکست دلیل عمدہ اسکی
کے مقلد تحریر رندان مشکن جو باعث ہے تلبیس باطل اور تبلیغ کامل کو کافی تھی اور
مادہ اسکی تمامہ قسطاطیس مستقیم کے جمیع وسواس کو زائل کرتے ہیں اور بمنزلہ لا حول ہے
مگر تاہم قسطاس پنجاہم میں جداگانہ قصر المومنین کی عبارت کی ترکات اباطیل اقوال
از حسن کا بر مخبلی جامعہ مگذر رہی کی گئی ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ اور یہ تم تو بڑا ہی ہے کہ
عبارات قصر المومنین نے اسکو طاق میں بٹھا دیا عبارت دافع الوسواس و من صحک

یا ولایات فاضلانہ تو تہی اور لختیہ مطلقہ کی تو قایل تہی اگرچہ دربارہ اثبات خاتمیتہ
اضافیہ معتقد وہ تہا بخلاف اس عبارت کی کہ کوئی درجہ باقی ہے نہ رکہنا خاتمیتہ کو
الیسا سست بنیاد کرنا چاہا کہ لفظ النبوۃ عموم اور اطلاق کو اس ہی طبقہ انبیا
علیہا مین بند کرنا چاہا ذرہ بہر بہی خیال نہ ہار دمتا کہڑا ہوتا ہے اونکو کچہ گرانگی
نہین آتی قشعریرہ بہی نہین ہوتا حالانکہ یہہ خاتمیتہ مطلقہ اور لختیہ عامہ اوس ہی
قرآن مجید سے ثابت ہے کہ جسکی شان مین یہہ آیت نازل ہے کریمہ لو انزلنا ہذا
القرآن علی جبل لرایتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ الایہ مگر اس ہی قرآن شریف
مین یہہ بہی نازل ہے فاما الذین فی قلوبہم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ ابتغاء الفتنۃ
وابتغاء تاویلہ الایۃ البتہ یہہ پر تسلی بخش ہے بجز استرجاع چارہ نہین سیرو نجیدا
کریمہ کل حزب بما لدیہم فرحون اللہم انا نعوذ بک من الفتن ما ظہر منہا وما بطن اور
اعجاب کل ذی رای برایہ وارد احادیث صحیحہ ہے اور اس عبارت لفظ المومنین
لوکیا بلا ردلیری ہے کہ نسبت قائلان لختیہ عامہ مطلقہ صاحب خاتمیہ مطلقہ حضرت
خاتم النبیین صلعم کے تمامہ علماء اور فضلاء بل تمام امتہ محمدیہ کو داغی کر دیا کسیکو جاہل
کا خطاب اور کسیکو کافر کا دیا اور نیز فتوی ہی عدم جواز نماز خلف اس عقیدہ والی کے دیا
پس معلوم ہوا کہ تمام امت اگر ایسی ہی ہو گئی خدا نخواستہ تو یہہ شخص مع اپنی چند اتباع
پہر لفظ ام کی اور شفاعت کبریٰ جو عبارت ہے نجات دہی تمامہ خلق سے کہ جسکی تمام
تمام انبیاء علیہم السلام بوجہ انتقام بدست خاتم النبیین صلعم سپرد کرینگی جو ظہور ہے
نقیضہ عامّہ کا جو شامل ہے کل افراد لائق الشفاعت کو بلا تخصیص امر دلیقہ علیہا صادق
نہیں ہے واسطے عموم نقیضہ کا کہ کے والا تخصیص شفاعت جو عبارت ہے شفاعت
صغریٰ سے جو اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو واسطے اپنی اپنی امت کی علی قدر
المراتب اور نیز واسطے امت محمدیہ کے خیال ہیں اونکی شفاعت سنگیری مثل علماء و شہداء
و صلحاء و حفاظ وغیرہ جو ثابت بالنصوص ہے واسطے حضرت خاتم النبیین صلعم لازم
آتی ہے پہر کیا معنی موجب افتخار ہے اسواسطے کہ شفاعت قاصرہ موجب افتخار اولیٰ نہیں
ہیں اور یہہ شبہہ کہ ہرگاہ ہر ایک اپنی اپنی امت کے شفیع ہوئی تو پہر آنحضرت صلعم کی عموم
نقیضہ کیسی متصور ہو سکتی ہے بلکہ بطور زائل ہے کہ یہ کچھ ضرور نہیں کسواسطے کہ ہر ایک فرد کے
ملاد واسطہ بیات شریف خود متکفل ہوں یہہ امر تو واسطے اپنی امت کی ہی نہیں مراد ہی
بلکہ مراد اس سے عموم لیاقت و شیوع صلاحیت شفاعت مراد ہے کہ جسکی بدولت اور
انبیاء نے بہی یہہ رتبہ شفاعت واسطے نجات اپنی اپنی امت کی حاصل کیا یہی معنی
اور مطلب شفاعت کبریٰ ہے یعنی ہرگاہ بڑی بڑی انبیاء و مرسلین اولوالعزم دست
بردار ہونگی تو آنحضرت صلعم اس جہالت غلطی سے عموماً سب کو اپنی شفاعت سے نجات دلاینگی
پہر بعد گرہ کشائی کے اور انبیاء و مرسلین بالخصوص اپنی اپنی امت کے جرائم مخصوصہ سے
بذریعہ شفاعت اپنی کے نجات دلاوینگی پس یہ مطالب قرآن و حدیث سے قول قائلان
خصوصیت کی برخلاف ہے فافہم از انجملہ مثلاً حدیث ارسلت الی الخلق کافۃ یہ کلام
محل مدح اور ثناء اور افتخار میں صادر ہوئی ہے اثر اوسکا ظہور اور غایت اوسکا شفاعت کبریٰ
ہے جو روز قیامت ہوگا علی رؤوس الاشہاد در بسیر مجمع اولین و آخرین مخلوق تمامہ طبقات
گیا بلکہ ساری مخلوق خدا حاضر ہوگی پس لضرورت عہد حسب مزعوم زاعمین تخصیص

پھر علاوہ اسکے اور شفاعت کبریٰ جو عبارت ہے نجات دہی تمامہ خلق سے کہ جسکی تمام
تمام انبیاء علیہم السلام بوجہ القیام بدست خاتم النبیین صلعم سپرد کرینگی جو ظہور ہے
نقیضہ عامہ کا جو شامل ہے کل افراد لایق الشفاعت کو بلا تخصیص امر وطبقہ علیا سافل
تا نیچے ہے واسطے عموم نقیضہ کا کہ کے ورا تخصیص شفاعت جو عبارت ہے شفاعت
صغریٰ سے جو امرا انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کو واسطے اپنی اپنی امت کی علی قدر
المراتب اور نیز واسطہ امت محمدیہ کے خیال ہیں اونکی شفاعت سے کبری مثل علما و شہدا
وصلحاء وحفاظ وغیرہ جو ثابت بالنصوص ہے واسطے حضرت خاتم النبیین صلعم لازم
آتی ہے پھر کیا معنی موجب افتخار ہے اسواسطے کہ شفاعت قاصرہ موجب افتخار و ہمیشا
نہیں اور یہہ شبہہ کہ ہرگاہ ہر ایک اپنی اپنی امت کے شفیع ہونگی تو پھر آنحضرت صلعم کی عموم
نقیضہ کیسی متصور ہوسکتی ہے بلکہ بطور زایل ہے کہ یہہ کچھ ضرور نہیں کسواسطے کہ ہر ایک فرد کے
ملاؤ واسطہ نجات شریف خود متکفل ہوں یہہ امر تو واسطے اپنی امت کی ہی نہیں مراد ہی
بلکہ مراد اس سے عموم لیاقت دشیوع صلاحیت شفاعت مراد ہے کہ جسکی بدولت اور
انبیاء نے بھی یہہ رتبہ شفاعت واسطے نجات اپنی اپنی امت کی حاصل کیا یہی معنی
اور مطلب شفاعت کبری ہے یعنی ہرگاہ بڑی بڑی انبیاء و مرسلین اولوالعزم دست
بردار ہونگی تو آنحضرت صلعم کس جالکہ غلطی سے عموماً سب کو اپنی شفاعت سے نجات دلاینگی
پھر یوں گرہ کشائی کے اور انبیاء و مرسلین بالخصوص اپنی اپنی امت کے جرائم مخصوصہ سے
بذریعہ شفاعت اپنی کے نجات دلاوینگی پس یہہ مطلب قرآن وحدیث سے قول قائل کہ ان
نصوص تو اسکی برخلاف ہے فافہم از انجملہ مثلاً حدیث ارسلت الی الخلق کافۃ یہہ کلام
محل مدح اور ثنا اور افتخار میں صادر ہوئی ہے اثر او ظہور اور غایۃ اوسکا شفاعت کبری
ہے جو روز قیامت ہوگا علی رؤوس الاشہاد بر سر جمیع اولین و آخرین مخلوق تمامہ طبقات
کیا بلکہ ساری مخلوق خدا حاضر ہوگی پس لضرورت عہد حسب مزعوم زاعمین تخصیص

شفاعت بنسبت افراد طبقہ ادنیٰ علیا کے لازم آتی ہے جو مورث لغزش خامہ ہے
اسلی کی غایتہ اور ظہور جو از قبیل فرع سمجھا جاتا ہے دلیل ہوتا ہے اور یہ اصل کے اور قصور
اصلی جو مدح اور ثنا ہر کامل ہے وہ فوت ہوتا ہے کیونکہ مدح اور ثنا ہر کامل بدون احاطہ
شمائلہ جمیع افراد خلق مشفوع لہم خصوصاً ایسے صاحب رتبہ کی جسکی شان خاتم حقیقی تحقیق
اور شفیع اکبر ہے جو شفیع عام و خاص ہے جسکا کوئی ہمسر نہیں مدح اور ثنا نہیں بلکہ
کمر نقص نہیں سلبی کہ غیر مستوعب ہے اور مخالف نصوص قرآنی اور اخبار سے از انجملہ
حدیث آدم و من دونہ تحت لوائی یوم القیامۃ ولا فخر واقعی طور پر صادق ہے نہ بطور
مبالغہ مشروعہ جہ جاکہ غیر مشروعہ بدلیل التصریح بلفظ ولا فخر اسواسطے کہ لفظ من مجملہ
ظروف متسعہ ہے شامل ہے جملہ ماتحت کو جو طبقات سافلین ملکیہ یا ماتحت الثریٰ اور نیز
مافوق کو بھی درصورت ضرورت شفاعت بنسبت اونکی اور اظہر ہے کہ روز قیامت جمیع
مخلوقات محشور ہوگی جو داخل لفظ دون ہے سب کو حالت منتظرہ شفاعت رسول مقبول
علی حسب المناسب ہوگی یہ بھی معنی ہیں اسی لوا کے یعنی کسیکی مجال نہوگی کہ لب کشائی کی
اس باب میں تا وقتیکہ مقام بیت الحمد میں آپ تشریف فرما ہوکر ساٹھ رات دن محامد رب
میں جو ملہم ہونگی اس روز جیسا کہ احادیث صحیحہ میں وارد ہے مشغول رہ کر فارغ نہونگی پھر جو کہ
امت اجابتہ ہوگی علی حسب المناسب المذکور تمام مخلوق سے بطور تحقیق مذکور کیونکہ امت
ہر نبی کی بطور تحقیق مذکور گویا امتہ آنحضرت صلعم ہے سب وہ بطفیل فوز و فلاح ہوگی
بذریعہ شفیع متوسط کے اور جو کہ امتہ دعوۃ ہوگی وہ مخلد بعذاب ابدی رہیگی معاذاللہم
منہا ثم معاذ اللہ منہا اللہم احفظنا ثم احفظنا آمین ثم آمین پس واضح ہوگیا مطلب اور مضمون
تحت لوائی کا سبکو شامل ہوگا منتظر توقع و امید فلاح آئندہ کامیابی اور غیر کامیابی نفسیہ اوسکا
امر تقدیری سابقہ ازلی ہے بس خوب جاننا چاہیے اور پہچاننا کہ سب کچھ مربوط و
زیر مشیتہ تامہ ہے اور رسالتہ کافہ جو علی قدر المراتب اور علی حسب المناسب سبکو

شامل ہے انبیاء اور غیر انبیاء کو بلکہ تمام کائنات کو بحسب حال اونکی کہ جسکا منشاء
قولہ تعالیٰ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین ہے پس باوصف ایسے رتبہ اور شان کے
تخصیص نفیۃ او تخصیص خاتمیۃ ساتھ طبقہ عالیہ ارض علیا کی تحت خلاف روایت دین اور
و منیرہ عقل و آئین ہے سوای تنیر عقلی اور کوذہنی کے اور کچھ نہین سمجھا جاتا فقط
واللہ اعلم **قسطاس شصت و ہفتم** از انجملہ بموجب مزعوم زاعمین اگر لام لفظ النبیین
آیۃ فبعث اللہ النبیین مبشرین و منذرین بطور عہد مختص کیا جاوی ساتھ انبیاء
طبقہ ارض علیا کے تو انبیاء طبقات سافلہ مبشرین اور منذرین نہون اسواسطے
کہ حال از قبیل قید ہوتا ہے جو مفید ہوتا ہے احتراز کو غیر سے جو باعث خصوصیت ہے
یعنی یہ ہر دو وصف بشارۃ اور نذارت دراصل خاصہ لازمہ ہے انبیاء کا اگرچہ فرعا
بطور پیرو غیر انبیاء سے بھی تبشیر اور انذار ہوتا ہے اور بموجب مزعوم مذکور خاصہ
اصلی انبیاء طبقہ علیا ہی کا ہے اور اس مفہوم مخالف کی اعتبار کرلے کو کہ انبیاء طبقات
سافلہ مبشر و منذر نہین جو کہ شایع ذایع ہے کوئی امر مانع نہین اور بالفرض اگر مانع
ہو تو یہ دلیل مزعوم زاعمین خود بہ نفس مزعوم ہے مانع نہین اسلئی کہ قید کا مطابق
مقید کی ہونا ضرور ہے یعنی حال اور ذوالحال کا درباب تخصیص و تعمیم پس گویا مراد یہ ہے کہ یہ
ہی انبیاء معہودین مخصوص ہین ساتھ اس وصف مذکور کے لا غیر فافہم پس اگر کوئی امر مانع بھی
ہوتا قطع نظر اس سے کہ جزئیات و کلیات مین اعتبار مذکور متمشی ہے یا نہین پس وہ بوجہ
استثناء اس جزئی خاص کے کلیہ سے بتائید اس کلیہ ما من عام الا وقد خص منہ البعض جو
اکثریہ ہے مانع نہین ورنہ بہر نہایت کار یہ عذر ہے کہ نص ساکت ہے وصف تبشیر اور
انذار سے نسبت انبیاء طبقات سافلہ کی لیکن تا وقتیکہ ثبوت ہر دو وصف بدرواسطہ
انبیاء طبقات سافلہ ثابت نہو کسی عمدہ دلیل یا نص سے یا دست بردار ہی ہو ثبوت خاصہ
لازمہ ذوات حضرات انبیاء علیہم السلام بعض افراد اونکی سے اور قبول ہو انفکاک خاصہ

لازم کا ماہیات سے تب تک مطلب پیدا ہی نہیں ہو سکتی بدلیل تسلیم زائد کی پھر
کچھ ضرورت بھی نہیں اعتذار کے ساتھ توجیہ اکثریۃ دخبر کے اس لئے کہ ایسے ادیان
دین میں ایسا اکثریہ متمشی نہیں ہو سکتا شرعًا اور نیز عقلاً درصورت تسلیم وصف لشائی
جو اسطہ جمیع انبیاء کی نزدیک جمیع فرق اسلامیہ کے فافہم انما الحجۃ **قولہ قدم** رحمۃ للعالمین
واقع آیۃ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین میں اسواسطہ کہ رحمۃ اللہ جلشانہ عام بھی
ہے اور خاص بھی پس عام عام ہے تمام مخلوق کو اور خاص خاص ہے ساتھ بعض مخلوق
کے اور اوسکا پرتوہ ہے ذات مقدس حضرت خاتم النبیین صلعم پس اگر اسمیں لفظ
لام واسطہ عہد کے ہو تو رحمۃ مخصوص ہوتی ہے ساتھ طبقہ ارض علیا کے باوجود تعمیم
رحمۃ کے اور دسوکہا ہو تعارض کا درمیان اس آیۃ رحمت کے اور آیۃ کافۃ للناس کے
یعنی وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین کے اور وما ارسلناک الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا
اسواسطہ کہ رحمت عطف بر نک احکام یعنی لتکلیف شرعی جو متعلق بتربیۃ ذوی العقول ہے
اور اوسمیں سے افراد شریفہ ناس ہیں تو لتطبیق ذکر افراد شریفہ اور جواز دلالت
اوپر افراد دیگر کے ذکر ناس عزنا کیونکہ اسمیں لفظ دال ہے اوپر نفع عام اونکی کے
بدون نفع تکلیف شرعی کے جو لفظ لام ہے للناس میں تو مناسب ہوا جو برنگ
اوامر نواہی اور انکار اور انتہا عن المعاصی ہے کہ یہ ایک رحمت خاصہ کے قبیل ہے
مستغنی ہے تصریح لفظ رحمت سے تو آیۃ کافۃ مذکورہ انسب ہوئی تو یہہ قسم رحمت
کی خاص ہے چنانچہ سیاق کلام بشیرا ونذیرا جیسا کی اہل ذوی العقول میں دلالت کرتی
ہے لفظ بشیر او نذیر کی فافہم اور جو عطف رحمۃ کہ عام ہے اور شامل ہے ذوی العقول اور
غیر اوسکی کو جو متعلق بتربیت عام مخلوق ہے کہ جسکا پرتوہ تعالمت ساکگری ولادتیا
تک شامل ہے اور وہ منقسم بعد حصہ ہے اور فریاستہ وہ سب تجری طرف
ذات حضرت مطلق جلشانہ سے ہو جاوے گی جیسا کہ حدیث صحیح مسلم میں ہے اسکو

صرف بلفظ رحمۃ للعالمین کے تعبیر فرمایا بدون کسی ایسی لفظ کے جو موہم بلیہ ہو لفظ البشیر اور
نذیر کے پس واضح ہو گیا کہ بعثۃ آنحضرت صلعم کی حسب اندازہ مخلوق کے تمام مخلوق
ہر قسم کو ساری خدائی میں شامل ہے چنانچہ قصہ ستون حنانہ انین اوسکی یعنی آواز
شبیہہ گریہ بچی کے اور تسلیہ آپکی بہ نسبت اوسکی وقت خطبہ منبر سے اوترکے سب
ہی نے پڑہا لکہا ہے خصوص جو علماء خادم حدیث شریف ہیں پس واضح ہوا کہ ان دونون
آیتوں میں ہرگز تعارض نہیں فافہم ولا تو ہم ان الجملہ علی ہذا القیاس تعارض کا دعوی کیا ہو
حدیث بعثت الی الخلق کافۃ میں اور آیۃ یا ایہا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا الذی الآیۃ
میں بوجہہ مذکور اور بوجہہ اسکی کہ ناس لائق خطاب اور جواب کی ہیں باقی اور سب افراد کو حسب لیاقت
اونکی بہرہ فیضیابی رسالۃ کافۃ سے اور رحمۃ عامۃ تامہ سے حاصل ہے پس درصورت
لام عہد مذکور الناس میں اور العالمین اور الخلق میں اور ماسوای اسکی ایسی مواضع
میں شرف رتبہ خاتم النبیین صلعم ہرگز نہیں کیونکہ یہہ قابل اس انتساب کی نہیں کہ ہم
وزن وہم پلہ بعثۃ عامۃ اور رحمۃ تامۃ ہو جو یہہ دو امر مثل دو بازو طایر بعثۃ خاتمیۃ
ہیں کہ بدون ایک کی بہی قابل پرواز نہیں طمہ ولقمہ سانیز ہے اور قطع نظر اس سے شرط
اس رتبہ عالیہ کی جو موجودہ بوعدہ الہی جانشانہ تبصریحات بینات ہے مانند آیات و
اخبار و آثار و اتفاق امۃ ہے اور بیشتر ہے یہ کہ ہرگاہ حضرت نوح علیہ السلام سے
وصف اولو العزمی کے بہ نسبت حضرت آدم علیہ السلام ظہور دعوت ہوا کہ جسکی
سبب سے تمام مخلوق غرقاب ہوئی سوای سواری کشتی کی اور جملہ حیوانات بہائم اور چند مشت
پرمعدود لئے نجات پائی صادق مطلب رحمۃ للعالمین کا تو یہ حال ہوا علی ہذا القیاس بعد
حضرت آدم جناب الٰہی نوبت امتحان بسبب قلت افراد بنی آدم وقلت احکام نہ پہونچی
تا انکہ اولو العزم انبیاء میں سے نہ تھے اگر پہونچتی تو بالاتر فراخور حوصلہ اور استعداد سے
انبیا کام دیتی سو ظاہر ہے کہ حضرت نوح کی اولو العزمی کو ہرگز ہرگز بدلیل شرعی قولہ الیوم

فاصبر کما صبر اولوا العزم من الرسل پہونچتی اور تشبیہ کا صبر مین جو اس خطاب فاصبر مین ہے
نفس صبر غیر تکیف مین ہے مخل مقصود نہین علی ہذا القیاس اعدا انبیا ر ماتحت کا حال کہ
آخر امم اونکی ہلاک و بوار و تبار کو پہونچی قولہ تعالیٰ فمنہم من خسفنا بہ الارض ومنہم من
اغرقنا ومنہم من ارسلنا علیہ حاصبا الآیۃ اور بعض امتہ مبتلا بلا مسخ کریمہ وجعلنا
منہم القردۃ والخنازیر کے ہدف ہوئی معاذ اللہ منہا بخلاف اس امتہ مرحومہ کے جو بلحاظ
رحمۃ للعالمین محفوظ رہے اور یہی رحمتہ اور قبولیتہ تامتہ رسالت کا فقہ کا ظہور ہے
وغیرہ آیات کریمہ قد خلت من قبلہم المثلات یہ آیات قطع نظر اہل عرب و اہل ہند کے شام
وایشیا وغیرہ کی بھی تو دیکھی پڑھی سنی گئی ہونگی اور لفظ لام العالمین مین واقع آیتہ تبارک
الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعلمین نذیرا واسطی استغراق کے ہے بلکہ
انزال لفظ نذیر کے اور ترک لفظ بشیر کے تا کہ انذار شامل ہو جاوے امتہ دعوۃ
کو بھی اور جملہ مخلوق کو بھی حسب انداز سرشت اونکی کے بدلیل کریمہ وان منہا لما یہبط
من خشیۃ اللہ اور کریمہ لو انزلنا ہذا القرآن علی جبل لرأیتہ خاشعا متصدعا من خشیتہ
اللہ اور حدیث شریف دربارہ ندا جبل جبل دیگر کو ہل مر بک رجل ذکر اللہ الحدیث
جو کہ یہ مضمون تاثیر لوضع ہے او یہی آیتہ رحمتہ کا بعینہ وما ارسلناک الا رحمۃ
للعالمین کا اور علی ہذا القیاس لفظ العلمین کا اکثر جا نازل ہے قرآن شریف مین
مثلا الحمد للہ رب العلمین مین اگر موافق مزعوم زاعمین لام عہد ہو استغراق نہو
تو لازم آتا ہے کہ بیہودگی بعض افراد کا رب ہو اور وہ اونکی مربوب ہون
یا ذی العقول طبقۃ رفیعہ علیا ہے کا رب ہو اور وہ ہی اونکی مربوب ہون اور کائنات
کونی اور سفلیا کو کلی ہی نہو یا نہ کہ لازم آیا یا بیہ الیسر بعض مخلوقات بغیر خالق اور رب کہ جو محتاج ہے
خالق اور رب کے ہیں بزخرالی بیدا ہوئی لیس معلوم ہوا کہ یہ امر علی العمیا گویا قسم
اندازہ نہین بلکہ واسطی استکی میزان سے وہ قرائن شرعی ہین او شیر قرائن عقلی

بھی اونکی ساتھ منضم ہو جاوین بعض صورتین علی حسب قابلیتہ مقام تاکہ استحالجات
شرعی و وہم عقلی بھی اپنی شرعی لازم نہ آجاوین مانند **قولہ تعالی** اصطفیک علی
نساء العالمین مین جو کہ حضرت مریم علیہا السلام نازل ہوئی قرینہ شرعی قایم ہے
لہذا الف لام واسطہ عہد کے ہے وہ معہود اہل زمان مریم علیہا السلام مین باتفاق
مفسرین تاکہ لازم نہ آوے فوقیت اوپر بنات آنحضرت صلعم کے اور اوپر اون
ازواج طاہرات کی جو دار دنیا مین ازواج ہوئین اسلئی کہ حضرت مریم علیہا السلام
داخل سلک ازواج دار آخرت مین ہونگی نہایت کار یہ ہے کہ ہمسر او ہمرتبہ ازواج
طاہرات ہون فائق لوگون سے ہون بکریمہ یانساء النبی لستن کاحد من النساء الخ
جیسا کہ نساء اس آیتہ مین معہود ہین نساء طبقہ ارض علیا کے بلکہ تم ان سے فائق ہو
مانند العالمین مذکور کے محتمل ہے کہ مریم علیہا السلام سے ازواج بنظر مذکور فائق نہون
گو ہمسری مین تو کلام ہی نہین بخلاف حضرت عائشہ صدیقہ رض موجب حدیث شریف
بخاری شریف کمل من الرجال کثیر ولم یکمل من النساء الا آسیة و مریم بنت عمران و
فضل عائشہ علی سایر النساء کفضل الثرید علی سایر الطعام ظاہر ہے فضیلت حضرت
عائشہ رض کی اوپر حضرت مریم کی اور عموماً کریمہ کنتم خیر امة اخرجت للناس مین جو کچھ
سلطان فضیلت ہے وہ ظاہر ہی ہیں مفصلاً و مجملاً فضیلت واضح ہو گئی لہذا ضرور اور واجب ہوا
لام عہد جاننا اس آیتہ مین علی ہذا القیاس فضیلت حضرت خدیجۃ الکبری اور حضرت
فاطمة الزہراء مین جو کچھ آیات و اخبار و آثار عموماً و خصوصاً وارد ہین سو وارد ہین مخفی نہین
اور ہر چند حضرت آسیہ اور حضرت مریم بھی آخرت مین ساتھ ازواج مطہرات مین
داخل ہونگی تب بھی حضرت عائشہ رض کی فضل کو نہ پہونچین گے بدلیل کریمہ کنتم خیر امة
اسلئی کہ اول تو دونون بہ زمرہ خیر امة سے نہین دویم یہہ کہ حضرت عائشہ کی حق مین
حدیث فی سرقة من حریر موجود ہے بخاری شریف مین کہ پارچہ حریر مین حضرت صلعم

کو دیکھا گیا نبیین اور کہا گیا کہ تمہارا درجہ فی الدنیا والآخرۃ اور اختلاف فضیلت ہے کیونکہ علی الظاہر
سوائے حضرت مریم اور کافر بن کے حال ہر کسی اور کو شرف دارین حاصل ہے لہذا تخصیص زمان مذکور واسطے شرف حضرت عیسیٰ
علیہ السلام عہد مذکور پر نہیں ہے ہ نہ جا ہاے مرکب توان تاختن ہ نہ جا ہا سپر باید انداختن

ہر سخن وقتی و ہر نکتہ مقامی دارد **قولہ** علی حسب القابلیۃ التمام من نور الانوار ۱۲

فالمطلق المجرد عن الدلائل یحمل علی الادنی لانہ متیقن فاذا وجدت الدلائل کالنیۃ وغیرہا یحمل
علی الکل کذا فی الکشف ۱۲ فافہم پس تحقیق و تمہید کلمہ لام النبیین مذکورہ آیات کے ساتھ
طبقہ ارض علیا کے ہرگز نہیں چاہئے تعمیم ضرور ہے اور واجب فتنبہ ولا تنعس فقط

اور علی ہذا **قولہ تعالیٰ** واذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اتیتکم من کتاب وحکمۃ ثم جاءکم
رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ قال ءاقررتم الآیہ پس حسب مزعوم
زاعمین بعض انبیا ر اخذ میثاق سے فائت ہوں تو کیا شرف رتبہ ہے خاتم النبیین
طبقہ ارض علیا کا اور انبیا ر طبقات سافلہ خواتم ستہ وغیرہ محروم رہیں حصول شرف رتبہ
تصدیق خاتم النبیین طبقہ ارض علیا صلعم سے یعنی مصدق بہ ہونا یعنی وہ چیز جو کہ انکی
ساتھ ہے کتاب اور حکمت سے بے بہرہ رہیں اور بے ختام اور نیز محروم رہی انبیا ر مذکورین
شرف ایمان لانے سے ساتھ خاتم النبیین صلعم طبقہ ارض علیا کے حالانکہ یہ خلاف
عقیدہ مسلمہ اسلامی کہ کوئی نہیں جو بایکدگر حقیت نبوۃ یکدیگری کے ساتھ ایمان نہ لیتی
ہوں اور نیز محروم رہے شرف رتبہ نصرت اور امداد نبی آخر الزمان خاتم النبیین
صلعم سے علی ہذا القیاس اقرار سے اور اتمام شہادت سے اور جو مقتضا آیتہ ہے بیچارہ فقط
ثم جاءکم رسول مصدق سو بعد میثاق النبیین ہے نظم قرآن میں تو ثابت ہوا بعد
استغراق النبیین آنا رسول مصدق کا ساتھ ترتیب زمانی بالمہلت کی جو کہ مقتضای ہے
لفظ ثم کا اور مصداق اسکا یعنی مہلت کا ایام فترۃ ہے جو بعد زمان ارتفاع حضرت
عیسیٰ علیہ السلام رہے تا بعثت حضرت خاتم النبیین صلعم تو ثابت ہوا کہ خاتم النبیین صلعم

سب انبیاء سے متاخر الوجود ہین ساتھہ تاخر زمانی کے نہ مکانی کی اور نہ باعتبار صرف شرف رتبہ کی جیسا کہ توہم ہوا بعض فضلاء کو جو فوقیت دیتی ہین شرف رتبہ کو اوپر شرف تاخر زمانی کی بلکہ فی الواقع شرف شرف زمانی ہے بالاصالتہ بسبب امکان مجامعتہ ہر دو رتبہ کے پس کچھہ ضرورت اور احتیاج نہین طرف تفرد شرف رتبہ کی بلکہ موقوف ہے مقصود اصلی کو جو شرف تاخر زمانی ہے اگرچہ فی نفسہ شرف تاخر زمان نہین مگر ہرگاہ معتبر شرعی ہوا بطور ظرف مظروف اور شرط مشروط جو ہیئۃ ترکیبی ملازمتہ غیر منفکہ ہے ہوون اوسکی ظہور اوسکا نہین کہ جسکی ساتھہ خود صاحب رتبہ نے افتخار اپنا کیا نحن الاخرون السابقون جسکا شاہد ہے تو شرف رتبہ جو اصل تہا وہ بغیر تاخر زمان کے ہونا معتبر نہ ہا فافہم پس یہ قول کہ جائز ہے کہ یہہ خواتم ستہ طبقات سافلہ بیشتر وجود خاتم النبیین طبقہ ارض علیا سے صلعم گذر چکی ہون اور تابع شریعت محمدیہ ہون باطل ہے بموجب اس فقرہ لما اتیتکم من کتاب وحکمۃ کے اسلئے کہ اونکی ساتھہ کتاب اور حکمۃ یعنی دانش جو زاید پر اصل مطلب کتاب ہے ثابت ہوئی کسیکی پاس دونون اور کسیکی پاس ایک ان دونون مین سے پس ثابت ہوگیا کہ وہ خواتم ستہ مزعومہ بہی ذیل انبیاء گذشتہ مین داخل ہوئی ہون جیسا کہ اور انبیاء علیہم السلام گذر چکی اپنی اپنی کتاب اور حکمت کے ساتھہ اور خاتمیۃ خاتم النبیین صلعم مین کچھہ دخل نہ رکہتی تہے ویسی خواتم ستہ بہی گذر چکی اور کچھہ دخل نہ رکہتی تہی خاتمیتہ مین نہ حالاً نہ مالاً نہ حقیقتہً نہ اضافتہً اسلئے کہ زمان ماضی کے زمانی زمان حال اور زمان استقبال کے زمانیون کے ساتھہ ہرگز مجامع نہین ہوسکتی قطع نظر اور استحالات شرکت وقسمت ابتدائی مذکورہ قسالہ سے الغ سے کیونکہ یہ استحالہ تو متحقق ہے بوجود خواتم ستہ زمان حال خاتم النبیین صلعم مین جو کہ معتبر بزمان حیات ہے اور زمان استقبال جو معتبر بزمان بعد وفات شریف ہے سو وہان تک اس صورت مین نوبت ہی نہین پہونچتی جو قابل عندارادہ زیادہ تر توجیہہ

اور لایق بحث ہو باقی رہی یہ بات جو طرا مزعوم زاعمین ہے کہ بہ نسبت اپنی انبیاء ملتبعہ
کے خاتم ہوئی کی یہ لقب خاتم اضافی عقلاً صادق آتا ہے لہذا ہم اطلاق کر سکتے
ہین کہ خاتم اضافی اگرچہ زمان ماضی مین بہ نسبت زمان خاتم النبیین صلعم گذرچکے
ہون یا کسی زمان مین ہون اول تو یہ تحکم بحرف تاخر زمانی جو عنقریب گذرا کافی ہے
ورنہ اونکی جوابات بایدو شاید قسطاس سابقہ مین میین طلل گذرچکی از انجملہ مسئلہ
اصول لابد لصحۃ الاطلاق الشرعی من الاذن الشرعی اور اگر ہو اخواہی مزید تحقیقات
ہے قسطاس سابقہ مسئلہ کو بغور انصاف ملاحظہ کامل کرے تا مزید کشف حقیقت حال
ہو جاوے ہفتا قسطاس ششم و ہفتم پس جیسا کہ ایک جملہ کا مجملہ تفصیل عبارت
نصر المومنین مذکور کا حال کہل گیا اسیطرح جملہ تیسری کا حال کہلا جاتا ہے جو وہ جملہ
تیسرا یہ ہے کہ قرآن مجید مین مذکور ہے انی فضلتکم علی العالمین اور تبارک الذی نزل
الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا اور اکثر ما عبیر نے العالمین میں باوجود ہونے
الف لام استغراق کے تخصیص کی ہے پس یہہ کہنا کہ نص قطعی کے یہ خلاف ہے
بجز جہالت کے کیا تصور کیا جاوی فقط پس معلوم ہوا کہ زاعمین مزعوم نے تسلیم کیا
الف لام النبیین کو بہی واسطہ استغراق کے اگرچہ بطور استغراق اضافی کے
کہ مال کار راجع ہے طرف عہد ہی کے چنانچہ قسطاس آئندہ مین اوسکا حال کہل جاویگا
اور تسلیم مذکور بوجہ تمثیل علی العلمین واقع آیۃ انی فضلتکم علی العالمین و للعالمین نذیرا
واقع آیۃ تبارک الذی نزل الفرقان الاٰیۃ کی ہے مگر بعد تسلیم استغراق پہر
رجوع کیا اوس سے طرف تخصیص کے بطور معہود خارجی کے بہ نسبت ان دونون کے
یعنی علی العلمین اور للعلمین مذکورین کی تمثیلاً مراسلی پہونچایا حکم ان جزئیات کی
طرف جو کہ النبیین کے بہ نسبت اشتراک علت علاقہ تشبیہ و تمثیل حالانکہ فرق اور تمیز کی
تباین ان دونون جزئیون مذکورون مین بہی یعنی العالمین اور للعالمین مذکوران

قسطاس ششم و ہفتم

بین العقلی کہ فرق بین مذکور ہو چکا یعنی قرائن شرعی ہم منضمہ بقرائن عقلی اور
ہونگا کہ بدلیل قرینہ مذکورہ حال ایک جزائی تمثیلی کا کہ جسمین علاقہ تمثیل وتشبیہ موجود
ہے معلوم ہو چکا کہ وہ واسطہ استغراق کے لازم اور واجب ہے ویسا ہی دوسرے
جزائی متصف بعین وصف کا بھی حال ایسا ہی ہونا چاہئے بخلاف اس جزئی
کے کہ سلک علاقہ تمثیل وتشبیہ میں منسلک اور منخرط ہی نہیں مانند العالمین
واقع آیتہ انی فضلتکم علی العلمین میں ای علی عالمی زمانہم کما فی البیضاوی بحق بنی اسرائیل
نازل ہے اور انی اصطفیٰک علی نساء العلمین ای عالمی زمانہا بحق مریم علیہا السلام
نازل ہے بلکہ یہ دونوں جزئی بالکلیہ تمثیل میں کیونکہ علاقہ تشبیہ متحد ہے یعنی قرینہ شرعیہ
باعتبار نزول کہ شان خاص کہتی ہیں وہم باعتبار مزاحمت عقیدہ اسلام
مستخرجہ از نصوص قطعیہ قرآنی اور احادیث واجماع امت درباره فضیلت حضرت
خاتم النبیین صلعم ونیز درباره فضیلت حضرت عائشہ صدیقہ وحضرت خدیجۃ الکبریٰ
وحضرت فاطمۃ الزہرا رض کما مر عنقریب غیر بعید او قطع نظر اس سے تا آنکہ بمقابلہ
امم سابقہ بمقابلہ امتہ اجابتہ حضرت خاتمیتہ مآب کریمہ کنتم خیر امۃ ای خیر طریقہ
اخرجت للناس الآیۃ جو کہ نازل ہے بحق امتہ محمدیہ خیر الامم کے باتفاق مفسرین بابا
اپنے اوصاف جمیلہ کو از قبیل جہل وغیرہ نسبت کرنا صاحب مرغوب المسلمین
کی رد قول الجاہلین کا طرف اور علماء کے بجز اس قول شاعر کے کیا تصور کیا جاوے
ع خوشتر آن باشد کہ سر دلبران ٭ گفتہ آید در حدیث دیگران ٭ الیسر الغنائم
کریہہ ذات مناظرہ صحیحہ سے دور ہے از قبیل مشاغبہ کیا مسابقہ ومشاتمہ ہے تا بہ
مقاومت ایسے مناظرہ کے کسکو حاصل کریمہ لا تسمعوا لہذا القرآن والغوا فیہ لعلکم تغلبون
کریمہ انہ لا یحب المستکبرین حدیث شریف من طلب العلم لیجاری بہ العلماء او لیماری بہ
السفہاء ادخلہ اللہ النار وارد ہے کریمہ وجادلہم بالتی ہی احسن وکریمہ ادفع بالتی ہی احسن

الخ یہ قولہ العلم تحمل الہم فی انفسہم قولاً بلیغاً اگرچہ خواہ مخواہ ادا مضمون از قسم بنا نظر ہو تو بالفاظ حسن و شایستہ ممکن ہے غرض از مطلب جاہیئے اور نہ کسی تفسیر کا دربارہ حوالہ بہی اکثر تفاسیر اور نہ اہل تفسیر کا اس دعوی ہوئے الف لام عہد سکے العالمین

یہن جو واقع ایہ تبارک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا ہے نشان دیا

قسطاس شصت و پنجم

اور جملہ دوسرے کا بہی جواب اس ہی جواب سے حاصل ہے کیونکہ اسمین بہی تسلیم ہے نسبت الف لام استغراق کے لیکن فقرہ نظیری بطور نشانہ استدلال کے جو سا در ہوا ہے کہ یہ لن ترانی مناظرہ ہمارے اہل التسنن اور اہل التشیع اور معتزلہ میں البتہ وہ امر تحقیق طلب ہے حقیقت سپرد قلم ہوتا ہے اور وہ دوسرا جملہ مذکورہ عبارت الفرالمومنین یہ ہے کہ ہمنے تسلیم کیا الف لام استغراق کے لئے ہے لیکن استغراق بہ نسبت آنات عالم کے ہے دیکہو لن ترانی سے معتزلون اور شیعون نے استدلال کیا کہ لن تابید اور ہمیشگی کے لئے ہے پس دیدار خدا کا آخرت مین بہی کسی مسلمان کو نہوگا اہل سنت نے جواب دیا کہ بر تقدیر تسلیم تابید سے مراد ہے اس ہی عالم کا اسیطرح استغراق بہی بہ نسبت بعض چیزون کے قرآن و حدیث مین مستعمل ہے فقط پس جاننا چاہئے کہ یہہ وہی استغراق اضافی ہے جسکی انکشاف حال کا وعدہ کیا تہا قسطاس سابق مین استغراق اضافیہ بلا منشاء اور بغیر صریح دلیل شرعی وہ قرینہ جو قائم مقام صریح دلیل ہے تو اصل خمیر مایہ مشرب فرعونیت ہے جسکا یہہ تمام فساد پہیلا ہے اور قلع قمع اسکی سب قسطاسین مین بخوبی ہوئی ہے اور جانا چاہئے منافی استغراق اور چیز ہے اور منافی تابیدلن اور چیز لیس قیاس کرنا استغراق کو اوپر تابیدلن کے امر فایق اور دخایر ہے اسواسطے کہ استغراق بہ نسبت جمیع افراد مدلول کے ہے بلالحاظ تخصیص کسیکی زبان و زمانہ لغہ سے ایجاباً الغ اور تابیدلن بہ نسبت استمرار

حکم نفیا ہوتا ہے زمان مستقبل میں کسقدر تفاوت ہے اور بالفرض اگر با جتماع
جملہا استغراق اضافی ہے تو استغراق ناقص ہے جو منفیا ہے ساتھ غائیہ قاصر
کے یہ شان استغراق نہیں بلکہ از قبیل امر معہود ہے جو کہ ما نحن فیہ ہے اور سبیل
اوسکی مسدود ہے جیسا کہ گذرا خواہ مخواہ ویل ہونا امر بمعنی کے جو فضول
ہے مگر ان صاحبوں کو ایک نہ ایک مزعوم چاہیے خصوص اضافی بلا ضرورت بلا منشا
اضافہ یا ایک بات خوب ہاتھ لگ گئی یا تاکید کلام ہے اب نظر کرنی چاہیے استعمالات
تابیدین پر موافق اس تحقیق کے **قولہ** لن ابرح الارض حتی یاذن لی ابی منفیا ہے
ساتھ غائیہ ناقص کے کریمہ انا لن ندخلہا ابدًا ما داموا فیہا منفیا ہے ساتھ غائیہ
ناقص کے کریمہ لن تبید ہذہ ابدًا علی ہذا القیاس اور امثلہ لیسجننہ تستغفر لہم کی ما نحن
فیہ میں خواہ مخواہ رعو کھا کھانا اور دعو کھا دینا واسطے ثابت کرنی اپنی مزعوم کے
بلا حوالہ سند معلوم کا روائی ناقص ہے قابل اعتبار نہیں پس یہاں سمرے ہے
استغراق نہیں بلکہ استمرار ہے اوپر ایک زمان آیندہ کے اور عام ہے کہ غائیہ منفیا
لی ملفوظہ ہو یا مقدرہ ملفوظہ تو ہر دو مثال مذکور میں ساتھ لفظ ما داموا کے اور لفظ
حتی یاذن کے ظاہر ہے اور مقدرہ ساتھ مدت العمر کے مثال لن تبید ہذہ ابدًا
یعنی اس منفیا کی غائیہ مدت العمر ہے متکلم کے یا اقران و امثال کے نہایہ کا رتا روز
فنا کلی باعتبار عقیدہ تجربی کفار کے نسبت موت اپنی کے باستدلال عقلی در
تجربی اور مشاہدی کے بدلیل ہلاک قرون ماضیہ اور سب جاننے تمام متمولون
کے امثال و اقران اپنی کے اگرچہ انکار حشر کے معتقد تھے کہ سیاق اس ہی کریمہ
کا دال ہے وہ امر آخر ہے کریمہ و ما اظن الساعۃ قائمۃ بسبب انکار حساب کتاب
کے پس تقدیر عبارت یہ ہے لن تبید ہذہ مدت العمر کو یعنی مدت العمر وغیرہا کما مر
پس معلوم ہوا کہ غائیہ اس استمرار کی موت ہے جو کہ قیامت اول ہے بموجب حدیث

شریف مین بان فقد قامت قیامتہ کے یا قیامت وسطی کہ کل نسل کا باقی نہ رہے
اور سارا قرن کہپا جاوی قولہ تعم ولقد اہلکنا القرون الاولے الایۃ اور یا
یا قیامت کبری جو روز حشر موعود ہے اشارہ ومنہ قیامتنا یا فنا رباغ ملکو جسکی طرف
اشارہ لفظ ہذہ ہے اور اطلاق قیامت اوپر موت وہلاکت کے حدیث شریف
مذکورہ مین مجازا ہے کیونکہ موت کی بعد قیامت یعنی حشر جو بمعنی قیامت ہے
بالضرور ہوگا اور بالفرض استغراق اضافی ہی سہی لیکن تاہم مفید ہوا عند استغراق
اضافی بانحن فیہ مین بوجہ مآل کار عہد ہوجانے کے جسکی خرابیان مذکور ہوچکی ہین
اور ماوتکا استعمال بالاستیعاب والاستغراق ہوگو معا بلہ معتزلہ وشیعہ تسلیم
کسی مطلب خاص کو الزاما اور حالانکہ اثبات درجہ اور واسطہ فیما بین عہد اور استغراق
کا کوئی قابل نہین معلوم ہوتا مین کہتا ہون کہ جواب شیعہ اور معتزلہ کا اخطر جبرا
اور الیق اور اوفق ہے کہ سیاق کلام رب ارنی انظر الیک سے اور یہہ درخواست
حضرت موسی متعلق بدار دنیا تہی نہ بدار آخرۃ اور ضرور ہے کہ جواب مناسب
سوال ہو یعنی ای موسی تو دار دنیا مین ہرگز نہین دیکہہ سکتا کیونکہ دار دنیا اور رویتہ
اوسکی جوکہ محتاج ہے الات جسد انی کے کہ وہ سب فانی ہین اور رویۃ الہی جلشانہ
باقی ہے فانی باقی کو محیط نہین ہوسکتی مانند کریمہ قل لو کان البحر مدادا لکلمات ربی
لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی لو جئنا بمثلہ مددا اور کریمہ ولو انما فی الارض من
شجرۃ اقلام والبحر یمدہ من بعدہ سبعۃ ابحر ما نفدت کلمات اللہ ان اللہ عزیز حکیم
یعنی فانی باقی کا احاطہ نہین کرسکتا ۔ کریمہ ولکن انظر الی الجبل فان استقر مکانہ
فسوف ترانی الایۃ تا آخر انی تبت الیک معتذر ہوی حضرت موسی علیہ السلام کو
اعتذار نفس مطلب اہل السنۃ کے ہاتھہ آیا کہ رویۃ الہی جلشانہ فی نفسہ ممکن ہے اسلئے
کہ تعلیق بالممکن ممکن ہوتی ہے بس رویۃ الہی جلشانہ بہی ممکن ہوئی کسی دار مین

ضرور نہیں کہ در دنیا ہی مین ہو پس بوجہ مذکور دارِ عقبا ہی مین متعین ہوئی وہ
ایسی جگہہ ہے کہ جس جگہہ ممکن ہی نظر بقا و دوام واجب کی حکم مین ہو جائیگا
جو کل اہل اسلام کا عقیدہ ہے اور بسبب خیال حصول رتبہ دار دنیا مین حضرت
موسیٰ خواہان ہوئی بعد صعقہ جواب لن ترانی متعذر ہوئی اور یا سوای اسکی
اور نصوص قطعیہ صریح ثبوت رویت کے دار آخرۃ مین دیگر ہین قولہ تعالیٰ یوم
یکشف عن ساق و یدعون الی السجود وہم سالمون اور کریمہ وجوہ یومئذ ناضرۃ الی
ربہا ناظرہ اور وارد احادیث صحیحہ مشہورہ بہی بحکم متواتر المعنی ہین تا بیکہ آیات مذکورہ
پس اس امر کو بہی اوس ہی میزان شرعی مذکور یعنی قرینہ شرعیہ مذکورہ کے ساتھہ تول
جو کہہ لینا چاہیئے تا کہ خلاف شرعی لازم نہ آوی خلاف عقیدہ اہل اسلام خصوص
اہل السنت کے پس ابتدا ہم کہتے ہین کہ یہہ التباس استغراقی جو ساتھہ لن تترانی
کے ہوتا ظاہر ہوگیا پس سوال جواب شبہہ جو یہان سے امر ہیگا نہ تہا اور بطور
تقدیر ملتبسانہ پیش آگیا تہا یا بطور کم فہمی معترض تہا غرضکہ جسطرح پر تہا اوسکی
نسبت بہی جواب کامل بعنایت الہی جلشانہ ہوگیا پس بعد رفع التباس اصل مطلب
نبوت خاتمیہ خاتم النبیین صلعم لفظ النبیین سے جو نبوت خاتمیہ مین نازل ہم
اور علی ہذا القیاس مطلب نبوت حقیقت عامہ و اسطہ تمامہ عوام کے مفہوم لفظ العالمین
آیہ رحمتہ مین بخوبی واضح ہوگیا اور نیز واضح ہوگیا کہ حسب قرینہ مقام یعنی قرینہ
شرعی موافق مقام متعین ہوجائیگا یعنی لام استغراق بجائی خود اور لام عہد
بجائی خود مانند علی نساء العالمین مین اور مانند فضلتکم علی العالمین یعنی البشر فلہذا ہم
حال حکم شرعی اور عقیدہ شرعی یہی ہو پس بالضرور باعتبار لام عہد النبیین کا آیت خاتمیت
مین بطور زعم صاحب مظہر المومنین جو ہوئی ہے کے خصوصیتہ خاتمیتہ خاتم النبیین
کو ساتھہ طبقہ ارض علیا کے اور آیہ رحمتہ مین قطعاً باطل ہے فافہم ولا تتوہم فقط

قسطاس ہفتادم وزجہ شائد حمایہ ماقسیر مذکور یہ ہے کہ عموم نص کے قطعی ہونے میں بڑا اختلاف ہے امام شافعی وغیرہ عام کے ظنی ہونے کے قایل ہیں بلکہ حنفیہ میں سے بھی مشائخ سمرقند ظنی ہونے کے قایل ہیں اور کہتے ہیں کہ مفید وجوب عمل ہے نہ مفید اعتقاد بلکہ مذہب جمہور فقہا اور متکلمین کا کتب اصول میں بھی مذکور ہے اور بعض علما نے بھی مذہب آئمہ اربعہ کا قرار دیا ہے کما لا یخفی علی من طالع التلویح والمغتنم پس نص قطعی کہنا اوسکا غلط ہے ہان بنا بر مذہب بعض علما کے البتہ صحیح ہے وہو لا یفید مطلوبکم فقط پس جائے غور ہے کہ صاحب عبارت ہذا نے اسقدر بھی بیان اور خیال نہ کیا کہ عموم نص کا علاقہ عمل سے ہے جب مذہب جمہور متکلمین اور فقہا وغیرہ اور راسخ فیہ از قبیل اعتقادیات ہے پس یہہ قول کہ نص قطعی کہنا اوسکا محض غلط ہے ہان بنا بر مذہب بعض علما کے البتہ صحیح ہے فقط میں کہتا ہوں کہ یہہ بہی قول غلط ہے صحیح نہیں اسواسطہ کہ جو نص صرف مفید عمل ہوگی وہ مفید اعتقاد نہوگی مثل صلوۃ وتر کے کسی کے بہی نزدیک مفید اعتقاد نہیں نہ نزدیک جمہور نہ بعض ہان مگر جو کہ مفید اعتقاد واسطے عمل کے ہوگی یا صرف اعتقاد ہوگی وہ ... ہے اس بارہ میں یعنی افادہ قطعیہ میں مثل نص وارد باب فرضیت صلوۃ پنجگانہ پس جو بحث فیہ میں صرف از قبیل اعتقادیات ہے اور مع قطع النظر عن ہذا ہم حنفیوں کے نزدیک عام بعد المخصوص البعض بحکم خاص قطعی ہے پس ما نحن فیہ میں یعنی خاتم النبیین قطعیا قطعیت عموم بعل ثابت ہے پس شامل ہوگی خاتمیت خاتم النبیین جمیع طبقات ارض کو بلکہ عرش ... عرش کو بلکہ تمام خدائی کو فلا یکن احد من مستغرقین فی الاوہام —

قسطاس ہفتاد و یکم اور جاننا چاہیے کہ وہ عبارت مذکور کہ جسکی پر تو پر یہہ تفصیل منشی ساد ہوئی جو مندرجہ سوال سایل ہے وہ خود مختل ہے اور بیکار او عبارت سوال مذکور یہہ ہے کہ ذکر کرتا ہے کہ جو کوئی کسی طبقہ میں دوسرا خاتم النبیین تجویز

نری اگرچہ آنحضرت صلعم سے رتبہ مین کم ہووی وہ شخص کافر ہے کیونکہ منکر عموم نص
سے وہو **قولہ تعالیٰ** ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین فقط

الجواب یہہ قول اوسکا کہ جو کوئی کسی اور طبقہ مین دوسرا خاتم النبیین تجویز کرے الخ
محض غلط ہے اور یہہ کہنا اوسکا کیونکہ منکر عموم نص ہے باطل ہے کیونکہ اول ثابت
کرے الف لام النبیین مین استغراق کے لئے ہے جایز ہے کہ عہد کے لئے ہو فقط
پس جاننا چاہیے کہ وہ احتمال ... بیکاری مذکور جو نسبت اسکی ہمنی بیان کی ہے
قطع نظر اس سے کہ یہہ دعوی کہ منکر عموم نص فی نفسہ باطل ہے یا نہین یہہ ہے
کہ دلیل مذکور کہ اول ثابت کرے کہ الف لام النبیین مین واسطہ استغراق کے
ہے خود منقوض ہوگئی جیسا کہ تحقیق اوسکی مفصل جوابات تیسری اور دوسرے
اور پہلی چہار مین منجملہ تفصیل مذکورہ کے عنقریب باعیر بعید گذر چکی پس اب نص قطعی عموما
باستغراق جمیع افراد النبیین المضاف الیہم جنکا مضاف خاتم ہے بطریق
سابقہ اس ہی آیۃ متبرکہ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین آیتہ نہایتہ کا ثابت ہو گیا
اسواسطے کہ جو بار دعوی مخالف تہا یعنی عدم ثبوت استغراق لام مذکور وہ
ہی ساقط ہوگیا اور دعوی جو دایر تہا یعنی عدم قطعیتہ نص وہ بھی ساقط ہوگیا
پس ثابت ہوا کہ یہہ ... ہے اور جو منکر عموم نص ہے اوسکا حکم جو مذکور
سوال مذکور ہے وہ ہی معتبر رہا اور اعتراض صاحب اس عبارت کا ابنی غایۃ
نصر المومنین کا باطل ہوگیا اور قطع نظر اس سے جو دلایل جلایل نزدیم ایتہا ابواب
شرعیہ خلاف عقیدہ اسلام جو ثابت بقرآن وحدیث اور اجماع امت ہے مندرجہ
رسالہ ہیں از اول کتاب ہذا تا آخر مذکور ہوئی لیکن وہ علاوہ برین ہین وہ موجود
ناہین پس اب تجویز اور خاتم النبیین کی سوائی خاتم النبیین صلعم کے کسی طبقہ میں بعد
رد نصوص قطعیہ ہے خلاف عقیدہ اسلام خصوص اہل سنت وجماعت کا اور ...

کلام میں مراد اہل اسلام سے اہل السنن ہیں پس یہ قول بھی منا بعبارت
نصر المومنین کا اہل اسلام کے بعض فرقہ ختم نبوت ہی کے قایل نہیں اور بعض
قایل ختم نبوت تشریعی کے ہیں نہ مطلق نبوت کے باطل ہوگیا غرض ہماری تحقیق
بل حق ہے اور باطل اہل عند اہل الہوا ہی ہے وہ شبہ اہل الخبط و نفی ہیں ناہی بحق اہل الحق فرد فعلما
ناس کل ذالک و باطل الحمد للہ علی ذالک فقط اور بعض تحقیق ہماری جو شخص اعتراضات
سے اور عبارت دافع الوسواس و من ما فقہ کے اور نیز عبارت نصر المومنین عن
رد قول الجاہلین وغیرہ سے عموما و خصوصا اور قسطاس میں جو مشتمل تحقیق مسئلہ
امتناع نظیر ہے گذری ملاحظہ کرنا چاہیے مگر کچھ مختصر یہاں بھی تحریر ہوتا ہے امتناع
نظیر کے مسئلہ کی یہ تحقیق ہے کہ امتناع بالغیر ہے اور بالغرض بالذات کیونکہ آنحضرت
صلعم خود ممتنع بالذات نہیں تو نظیر بھی اونکی ممتنع بالذات نہوا سوا اسکے کہ نظیر کسی
شے کا حکم اوسکا ہے ورنہ نظیر نظیر ہی نہیں پس ذات آنحضرت صلعم ممکن بالذات
ہے پس نظیر بھی ممکن بالذات ہے اور جو ممکن بالذات ہے تحت قدرت الٰہی جل شانہ کے
اور ممکن تحت قدرت الٰہی جل شانہ بالضرور ہے بنظر نفس امکان کیونکہ دراصل تو ممکن
بالذات ہی تھا مگر بوجہ عروض کسی خبر کے یہ اثر پیدا ہوا کہ ممتنع بالغیر ہوگیا اگر پیدا نہ
پیدا ہو تو یہ ممتنع او محال لازم آوے مثلاً ما نحن فیہ میں یا عجز حضرت حق تبارک
و تعالیٰ لازم آوے یا کذب یا دونوں اسواسطے کہ بوجہ قدرت طرف ممتنع بالذات کی
باطل ہے اور پھر اوسکی نسبت یہ کہنا کہ ہم پاس عزت فلانی اوسکو نہیں کر سکتے یا بغیر کئی
اور سبب عقلی ہے یا صفت کی نفی اور نقایص یا صفت کا احسان تعالی اللہ عن
ذالک علوا کبیرا نعوذ باللہ منہا پس واضح ہوا کہ ایسا ممکن جو کہ یعنی ممتنع بالغیر امکان
استعدادی سے ساحت قدرت میں بوجہ مذکور نہیں ظہور کرسکتا اقتدارا و اختیارا
منہ تعالیٰ نہ بہ رنگ حقیقۃ نہ بہ رنگ اضافتہ پس ہرگاہ یہ گروہ صاحبان مذکور مشت

تو انکو اثبات فعلیہ میں ہوتی تو وجود متناقض ہیں اپنے عقیدہ مذکورہ کے جو کہ امکان
استعدادی تھا جیسا کہ گذرا اور جو کہ صرف نا بالفعلیۃ ہے سلسلہ حکمنا ہے
صرف نا بالامکان الاستعدادی و القوۃ نہیں علی ہذا القیاس عکس ہو سکا یعنی جو صرف
نا بالامکان الاستعدادی و القوۃ ہی ہے سلسلہ مذکورہ سے صرف نا بالفعلیۃ نہیں
ہو سکتا الیس ھذا الا نظیر آنحضرت صلعم جو ممتنع بالغیر ہے بالحقیقۃ والاضافۃ بدلیل عموم
قولہ تعالیٰ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین بلا تخصیص الحقیقۃ والاضافۃ عقلاً و شرعاً
باطل ہے فکان القول بالخاتمیۃ الاضافیۃ کان ہباءً منثورا الحمد للہ علی ما ارانا
من الحق والصواب والیہ الرجوع والمآب۔ اور ہماری عقیدہ کی تحقیق درباره امتناع
بالغیر جو مطابق عقیدہ حضرت مولانا محمد اسماعیل شہید ہے وہ ایک قسطاس مستقل
میں موجود ہے فقط **قسطاس مفتاد و دو** ۷۲ اور منجملہ تفصیل مذکورہ جلیہ ساتوں
عبارت مذکور ہے کہ حدیث حضرت ابن عباس جسمیں ان سفقیون ہر بنا ہم
کی ہے اوس سے بھی یہ ہی مطلب جس کو یہ کفر کرتی ہیں ثابت ہوتا ہے صرف یہی
ہیں نبی کنبیکم میں تشبیہ کس بات میں ہے اوس شق کو متعین کرو جسکو تھوڑا سا
لگاؤ علم سے ہوگا سمجھ لیگا کہ مقصود اس کلام سے بیان سلسلہ کا ہے جسطرح ان
زمینوں میں آدم اول الانبیاء اور نوح اور ابراہیم اور خاتم الانبیاء ہوئی ہیں اور حقیقت
ہی اسیطرح گذرے ہیں اور جو تاویل قسطلانی نے لکھی ہے وہ محض غلط ہے
ہیں جاننا چاہیئے کہ اول تو ہمنے نسبت سند اس اثر کے چندان کلام نہیں کی اگلی
علماء نے اسمیں بہت کلام کی ہے خصوص علماء مکہ معظمہ نے حرسہا اللہ تعالیٰ
وعظمہا اوسکو سنداً و متناً صحیح و مراداً انکے وجود کر دیا منجملہ انکی جو اوس وقت عالم میں
چاروں مذہب کے چاروں مفتی از انجملہ شیخ عبد الرحمان سراج جو مسیحین مفتی
شیخ عبد اللہ سراج حنفی رحمۃ اللہ علیہ کے جو اعاظم فضلاء حرمین شریفین سے ہیں فقیر

نے سنہ ۱۲۹۶ ہجری قدسی صاحبم مین شرف زیارت مکہ معظمہ حاصل کیا ازانجا کہ استاد
فقیر حضرت مولانا الحاج شہرۂ آفاق محمد اسحاق محدث رحمۃ اللہ علیہ سے اونکی محامد و
مناقب و فضایل و کمالات ہمیشہ سنتا تہا اور باہم اونکی کمال اخلاص تہا لہذا بمزید
خصوصیت ہمراہ جناب حافظ مولوی محمد محتشم مرحوم بہلتی داماد حضرت استاد معدن
المناقب و المفاخر کی اونکی خدمت مین یعنی شیخ عبد اللہ سراج کی حاضر ہوا اونہون
نے تقریب بدین الفاظ کی کہ یہ ہمارے شیخ کے اخص تلامذہ مین سے ہین اونہون
نے فرمایا کہ ہمارے بہی اخص تلامذہ مین سے ہین مینے عرض کیا کہ مجکو سند حدیث شریف
اور اجازہ اور وجادت عنایت ہو جیسا اپنی شیخ ممدوح سے حاصل ہے فرمایا
کہ ہماری طرف سے بہی اجازت ہے ہمکو تم پر اطمینان ہے جیسی ہمارے شیخ واستاد
کو تم پر اطمینان ہے پہر فقیر مدینہ منورہ کو روانہ ہوا اونکی طبیعت علیل تہی بعد
بعد پہونچنے فقیر کے ہندوستان مین اپنی وطن مین خبر وفات شیخ عبد اللہ سراج مرحوم
آئی اور فتوی مذکور شیخ عبد الرحمان مذکور کا ہے اور باقی سب علماء کی تصدیق
ہے ازانجملہ مصدقین جناب فضیلت مآب مولوی رحمۃ اللہ صاحب ہندی مہاجر
کیرانوی ہے سلمہ اللہ تعالے وعافاہ ورزقنا لقیاہ فتوی مذکور بعبارت عربی طابع
مطبع مصری ہندوستان مین پہونچا ہی فقیر نے از اول تا آخر اوسکا بخوبی ملاحظہ کیا ہے
لہذا اوس معنی اثر مذکور مین جو بعض علماء ہندوستان نے مانند صاحب دافع الوسواس
وغیرہ بعض افاضل نے اور صاحب نصر المومنین فی رد قول الجاہلین نے کلام ہی کیا باینہمہ مختصر
بات دربارہ سند اثر مذکور یعنی اثر حضرت ابن عباس رضی یہ ہی کہ مین کہتا ہون کہ اوسکی
سند مین ابو الضحی بہی اوسی مین تابعین اونکی اور حضرت ابن عباس رضی کے بہت تفاوت
رواۃ ہے اور فاصلہ ہے پس اثر مذکور مین قطعی انقطاع ہے اتصال سند نہین
ہرگاہ اصل خبر مین انقطاع مضر ہے مانع اعتبار ہے تو اثر مین تو اوسکا اثر بطریق اولی

ہے اور عذر عدم مضرۃ شاذ و غرابتہ وغیرہ اسباب ضعف و رکاکت در باب فضائل
جنتری اور فضائل جو نزد محدثین معتبر ہے وہ در صورت اتصال سند ہے نہ بصورت
انقطاع سند باوجودیکہ ہرگونہ قابل اعتبار نہیں براہ سند مگر بنظر متن بطریق تنزل کلام
جو ملاحظہ کیا گیا تو ایسی ہی خرابی جو پیدا ہوئی تو تمامہ قسطاس اوسنے پر ہیں الحاصل
محل کلام ہے سنداً و متناً خصوص بنظر بیان مفہوم مراد عموم اعین اور اس قسم کی تحقیق
ضروری متعلق اسکی اوائل کتاب ہذا قسطاس حکیم میں مذکور ہے واللہ اعلم
قطع نظر اس سے بموجب معنی اثر مذکور کے برخلاف معنی مبین سلف مانند قسطلانی
و زرقانی وغیرہ کے جو اس عصر میں بعض فضلاء و علماء نے بیان کئے مانند عبارت
دافع الوسواس و میر واقفہ وغیرہ اور نیز بالخصوص صاحب مرغوب المسلمین نصر المومنین
فی رد قول الجاہلین نے بیان کئے ہیں اوس معنی کو جو پیش کیا جاتا ہے اور اصول
دین کے تو مخالف عظ ہوتی ہیں کتاب اللہ قطعی الدلالۃ کو یعنی عموم **قولہ تعالیٰ** ولکن رسول
اللہ و خاتم النبیین اور کریمہ لیکون للعالمین نذیرا کو چنانکہ اکثر قسطاس میں بالتفصیل
مفصل ہو چکا جس سے انجاف و انقلاع معنی مندرج عبارت دافع الوسواس و میر
واقفہ و تابعہ و عبارت مرغوب المسلمین نصر المومنین فی رد قول الجاہلین بخوبی ہو گیا
مانند مخالفت عظ حدیث لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب کے عموم کریمہ قطعی الدلالۃ فاقرؤا
ما تیسر من القرآن کو بس خود یہ حدیث متصل الاسناد قابل الاعتبار متروک ہے
چہ جائکہ اثر مذکور جو منقطع الاسناد ہے اور اثر ہے اور عموم لفظ النبیین با ہیئتہ
والمعنی سے کہ صیغۃ الجمع الدالۃ علی الشمول وضعاً و عموم المعنی ظاہر الشمول ظاہر
متحقق اور قطعی ہونا عموم نص کا ثابت ہوا پس خاتمیت خاتم النبیین عموم نص قطعی
الثبوت سے دربارہ نبوت رسالت و نبوت خاتمیت عامۃ نبیین کیونکہ مسوق لہ
الکلام بالغرض یہی مطلب ہے پس ثابت ہوا شمول خاتمیت خاتما

جمیع طبقات کو یا سہو یا اور یہ اصل دوسری یعنی اعراض آئمہ صدر اول کسو ان
اثر قتادہ کے علیہم اجمعین یعنی صحابہ کرام کا معنی مذکور سے نسبت اثر مذکور کے البتہ
عرض کر لے اس اثر کے اور یہ اصل مذکور خود دلیل ہے اور مخالفت اس معنی مذکور
کے عدم نقل مذکور کو یعنی آیۃ خاتمیت مذکورہ کو یعنی کسی نے صدر اول میں ایسے معنی پر بطور
اصلا التفات نہیں کیا کہ ظاہر ہے پس یہ دلیل بس ہے واسطے انقطاع باطنی
اثر مذکور کے اور انقطاع ظاہری کا تذکرہ بہتر عنقریب جس جگہ حال سند
ابو الضحیٰ کا مذکور ہو چکا گذرا اور بالفرض و التقدیر اتصال سند ہے ثابت ہو تب
بھی اثر مذکور قابل قبول نہیں من حیث ذالک المعنی لفساد المعنی پس یہ معنی
مرحوم زاعمین بنسبت اثر مذکور بوجہ انقطاع باطنی مذکور نامقبول ہے کو لہذا تحصیل
ہی کا ہی اور وہ معنی جو شرح بخاری قسطلانی اور زرقانی وغیرہ میں یعنی مراد اول سے اثر
خبری میں بوجہ اتصال باطنی مذکور یعنی موافق کتاب السراج اقبال صدر اول کے
کیا بلکہ تمام امت کے مقبول ہے اور خود تائید تفسیر حضرت ابن عباس منسوب بجانب
اس اثر کے جو اس حدیث قدسی مذکور فی القسطلانی سالف معنی مرحوم زاعمین بحوالہ
جلد سیار ورازاحمہ گزرے ہیں ہرگز قابل قبول نہیں جو ہو فاعن ابن عباس رضی یروی
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لما اتمم بہ النبیین جعلت کذا ابنا یکون لعدہ نبیا یعنی بموجب حدیث مذکور
لفظ ہوئے تمام انبیاء ختم ہوئی لہذا اعدام محمدیت مذکورہ کرام ابن حضرت خاتم النبیین
صلعم ظہور میں آئی قطعی لہذا اس سے کسی اور صحابی سے صدر اول میں کوئی اور
روایت بہم معنی اس اثر کے بھی تو نہیں ثابت ہوئی چنانچہ خود ارباب رسائل اسکی معترف
ہیں اور یہ ثابت بھی ہو چکا ہے بلکہ حدیث قدسی مذکور مضمحل ہے اور سند
ان مسائل اصول کی اور دلائل اصول کی نور الانوار و تلویح وغیرہ کتب اصول
کی بحث سنت میں موجود ہے چنانچہ عموم نص کا قطعی الثبوت ہونا اس اصل پر قوله

کتب مذکور سے بخوبی بطور اصول بھی ثابت ہوگیا پس بعض ہوگیا قول صاحب

انصار المومنین کا کہ عموم نص قطعی الثبوت ہے اور عبارت نور الانوار یہ ہے

اما الباطل ای الانقطاع الباطن فنوعان بان یکون الانفصال فیہ ظاہرا

بان یرجح الخلل بوجہ آخر وہو فقدان شرائط الراوی او مخالفتہ الدلیل فوقہ الکائن

بالعرض ای عرض الحدیث علی الاصول بان خالف الکتاب کحدیث لا صلوٰۃ الا

بفاتحۃ الکتاب یخالف لعموم قولہ تعالیٰ فاقرؤا ما تیسر من القرآن او اعرض عنہ

الائمۃ من الصدر الاول یعنی ان الصحابۃ اذا تکلموا فیما بینہم بالرای ولم یلتفتوا

الی الحدیث کان ذالک دلیل انقطاعہ مثل ما روی ان الصحابۃ اختلفوا فیما بینہم

فی وجوب الزکوٰۃ علی الصبی بالرای ولم یلتفتوا الی قولہ علیہ السلام ابتغوا فی

مال الیتامی خیرا کیلا یاکلہ الصدقۃ فعلم انہ غیر ثابت او کاول بتاویل ان المراد

بالصدقۃ النفقۃ علیہ کما قال نفقۃ المرء علی نفسہ صدقۃ کان مردودا منقطعا

ایضاً انتہی فقط اقول فقس علی ہذا حال الاثر المذکور المتنازع فیہ یعنی مراد بہی

سے اثر مذکور میں بادہی غیر نبی ہے مجازا او جہ مناسبت نفس اپنیہ میں مانند

مناسبت فیما بین صدقہ و نفقہ مذکور بتشارک علت شدہ احتیاج فیما بین ہر دو مصرف

یعنی احتیاج یتامی طرف متولی مربی سرپرست کے اور احتیاج فقرا طرف اغنیا

کے حالانکہ احتیاج یتامی فایق ہے بنسبت احتیاج فقرا کے کہ ظاہر ہے اور میں

کہتا ہوں گویا وجہ یہ ہی دربارہ اطلاق لفظ صدقہ اوپر نفقہ یتامی کے بسبب

تاخیر ہونے اونکی کے تصرف سی اپنی مال میں عرفاً و ہم شرعاً و ہم عقلاً کہ وہ

مانند فقیر کے ہیں اور محتاج کے بیشتر مثل اپنی کے کہ وہ مجبور ہیں تصرف سی لہذا

غرض متنازع یہ ہے کہ مربیان اور متولیان یتیمان اونکی کو خطاب ہے کہ خدا

کو مان کر اونکو اطور لگہیوں فقیروں ہی کے انکی مال میں سے زکواۃ جلد جلد

اسراف سے طور پر مت کہا اور بڑا جادو قولہ لحم ولا تاکلوھا اسرافا وبدارا ان
یکبروا یعنی مت کھاؤ مال یتامی کو زیادہ حاجت ضروری سے جلد جلد اور اس
ڈر سے کہ اختلاف صحابہ نسبت اثر مذکور نہیں پایا گیا مانند حدیث مال یتامی زکوٰۃ
کے بوجہ فرق فیما بین حدیث اور اثر کے کہ ظاہر ہے نا مقبول ہے اسواسطے کہ
منشاء اختلاف صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین جو باعث ہے التفات اور عدم
التفات اونکی کا حدیث سے نہ اثر یعنی باعث مذکور صرف اقوال ہیں مگر اونکی
نہیں سمجھنا چاہیے کہ قراءۃ قرآن اور صدقہ اور نفقہ منجملہ اعمال ہیں نہ عقاید غرض
انکا عموم نصوص سے اور اجماع صحابہ رضی اللہ عنہ سے قطعی الثبوت ثابت ہوا پس
اعمال و عقاید جو ثابت بعموم نصوص اور اجماع صحابہ ہیں ہر دو قطعی الثبوت ہیں اس سے
مزعوم زاعم کہ عموم نص مفید قطعیہ نہیں بالکل زایل ہوگیا فقط واللہ اعلم۔

خاتمۃ الکتاب

قسطاس ہفتاد و سوم خاتمۃ الکتاب۔ جاننا چاہیے کہ اس باب میں یعنی تحقق
فصل ما بین اراضی سبعہ اور تنزل ما بین اونکی اور کیفیت امر فیما بین اونکی اور عجایب
اونکی نسلے اور کرویت اونکی کے اور خود تعدد میں جو اقوال سلف وخلف مختلفہ ہیں یکسر
ہیں مگر اسقدر بالقدر مشترک متحقق ہے کہ ارض متحقق الوجود ہے ثابت بنصوص
قطعیہ قرآنیہ واخبار صحیحہ نبویہ علیہ افضل الصلوۃ والتحیہ اور آثار صحابہ سے اور
تعداد اونکی لیکن و سبعہ ثابت باخبار مشہورہ مستفیضہ جو کہ رافع ہے ابہام مستقر
کو درمیان لفظ متشابہ جو واقع آیۃ اللہ الذی خلق سبع سموات ومن الارض
مثلہن کے بطور تشریح اخبار مشہورہ مستفیضہ سے جیسا کہ اصول حدیث
اور اصول فقہ میں متقرر ہے ایں معلوم ہوا کہ منکر تعداد سبع سموات کا فر ہے

قسطاس ہفتاد و سوم

بالاتفاق جوکہ ثابت ہے نصوص قرآنی سے قولہ تعالیٰ خلق سبع سموات طباقا قولہ
تسبح له السموات السبع والارض ومن فيهن بخلاف تعداد زمین کے اسلئے کہ لفظ والارض
معطوف ہے السموات السبع پر جایز ہے معطوف علیہ کے جو شان عطف ہے اور
منکر تفسیق حدارض بھی الیسا ہی کافر بالاتفاق اور منکر تعداد زمین کا فر بالاختلاف
مانند منکر مسح موزہ کہ اوسکا بھی ثبوت احادیث مشاہیر سے ہے مانند تعداد
اراضی کے نہ متواترات سے اور ظاہر ہے کہ کافر اختلافی درصورت بقاء اسلام
اوسکی کے اشد فاسق ہے کہ جسکی کفر اور اسلام میں علماء متحیر اور متردد ہیں اور
عدم تکفیر ایسے مسئلہ اختلافی میں امر احوط ہے بموجب روایات مفتی بہا واقعہ
معتبرات کے مانند درمختار وردالمحتار وشرح غراء وغیرہ اور اختلاف فصل اور وصل
مابین ارض مانع نہیں تکثیر ارض اور تعداد اوسکی کو باعتبار اور تمیز کے مابین طبقات
کے از قسم الوان وغیرہ وسہل وسخت جیسا کہ وارد احادیث ہے قال رسول اللہ
صلعم فجاء بنو آدم الخ خواہ طبقات ملتصقہ ہوں خواہ منفصلہ مگر چونکہ اسکی تفسیر
میں روایۃ مرفوعہ ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے جامع ترمذی وغیرہ میں
اصح واعمد الباب ہے اگرچہ اوسمیں باعتبار طرق غرابۃ من وجہ ہے اور انقطاع
ہے اتصال سند نہیں اور ارسال ہے جیسا کہ امام قسطلانی نے ارشاد الساری
شرح بخاری میں لکھا مگر تاہم قول فصل ہے مابین اراضی سبعہ سلفا وخلفا متلقی بالقبول
بین العلماء الفحول ہے اگرچہ بعض متکلمین سے اسکی برخلاف قول ہے کہ اراضی
باورہ ملتصقہ ہیں وعن بعض المتکلمین ان المثلیۃ فی العدد خاصۃ وان السبع
متجاوزۃ ۱۲ من قسطلانی ۱۲ اور جسنے حمل کیا عدد سبعہ کو اوپر اقالیم سبعہ کے وہ نامسند
ہے قال ابن کثیر ومن حمل ذلک علی سبع اقالیم فقد ابعد النجعۃ واغرق فی النزع وخالف القرآن
قسطلانی ۱۲ یعنی وہ دور چلا گیا چراگاہ میں نجعۃ ایک قسم ہے گھاس کی ادخر

جانور جباری کہاتا ہے اوس جانور کو فارس میں تغدری کہتی ہیں چنانچہ مشکوۃ شریف
میں حدیث ہے حتی تموت الحباری فی وکرہا درباره قحط سالی بسبب شامت ظلم ظالم
جانور مذکور اکثر کوہستان میں دور دور از رہتا ہے یہ تشبیہ ہے غلطی سے یاطلب
سے دور جا پڑنے میں اور قول ابن عساکر اور الوذر تفسیر میں اس آیۃ کی یہ ہے
دقیہ دلالۃ علی ان لبعضها فوق لبعض کالسموات موافق ہے مضمون روایۃ مذکورہ
ترمذی کو کہ جسمیں لفظ اندرون ما تحتها فلنا اللہ ورسولہ اعلم قال ارض اخری مذکور ہے
لیس لبعضها فوق لبعض تا یتہ ہے کہ ظاہر ہے اور وہ روایۃ ترمذی مذکور ہے عن ابی ہریرۃ
رضی اللہ عنہ قال بینما نحن عند رسول اللہ صلعم اذ مرت سحابۃ فقال اتدرون ما هذه
فلنا اللہ ورسولہ اعلم قال ہذه روایا الارض یعنی مشکیزه زمین کے تمام ال ان
تدرون ما بینکم وبینها خمسمائۃ سنۃ الی آخره حدیث طویل ہے مگر جسقدر متعلق
مطلب ہے نقل کی گئی مگر مخالف ہے قول ابن عباس رض کو صریح جیسا کہ حاشیہ
جمل میں ہے حکی الکلبی عن ابی صالح وعن بن عباس رض انہا سبع ارضین مبسطۃ
لیس لبعضها الفرق بینها البحار وتظل جمیعها السماء ۱۲ اور اس ہی کے قریب قریب
ساتھ تغییر یسیر کے ہے تفسیر روح البیان میں جو تالیف ہے شیخ کامل اسماعیل
حقی افندی کی آفندی کہتی ہیں زبان مصر میں بڑے عالم کو مانند خلیفی کے شہر کی زبان
میں وحکی الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس رض انہا سبع ارضین متفرقۃ بالبحار یعنی
الحائل بین کل ارض وارض بحار لا یمکن قطعها ولا الوصول الی الارض الاخری ولا وصل
الدعوۃ الیهم وتظل الجمیع السماء فقط اس فقره تظل الجمیع السماء سے مفہوم ہوتا ہے مطلب
انبساط ارض سبعہ کا اور ہونا لبعض کا فوق لبعض لیس لظاہر منفاصلا کا جانب علو
ارتفاع مستوی مستقیم بطور اسطوانۃ قائمۃ عادلہ یعنی ستون سیدھا جو واقع ہو ملین سماء متنہ
الاعضی میں نہیں سمجھا جاتا ہا بلکہ ارتفاع مائل بطور اسطوانہ مائلہ یعنی ستون جھکا ہوا کہ

التطبیق حاصل ہو جاتی ہے اس روایت کے اور قول بعض کے جو یہ ہے و نہم من یری
ان الارض مسطح علی الانخفاض والارتفاع کدرج المراقی من تفسیر روح البیان
یعنی بانند درجہ زینوں کے یعنی سیڑھیوں کے شکل یکذا  بلندی
اور پستی کو بھی یہ شکل حاوی ہے انبساط اور ارتفاع کو اور یا یہ شکل ہو سکتی ہے
موافق تحقیق اہل حدیث شریف علما محققین کے در بارہ وارد ہونے
حدیث شریف کے بمقدمہ اوسط ہونے اور نیز اعلی ہونے 
جنت الفردوس کے اور اوپر اوسکی اور سب جنتوں کے لحاظ حیثیت
کے عرش الرحمان ہے یعنی تطبیق لفظ اوسط اور اعلی میں یہ ہے کہ ایک شی اوسط
بھی ہو اور اعلی بھی تو بدین شکل مذکور ہو سکتی ہے کہ وہ دایرہ متضمن یعنی
اسطوانہ مدور یعنی ستون گول جو درمیان دوایرستہ کے واقع ہے وہ سب دوایر
محیط اپنی سے مرتفع بلند ہوا اور دایرہ ششمی جو متصل اوسکی ہے وہ اس سے
کوچک ہو علی ہذا القیاس تا دایرہ متضمن جو حاوی اور محیط ہے سب دوایر اساطین بجہتہ
محاطہ اپنی کو یعنی ہر دایرہ محیط وہ ہر دایرہ محاطہ اپنی سے کوچک ہو جو شکل مدرج ہے تا فہم
لغایۃ الفہم تو وہ دایرہ جو سب سے بلند تر ہے اور سب کے درمیان میں ہے اوسپر
بدین اعتبار صادق آتا ہے معا اوسط بھی ہونا اور اعلی بھی ہونا پس اگر دایرہ متضمن
حاوی اور سافل ہے جو سب سے کوچک تر ہے پڑھنا شروع کیا جاوے تا دایرہ
بلند تر تک جو درمیان سب دوایر کے ہے تو جس نقطہ سے عروج و شروع کیا جاوے
وہی شکل مدرج پیدا ہو جاتی ہے یعنی ارتفاع و انخفاض دوایر مذکورہ محیط مستقیم جو
بین مسامتۃ الراس پر حاوی نہیں حاصل ہوتا بلکہ بطور خط شاخص کے جو اسطوانہ
بلہ کے طور پر ہوتا ہے وہ پیدا ہوتا ہے بطور تحت و فوق مجازی کے مثل القائم تحت
بارہ کے اخر سنی یعنی اپنی استاذ الاستاذ و الآفاق حضرت مولانا محمد اسحاق محدث

اللہ

السطو
ملاؤ

القائم

دہلوی قدس سرہ سے دربارہ تفسیر اس حدیث شریف اعلاہا جنۃ الفردوس کے
فایعفہا طلاب الحدیث الشریف مگر جو کا بروایۃ انبساط الافلاح روایات شاہیہ کے خلاف ہے اور نیز
خلاف تصریحات صحابہ ہے مانند مفہوم حدیث شریف مذکور ترمذی وغیرہ پس قابل
لحاظ نہین قطع نظر اس سے استحالہ عقلی بھی پیدا ہوتی ہین اب ذکر اونکا فضول ہے
باقی رہی تحقیق قول لا تصل الدعوۃ الیہم کی سو جاننا چاہیے کہ معنی اسکی یہ ہین کہ
ہر وقت لطور متعارف وصول دعوت نہین مگر بعض اوقات مین مانند دعوت جنات
طبقہ ارض علیا جنات ارض نصیبین کے جو حاضر ہوے لطن نخلہ مین کہ وہ ایک موضع
ہے مابین مکہ معظمہ اور طائف کے کقولہ تعالیٰ واذ صرفنا الیک نفرا من الجن یستمعون القرآن
فلما حضروہ قالوا انصتوا فلما قضی ولوا الی قومہم منذرین علی ہذا القیاس حاضری جنات لیلۃ
